روداد

کل ہند کانفرنس قانون

اجلاس اول

حیدرآباد - دکن

سنہ ۱۹۴۴ م

نظام ساور جوبلی پریس

۶ - ۱۹۴۵ف / ۵ - ۱۳۶۳

پتہ :- دفتر کل ہند کانفرنس قانون
بزم قانون جامعۂ عثمانیہ
حیدرآباد دکن

فہرست مضامین

حصۂ اوّل

مضمون		صفحہ
۱- خطبۂ استقبالیہ۔	نواب عالم یار جنگ بہادر	۱
۲- خطبۂ افتتاحیہ و پیام شاہانہ۔	نواب سعید الملک بہادر	۵
۳- خطبۂ صدارت۔	سر عبد القادر	۱۱
۴- قرار داد عقیدت بحضور شاہانہ۔	کانفرنس	۲۴
۵- خطبہ۔	سر موریس گایر	۲۵
۶- خطبۂ صدارت۔	نواب میر اکبر علی خاں	۴۱
۷- تقریر	سر تیج بہادر سپرو	۴۷
۸- عدل گستری کے بنیادی اصولوں کا ارتقاء	مولوی محمد غوث	۵۱
- اسلامی قانون اور مملکت حیدر آباد	جسٹس میر باسط علی خاں	۷۷
- کوٹلیا کی ارتھ شاستر میں وزیر اعظم کے فرائض۔	پنڈت گنڈے راؤ	۱۰۱
- بلدی قوانین حیدر آباد کا ارتقا۔	مولوی محمد فاروق	۱۲۱
- ہندو قانون کی ماہیت۔	مولوی شیخ حیدر	۱۳۷
۱- رسم و رواج اور قانون۔	مولوی محمود عبد القدیر	۱۴۵
۱- نظام قانون میں فقہا کا مقام۔	ڈاکٹر میر سیادت علی خاں	۱۵۱

حصۂ دوم

مضمون		صفحہ
۱۵- روئداد کانفرنس۔	معتمد مقامی	۱۶۹
۱۶- اساسی قواعد و ضوابط کانفرنس۔	"	۱۷۷
۱۷- مجالس منتخب شدہ۔	"	۱۷۹
۱۸- قرار دادہائے منظورۂ کانفرنس۔	"	۱۸۰
۱۹- مجالس ذیلی	"	۱۸۳

حصۂ سوم

مضمون		صفحہ
۲۰- نمائش قانون۔	معتمد مقامی	۱۸۵

حصۂ چہارم

انگریزی — ۱۹۲ کے بعد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خطبۂ استقبالیہ کا اردو ترجمہ

(از آنریبل نواب عالم یار جنگ بہادر صدر المہام عدالت و امور مذہبی صدر مجلس استقبالیہ کل ہند کانفرنس قانون)

یور اکسلنسی - جناب صدر - اراکین کانفرنس و حضرات!

یہ امر میرے لئے باعثِ مسرت ہے کہ میں جامعۂ عثمانیہ کی جانب سے کل ہند قانون کانفرنس کے اراکین کا خیر مقدم کروں - میں نواب سر احمد سعید خاں کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس کانفرنس کا افتتاح کرنے پر آمادگی ظاہر فرمائی اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کا دلی خیر مقدم کر کے میں آپ کے جذبات کی بھی ترجمانی کر رہا ہوں -

قانون پیشہ افراد نے امور عامہ میں جو نمایاں حصہ لیا ہے، اس سے قطع نظر کرتے ہوئے بھی اسے بجائے خود اتنی اہمیت حاصل ہے کہ اب تک کل ہند اساس پر کسی کانفرنس کے منعقد کرنے کی کوشش نہ ہونا حیرت انگیز ہے - گزشتہ چار پانچ سال کے دوران میں برطانوی ہند میں اساتذۂ قانون یا وکلاء کی کانفرنسیں منعقد کرنے کی کوششیں کی گئیں ۔ ۱۹۲۹ء کے اوائل میں ہماری جامعہ کی بزم قانون نے معمولی پیمانے پر ایک مقامی قانون کانفرنس کے انعقاد کا ارادہ کیا تھا اور اس کا یہ مقصد تھا کہ اسے بہ تدریج ترقی دے کر ایک کل ہند ادارے کی حیثیت دیدی جائے چنانچہ پروگرام کی تفصیلیں تک طے ہو گئی تھیں لیکن یہ خیال اب تک عملی جامہ نہ پہن سکا -

ہم تاریخ عالم کے ایک نہایت نازک دور سے گزر رہے ہیں اور قانونی پیشے سے تعلق رکھنے والے اشخاص مختلف طریقوں سے اس میں جو حصہ لے چکے ہیں [illegible] بالکل

درست ہے کہ آیندہ کے لئے ایک بہتر عالمی نظام کی تشکیل میں بھی وہ معقول حصہ لیں۔ اس کانفرنس کے انعقاد کا مقصد یہ ہے کہ مقننہ، درسگاہ، عدالت اور وکلاء سب کے لئے متحدہ اور جداگانہ کوششوں کے یکساں مواقع فراہم کئے جائیں چنانچہ یہ سب جس قدر زیادہ مواقع پر مجتمع ہوسکینگے اتنا ہی سب کے حق میں مفید ثابت ہوگا۔

سرزمین دکن بڑے بڑے قانون دانوں اور مقننوں کا گہوارہ رہی ہے اور ہندو دور، مُسلم دور اور جدید دور ہر عہد میں اس کی یہ خصوصیت کم رہی ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں صرف متاکشرا اور تاتارخانیہ کے مصنفوں کا میں نام لینا ہی کافی سمجھتا ہوں۔ ہمیں اس اعتبار سے بھی تمام ہندوستان پر فوقیت حاصل ہے کہ حکومت سرکار عالی نے ادنیٰ ترین عدالتوں سے لے کر اعلیٰ ترین عدالتوں تک عدلیہ کو عاملہ سے بالکل علیحدہ کر دیا ہے۔ ہماری جامعہ میں قانون کے مطالعے کی پوری طرح حوصلہ افزائی کی جاتی ہے اور ہندوستان کی اہم ترین زبان میں قانونی لٹریچر فراہم کیا جا رہا ہے جو قانون کے مطالعے کو عام کرنے کی جدوجہد میں بُنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ دائرۃ المعارف کی جانب سے قانونی کتابوں کے قدیم اور نادر قلمی نسخے شائع کئے جا رہے ہیں جنہیں تمام دُنیا کے مستشرقین نے قابل قدر تسلیم کیا ہے۔ اور مجلس احیاء المعارف النعمانیہ نے بھی اس اعتبار سے کافی شہرت حاصل کر لی ہے کہ وہ مسلمان ماہرین قانون کی ایسی کمیاب کتابیں جمع اور ایڈٹ کر رہی ہے جو ایک مدت سے تمام دُنیا میں نایاب خیال کی جاتی تھیں۔

یہ کانفرنس اس اعتبار سے بہت خوش قسمت ہے کہ اسے ابتدا ہی سے پشاور، لاہور، بغداد الجدید، کراچی، بمبئی، دہلی، الہ آباد، پٹنہ، کلکتہ، ڈھاکہ، ناگپور، مدراس اور ٹریونڈرم کے ممتاز قانون دانوں کی تائید حاصل رہی اور سر موریس گایر، سر سی پی راماسوامی ایر، سر عبدالقادر اور سر تیج بہادر سپرو جیسے سر برآوردہ اصحاب ازراہ عنایت اس میں حصہ لے رہے ہیں۔ اور ان کے علاوہ ایسے اشخاص بھی کثیر تعداد میں ہیں جنہوں نے اس کانفرنس کے انعقاد کے خیال کو پسند کیا اور ہر طرح سے حوصلہ افزائی فرمائی۔ اہم غیر متوقعہ مصروفیات کی بنا پر بعض حضرات اس کانفرنس میں

شریک نہیں ہوسکے ہیں چنانچہ ہمیں سر موریس گایر اور سر سی پی راما سوامی ایر کی عدم شرکت کا خاص طور پر افسوس ہے۔ سر موریس گایر تو اس کانفرنس میں افتتاحی تقریر بھی فرمانے والے تھے لیکن علالت کی وجہ سے مجبور ہو گئے۔ تاہم ان کا خطبہ ہمارے پاس آگیا ہے جسے کچھ دیر کے بعد آپ سُننے کی مسرّت حاصل کرینگے۔ سر سی پی راما سوامی ایر نے بھی اپنا نشست واری خطبہ روانہ کیا ہے جو آج سہ پہر کی نشست میں سُنایا جائیگا۔ سر عبدالقادر کی ذات میں کشش اور جاذبیت اور قانونی قابلیت مسلمہ ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ ان کی صدارت میں یہ کانفرنس ایسے نتائج پر پہنچ سکیگی جو اس پیشے کے حق میں بہت مفید ثابت ہونگے۔

میں آپ سب کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مملکت آصفیہ اور تمام ہندوستان کے دور دراز مقامات سے تشریف لانے کی زحمت گوارا فرمائی۔ جنگ کے پیدا کردہ مشکلات کی وجہ سے لازمی طور پر بہت سی خامیاں رہ گئی ہیں اور اگر آپ کو بہ دوران قیام کچھ تکلیف ہو تو مجھے یقین ہے کہ آپ ہمیں معاف فرمائینگے۔ ہم آپ سب کا تہ دل سے خیر مقدم کرتے ہیں۔ اس کانفرنس نے کئی دوستوں کو یکجا کر دیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس کی کارروائیوں میں حصہ لینے کی وجہ سے بھی باہم ایسی دوستی پیدا ہو جائیگی جو ہمیشہ برقرار رہے گی۔

میں اب آپ کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا اور نواب سر احمد سعید خاں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس کانفرنس کا افتتاح فرمائیں جس کی سرپرستی اعلیٰ حضرت بندگان عالی نے بمراحم خسروانہ قبول فرمائی ہے۔ خدا ہمارے شاہ ذی جاہ کی عمر و اقبال میں ترقی دے۔ آمین۔

خطبۂ افتتاحیہ

از ہز اکسلنسی نواب ڈاکٹر سر احمد سعید خاں سعید الملک بہادر
امیر جامعہ عثمانیہ و صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی

سب سے پہلے میں اعلیحضرت بندگانعالی کا

وہ پیام سنانے کی عزت حاصل کرتا ہوں جو

شاہ ذیجاہ نے بمراحم خسروانہ اس موقع کیلئے

مرحمت فرمایا ہے۔ آئیے ہم سب کھڑے ہو کر

پیام ہمایونی کو سُننے کی سعادت حاصل کریں:۔

"میں کل ہند قانونی کانفرنس کے پہلے جلسہ کو پیغام تہنیت بھیجتا ہوں۔ میری مملکت میں عاملہ عدلیہ سے بالکل علیحدہ ہے اور یہ میری حکومت کے نظم ونسق کی ایک بنیادی خصوصیت ہے۔ عدالت العالیہ کو میرے ایک منشور کے تحت جو وقعت اور خودمختاری عطا ہوئی ہے اسکی بنا پر اس نے ممالک محروسہ کی اعلیٰ ترین عدالت کی حیثیت حاصل کرلی ہے۔ جامعہ عثمانیہ میں قانون کے درس وتدریس کے لئے ایک خاص شعبہ قائم کردیا گیا ہے جو نہ صرف محکمہ عدالت بلکہ طبقہ وکلاء کیلئے بھی موزوں افراد فراہم کر رہا ہے اور عدالتی حکام و وکلاء کے درمیان خوشگوار تعلقات ہمیشہ قایم رہے ہیں۔

"عدالتی نظم ونسق اور مطالعۂ قانون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ قانون کا راج قائم کیا جائے جو کہ لازمی طور پر ہر ایک نظم ونسق کی اساس ہوا کرتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قانون اور اس کے مختلف پہلوؤں کے مطالعہ کو فروغ دینے اور تبادلہ خیالات کا ذریعہ بننے کے اعتبار سے یہ کانفرنس نہ صرف قانونی تعلیم کو مقبول بنانے بلکہ کسی قوم کی زندگی میں اسکی اہمیت کا پورا احساس پیدا کرنے میں بھی کامیاب ہوگی"۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ پیغام نہایت فیض آفرین ہے اور ہمیں چاہیئے کہ ہم اس کانفرنس کی جانب سے اس رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا صدق دل سے اعتراف کریں جو ہمارے سرپرست نے اس پیغام کے ذریعہ فرمائی ہے۔ ہمارا یہ بھی فرض ہے کہ ہم بارگاہ رب العزت میں اپنے شاہ ذیجاہ کی عمر و اقبال میں ترقی کے لئے دست بدعا رہیں۔

صدر صاحب مجلس استقبالیہ نے میرا جو گرم جوشانہ خیر مقدم فرمایا ہے اس کے لئے میں ان کا شکر گذار ہوں۔ آپکے اس اجتماع میں شرکت میرے لئے موجب مسرت ہے۔ کل ہند پیمانہ پر قانونی کانفرنس کے انعقاد کا تصور نہایت قابل قدر ہے اور اس کانفرنس کے لئے اس مقام کا انتخاب بھی بہت موزوں ہے کیونکہ یہاں عاملہ اور عدلیہ میں کامل علٰحدگی کی وجہ سے عدالت کو اس کا حقیقی مرتبہ حاصل ہو گیا ہے۔

"قانون کا ایک متحرک تصور ہونا ضروری ہے"

آپ حضرات قانونی پیشہ سے متعلق ہیں اور خواہ آپ کا تعلق عدالت سے ہو یا طبقۂ وکلاء سے یا آپ کسی درسگاہ میں قانون کی تدریس یا مطالعہ میں مصروف ہوں آپ اس مضمون کی اہمیت یا ایسے پیشہ کی ناگزیر نوعیت کی صراحت کے محتاج نہیں جو ایک منظم معاشرے میں افراد یا جماعتوں کے طرز عمل کا تعین کرنے والے انسانی حقوق و فرائض کے کسی تحریری ضابطہ کا نفاذ یا تاویل کرتا ہو۔ تاہم ایک عامی یا شہری یا نظم و نسق کا کچھ تجربہ رکھنے والے کی حیثیت سے میرا خیال ہے کہ قانون کا اہم ترین فرض یہ ہے کہ وہ افراد اور معاشرے کو مربوط رکھے ان کے باہمی تعلقات کی صراحت اور تعین کرے اور انہیں برقرار رکھے اور سب سے زیادہ یہ کہ وہ مختلف زمانوں کی مختلف ضروریات ملحوظ رکھے اور ان میں جو تبدیلیاں واقع ہوں انہیں منعکس کرتا رہے۔ یعنی قانون ساکن نہیں ہوتا۔ اور اگر اسے کسی معاشرے کی تنظیم کا موثر ذریعہ بنانا مقصود ہو تو اس کا ایک متحرک تصور ہونا ضروری ہے۔ اگر قانون کے نفاذ و تاویل میں اس تصور کو ملحوظ رکھا جائے اور اسی خیال کے مطابق قانون بنایا

جائے تو وہ معاشرتی ترقی کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔

ہم آہنگی پیدا کرنے میں قانون کا حصہ

ایک عام غلط فہمی یہ ہے کہ قانون بھی ایک قسم کی عبارت پرستی ہے جو الفاظ کے الٹ پھیر پر منحصر ہے یا ایک ایسا راز ہے جسے صرف وہی طبقہ سمجھ سکتا ہے جو اس خاص مقصد کے لئے وجود میں آیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اگر خود قانون سازی غلطی پر نہ ہوں تو قانون بھی عام شعور پر اتنا ہی مبنی ہوتا ہے جتنا کہ کوئی اور موضوع بشرطیکہ فنی اصول سے ضروری واقفیت ہو جو کہ دوسرے تمام پیشوں کے لئے بھی ضروری ہے۔ چنانچہ میرا یہ خیال ہے کہ قانونی تربیت عام شعور کو زیادہ بیدار کر دیتی ہے اور انسانوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے یہ بیش بہا سبق دیتی ہے کہ کسی مسئلہ کے ایک سے زیادہ پہلو ہو سکتے ہیں۔ اور ہر پہلو میں محض مباحثی نکات سے زیادہ اہم چیزیں بھی مضمر ہوتی ہیں۔ میں اس ذہنی تربیت کو قانونی پیشہ سے تعلق رکھنے والے اشخاص کی سرگرمیوں کا تعمیری جزء سمجھتا ہوں جو صرف اسی پیشہ تک محدود نہیں رہتیں بلکہ ان کا دائرہ عمل وسیع تر ہوتا ہے اور ان میں سیاسی یا معاشری یا قومی زندگی کی تشکیل کرنے والی دوسری سرگرمیاں داخل ہوتی ہیں۔ اس اعتبار سے ہندوستان خاص طور پر اپنی ترقیات کے لئے وکلاء کی جد و جہد کا مرہون منت ہے۔ خود ہماری مملکت میں بھی وکلاء ہمارے روشن خیال طبقہ کا ایسا حصہ ہیں جن پر یہاں کی قومی زندگی مفاد عامہ کی خدمت کیلئے روز افزوں اعتماد کر سکتی ہے۔

آزاد اور غیر جانب دار

حضرت بندگان اقدس نے قانون کے اقتدار کے تصور پر بجا طور سے زور دیا ہے جو حکومت اور مطالعہ قانون دونوں کی اساس ہے اور لازمی طور پر ہر ایک نظم و نسق کی بنیاد ہوا کرتا ہے۔ ایک ایسا تصور جو ہر ایک فرد اور جماعت کے حقوق و فرائض کا اس طرح تعین کرے کہ گویا وہ ایک آزاد اور غیر جانب دار عادل ہے جو کسی شخص کو اپنے اقتدار اور دائرۂ عمل سے مستثنیٰ نہیں کرتا خواہ اس کا تعلق کسی طبقہ یا فرقہ سے کیوں نہ ہو یقیناً ایک ایسا شاندار تصور ہے جسے حاکم اور محکوم ہر دو کو

ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ حکام عدالت اور وکلاء دونوں پر یہ فرض عاید ہوتا ہے کہ وہ اس تصور کو قائم رکھنے میں اشتراک عمل کریں اور ملک کے مختلف جامعات و کلیات میں جو لوگ قانون کی تعلیم دیتے ہیں ان پر بھی یہ واجب ہے کہ وہ اس تصور کی اہمیت کو زیادہ سے زیادہ محسوس کریں۔ جامعہ عثمانیہ نے قانونی مطالعہ کے ضمن میں بہت کچھ کام انجام دیا ہے لیکن ابھی اس سے بھی زیادہ کام کرنا باقی ہے اور مجھے یقین ہے کہ جامعہ کے ارباب اقتدار ایک ایسے علمی شعبہ پر زیادہ سے زیادہ توجہ کریں گے جس کا عوام کی فلاح و بہبود سے قریبی تعلق ہے۔

میں نہایت مسرّت کے ساتھ اس کانفرنس کا افتتاح کرتا ہوں اور اس کے مباحث کی کامیابی کا متمنی ہوں۔

خطبہ صدارت

از آنریبل سر عبدالقادر چیف جسٹس بغداد الجدید

صدر عمومی کُل ہند کانفرنس قانون اجلاس حیدرآباد

میں اس پر پُرخلوص طور سے شکرگزار ہوں کہ کل ہند کانفرنس قانون نے مجھے اس کانفرنس کی صدارت کے لئے مدعو کرکے میری عزت افزائی کی ہے لیکن مجھے عمیق رنج کا اظہار کرنا پڑتا ہے کہ ایک افسوس ناک سبب نے سر موریس گائر جیسے ممتاز قائد پیشۂ قانون کو آج کے اہم موقع پر ہمارے ساتھ موجود ہونے سے روک دیا ہے اور یہ ان کی علالت ہے۔ وہ اس غرض کے لئے آرہے تھے کہ اس کانفرنس کی کارروائیوں کا افتتاح کریں اور ہمیں اس بات میں مدد دیں کہ اپنے کام کو صحیح راستہ پر شروع کریں۔ ان کی عاجلانہ صحت یابی کے لئے ہم دست بدعا ہیں۔ وہ ان چند منتخب لوگوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے اپنے پیشے کو (جس سے اس کانفرنس میں شریک ہونے والوں کی اکثریت تعلق رکھتی ہے) چار چاند لگا دیے۔ سر موریس نے قیام ہندوستان کے دوران میں نہ صرف وفاقی عدالت کی بنیادیں رکھیں بلکہ انہوں نے اس ملک میں اعلیٰ تعلیم کی ترقی سے بھی گہری دلچسپی لی ہے۔ ہندوستان کے کسی اور ادارے کے مقابلہ میں یہاں کی جامعات میں ان کے لئے بہت زیادہ کشش رہی ہے۔ جامعہ دہلی نے ان کی مشفقانہ نگرانی اور رہنمائی میں تیز ترقی کی ہے۔ مجھے شوق سے اس کا انتظار تھا کہ جو کام آپ نے اپنے آگے رکھا ہے اس میں آپ کے لئے برکات ایزدی حاصل ہونے میں ان کے ساتھ میں بھی شریک دُعا رہوں لیکن میں آپ سب کے ساتھ اس مایوسی میں حصہ دار ہوں کہ ناگزیر وجہ سے آج وہ یہاں موجود نہیں ہیں لیکن ہمیں ان کے مشورے تحریراً حاصل رہینگے اور ہمیں توقع ہے کہ

ان کا خطبہ وصول ہوگا جس سے ہمیں ان کی نیک تمناؤں اور ان کی تائید کا یقین حاصل ہوتا ہے۔

مجھے خوف ہے کہ آپ نے مجھے صدارت کے لئے مدعو کرنے میں ایک ایسے شخص کا انتخاب کیا ہے جس نے وکیل اور حاکم عدالت کی حیثیت سے نسبتہً منکسر الحال خدمات انجام دیے ہیں۔ آپ کو یہ توقع نہیں رکھنی چاہیئے کہ کوئی عالمانہ خطبۂ صدارت حاصل ہوگا۔ میں صرف چند الفاظ میں یہ ظاہر کرونگا کہ اس کانفرنس کے متعلق میرے کیا احساسات ہیں۔ کانفرنس نے اولاً مجھ کو جو دعوت دی وہ یہ تھی کہ کانفرنس کی نشستوں میں سے ایک کی صدارت کروں۔ میں نے اس سے خیال کیا تھا کہ مختلف شعبہ ہائے قانون کے متعلق نہایت قابل افراد کی طرف سے لکھے ہوئے مقالوں کو سُننے کا موقع ملے گا۔ اور میں یہ خواب دیکھ رہا تھا کہ کرسئی صدارت میں آرام سے گزرے گی۔ لیکن اسی اثنا میں آپ کی دوسری دعوت تار کے ذریعے سے پہنچ کر میری اس توقع کو پامال کر دینے کا باعث بنی۔ میں نے خیال کیا کہ اس کانفرنس کی خدمت ایک فریضہ ہے، اس لئے انکار کرنا نامناسب ہوگا۔ بنا برآں میں یہاں حاضر ہوں۔

میں سب سے پہلے بانیان کانفرنس کو ان کی اس کوشش پر مبارک باد دینا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے مختلف حصوں سے ارکان پیشۂ قانون کو اس غرض کے لئے جمع کیا جائے کہ اس شریف پیشے کو استحکام حاصل ہو اور مختلف مرکزہائے علم میں قانون کی جو تعلیم ہو رہی ہے اس میں ہم آہنگی و ربط پیدا کیا جائے نیز مختلف شعبوں میں تحقیقاتی جذبے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ یہ امر قابل مسرت ہے کہ اس کا اقدام حیدرآباد کی طرف سے ہوا ہے۔ ہماری کانفرنس اپنی نوعیت کی پہلی نہیں ہے جو یہاں منعقد ہو رہی ہو۔ ہندوستان کی سب سے بڑی ریاست کے اس خوبصورت پائے تخت میں حال میں جامعات ہند کی کانفرنس بھی ہوئی۔ اس نے سائنس، تاریخ اور فلسفے کی کانفرنسوں اور کانگرسیوں کو بھی مدعو کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ

یہ کارکردگیاں نیز دیگر اصلاحات حیدرآباد کو اس بات کا مستحق بنا دیتی ہیں کہ اسے ہندوستان کی سب سے زیادہ ترقی پسند ریاستوں میں سے ایک تصور کیا جائے۔ ہندوستان کی سب سے زیادہ وسیع طور پر بولی جانے والی زبان کو جامعۂ عثمانیہ میں ذریعۂ تعلیم بناکر ملک کے دیگر حصوں کی جو رہنمائی کی گئی ہے اس سے ثابت ہوچکا ہے کہ ہمارے مادر وطن کی بہبودی پر اثر انداز ہونے والے مسائل میں حیدرآباد کا نقطۂ نظر دور اندیشی اور عقلمندی کے خصوصی اوصاف سے متصف ہے۔

آپ اہل حیدرآباد خوش قسمت ہیں کہ ہر مفید مقصد کے لئے آپ کو اپنی حکومت سے مدد ملنی ممکن ہوتی ہے جو ہر اچھے کام سے ہمدردی دکھانے آمادہ ہوجاتی ہے۔ حیدرآباد کے حکمران طویل عرصے سے علم و ادب کی سرپرستی کے لئے شہرت رکھتے آئے ہیں اور آپ اپنے موجودہ محترم فرمانروا جلالت مآب حضور نظام کی ذات میں ایک ایسا محسن رکھتے ہیں جس نے علم کی خاطر فیاضانہ عطایا سے سُلطان العلوم کا لقب حاصل کرلیا ہے جو ان پر خوب پھبتا ہے۔ حیدرآباد کو اس بات کی بھی خوش نصیبی حاصل رہی ہے کہ یہاں سالار جنگ اول کے وقت سے مسلسل دانش و ثقافت کے حامل وزرائے اعظم ہوتے رہے ہیں۔ یہاں کے مدبرین اعظم میں سے تازہ ترین مہاراجہ سر کشن پرشاد آنجہانی اور رائٹ آنریبل سر اکبر حیدری کا نام لیا جاسکتا ہے۔ آپ کے موجودہ صدر اعظم ہز اکسلنسی نواب کرنل سر محمد احمد سعید خاں، نواب چھتاری وہ فرد ہیں جنہوں نے برطانوی ہند میں تدبیر سیاست کے سلسلے میں خراج تحسین حاصل کیا تھا اور اب حیدرآباد کی کشتیٔ نظم و نسق کے سُکان کے حامل ہونے سے سرفراز ہیں۔ انہوں نے اپنے ممتاز پیش روؤں کے روایات کو کامیابی سے جاری رکھا ہے اور ہر اچھے مقصد میں مدد دینے کے لئے مستعد ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کی سرپرستی میں پہلی کل ہند کانفرنس قانون وجود میں آئی ہے اور اس کے مستقبل اور استحکام کے متعلق یہ نیک فال ہے۔ یہ واقعہ قابلِ ذکر ہے کہ برطانوی صوبوں کی

حکومت ہی کی طرح ہندوستانی ریاستوں میں بھی عدالتی نظم ونسق کو بلند معیار پر برقرار رکھنے سے عظیم دلچسپی ہے کیونکہ رعایا کا اطمینان کسی اور عامل کے مقابلے میں سب سے زیادہ اسی پر مبنی ہے۔ یہ کانفرنس اپنے ذمے اس کام کو لے سکتی ہے کہ ہندوستان کی بڑی ریاستوں کی عدالت ہائے عالیہ کے اچھے فیصلوں کا انتخاب شائع کیا جائے۔ جہاں تک حیدرآباد کا تعلق ہے، اس کے ہاں کے فیصلوں کا انگریزی ترجمہ کرانا ہوگا اور کوئی وجہ نہیں کہ ہندوستان کے عدالت ساز" قانون کے ذخیرے میں آپ کی عدالت العالیہ کے فیصلوں سے کوئی اچھا اضافہ نہ ہو۔ آپ کی نمائش میں مولوی میر باسط علی خاں نے ایک نفیس نقشہ تیار کر دکھایا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جلالت مآب حضرت آصف سابع کے دور میں عدالتی نظم و نسق نے کتنی عظیم ترقی نہ کی ہے۔ اس دور پر آپ سب کا فخر کرنا ہر طرح بجا ہے۔ میں آج کل شمالی ہند میں بغداد الجدید میں کارگزار ہوں اور اعلیحضرت فرمانروائے بہاولپور کی حکومت کو بھی میں نے عدالتی نظم ونسق کی اصلاح و ترقی کا ویسا ہی شائق پایا جیسا کہ کسی اور حکومت کو۔

آج جو مجمع یہاں جمع ہے وہ زیادہ تر ایسے افراد پر مشتمل ہے جنہوں نے اپنی زندگیاں قانون کے مطالعے یا اس کی پریکٹس کے لئے وقف کر دی ہیں۔ اس لئے مجھے ان کے سامنے شاید ہی اس بات پر زور دینے کی ضرورت ہے کہ قانون کا مطالعہ بحیثیت ایک موضوع کے کس قدر اہمیت رکھتا ہے یا کسی ملک کے امن و مرفہ الحالی میں اس کی کتنی عظیم قدر و قیمت ہے۔ صرف یہ کہنا کافی ہے کہ متمدن بنی نوع انسان کی تاریخ کے آغاز ہی سے آدمی کا علوم و فنون میں ترقی کرنا اور مملکت کے نظم ونسق کو بہتر بنانا اسی امر پر مبنی رہے ہیں کہ قانون پایا جاتا ہو اور لوگ اس کے احکام کی تعمیل پر آمادہ رہے ہوں۔ اسی وجہ سے جو افراد قانون کی مہارت رکھتے اور اس کی صحیح تعبیر یا اس کے قواعد کا "عدل واحسان" کے ساتھ اطلاق کرنے کی قابلیت رکھتے تھے، ان کو ہر زمانے میں بڑا اثر ورسوخ حاصل رہا ہے۔ پرانے زمانے میں بھی قانون دانوں کو ان مملکتوں میں بڑی وقعت وعزت حاصل رہی ہے

جہاں وہ رہے ہوں اور آج بھی یہی حال ہے۔ یورپ اور امریکہ کی بہت سی انتہائی ترقی یافتہ مملکتوں میں ممتاز قانون دان ہی وہاں کے ارباب حل و عقد و قانون ساز رہے ہیں اور ہمارے ملک میں بھی یہی حال ہے۔ جب سے ہند میں برطانوی راج قائم ہوا ہے، محکمہ قانون وانصاف رسانی ہی ایک محکمہ ہے جس کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ یہی وہ محکمہ ہے جو سب سے پہلے قابل ہندوستانیوں کے لئے کھول دیا گیا اور اسی میں ہندوستانیوں نے سب سے پہلے اپنا سکہ بٹھایا۔ گزشتہ صدی کے نصف دوم اور موجودہ صدی کے آغاز سے ہندوستان نے وکلاء اور حکام عدالت کا ایک ایسا جھرمٹ پیدا کیا ہے جس پر کوئی بھی ملک ناز کر سکتا ہے۔ کسی ملک یا مملکت میں مستحکم حکومت کی بقا و دوران میں مدد دینے کے لئے بے رو رعایت انصاف کا ایک نظام قائم کرنے سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہوتی ہے۔ کسی ملک کے حکام عدالت جتنا زیادہ سختی اور ناطرفداری سے آئین پسندی کا نفاذ کریں اتنا ہی زیادہ لوگ اس حکومت پر اعتماد کرتے ہیں جس کے تحت وہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ جو لوگ کسی ملک کی عدالتوں میں قانون کی پریکٹس کرتے ہیں وہ عدالتوں کے صحیح طور پر اپنے فرائض انجام دینے اور محکمۂ عدالت کو کامیاب بنانے میں اتنے ہی موثر عامل ہیں جتنے وہ جو کرسیٔ عدالت پر متمکن ہوتے اور انصاف جویوں کی قسمتوں کا فیصلہ کرتے ہیں۔

اوپر بیان کردہ امور ہی کو پیشۂ قانون کے چلانے والوں کے فائدہ رساں وظائف فرائض نہیں سمجھ لینا چاہیئے بلکہ قدیم زمانوں سے قانون داں رعایا کی آزادی کے اعزازی محافظ بھی رہے ہیں۔ جب وہ قانون ساز کی حیثیت میں کسی ملک کے قوانین کا مسودہ تیار کرتے ہیں تو ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ انتہائی ممکنہ احتیاط کو کام میں لاکر کسی قانون یا مجموعۂ قوانین کے الفاظ میں یا کسی قاعدے یا حکم کی تدوین میں غلطی سے کوئی ایسی چوک نہ ہو جانے دینگے جو نصفت و معقولیت کے اصول کے مغائر ہو یا جس سے رعایا کی آزادی میں ناواجبی طور پر دخل دہی عمل میں آتی ہو۔ کسی مسودۂ قانون پر تنقید کرتے ہوئے بھی قانون داں قابل قدر

مدد دے سکتے ہیں۔ اس طرح کا کام عام طور پر تجربہ کار اور مشہور قانون داں انجام دیتے ہیں لیکن اس پیشے کے نوعمر تر اور حقیر تر افراد بھی اس کام کو قابلِ لحاظ کامیابی سے انجام دے سکتے ہیں بشرطیکہ وہ کسی مجوزہ قانون کی خوبیوں اور خامیوں کی جانچ کے لئے وقت اور فکر صرف کریں۔ اسی طرح عدالتی نظم و نسق کے صحیح طور پر چلائے جانے میں قانون دانوں سے چاہے وہ بوڑھے ہوں یا نوعمر، جس مدد کی توقع کی جاتی ہے اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ ان کے اس پیشے میں ہونے کی مدت یا ان کی ماہانہ آمدنیوں ہی پر منحصر ہو بلکہ وہ ان کے احساسِ فرض و ذمہ داری اور ان کی ایمان داری و بے لوثی پر منحصر ہوتی ہے۔

مادرِ وطن کی خدمت کے متعلق بعض حلقوں میں جو خیالات پائے جاتے ہیں ان کی کسی قدر اصلاح و ترمیم کی حاجت ہے۔ میں ان لوگوں میں سے ایک ہوں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ کسی ملک کا ہر باشندہ جو اپنے فرائض کو (خواہ اس نے خود اپنے ذمے لئے ہوں یا اس کے سپرد کئے گئے ہوں) ایمانداری اور مناسب احتیاط سے انجام دیتا ہے وہ اپنے ملک کی قابلِ قدر خدمت انجام دینے والا سمجھا جائیگا۔ خواہ اس کے فریضے کا دائرہ کتنا ہی محدود کیوں نہ ہو۔ جو وکیل اپنے موکل کو ایمانداری سے یہ مشورہ دیتا ہے کہ کسی مقدمے کے چلانے سے (جس میں کامیابی کی توقع نہ ہو) باز آجائے، یا جو کسی سچے مقدمے میں لڑتا اور کسی متضرر کو انصاف حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے اور اس کا لحاظ نہیں کرتا کہ اسے جس کے انجام دادہ کام کا جو معاوضہ مل رہا ہے وہ کافی ہے یا نہیں، وہ نہ صرف اپنے موکل کی خدمت کرتا سمجھا جائیگا بلکہ اپنے ملک کی بھی کیونکہ وہ انصاف رسانی میں مدد دیتا اور بے انصافی کے امکانات گھٹاتا ہے۔ اسی طرح جو قانون داں عدالت کی کرسی پر بیٹھنے کے لئے مقرر ہوتا ہے وہ بھی اپنے ملک کے مفاد کی خدمت کرتا سمجھا جائیگا اگر وہ انصاف رسانی کی کوشش میں حتی المقدور احتیاط سے کام لیتا ہو۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کانفرنس کے اہم مقاصد میں سے ایک یہ ہوگا کہ اس علمی پیشے کے جملہ افراد میں اس کی عظمت اور اس کی ذمہ داریاں اور خصوصی امتیازات ذہن نشین کئے جائیں۔

معاشی احتیاج کے دباؤ اور ضرورت کے تحت نیز تنازع للبقا کی ترقی پذیر دشواریوں کے مدنظر بہت سے مقامات کے وکالت پیشہ لوگوں میں یہ رجحان پایا جاتا ہے اچھے یا برُے جس طریقے سے بھی ہو روپیہ کمایا جائے۔ اس رجحان کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ اس پیشہ کا وقار عام طور پر پست ہو گیا ہے اور اس طرح وکیلوں کی شہرت بہ حیثیت جماعت متاثر ہو گئی ہے ہماری عدالت ہائے عالیہ نے اصلاح کی کوششیں کی ہیں کہ اس رُجحان کی حوصلہ شکنی کے لئے قواعد آداب وضبط نافذ کریں اور چند قصورواروں کو سزا دیں لیکن اصلاح اُس وقت زیادہ موثر ہوتی ہے جب وہ اندر سے اُبھرے نہ کہ باہر سے اس پر عاید کی جائے۔ جہاں کہیں انجمن ہائے وکلاء نے اصلاح کی ضرورت خود محسوس کی اور جہاں کہیں ارکان پیشہ کی رائے عامہ نے قواعد وآدابِ پیشہ کی خلاف ورزی کرنے والوں پر اپنا دباؤ خود ڈالا ہے تو ایسے مقامات پر نتائج زیادہ قابل اطمینان رہے ہیں اگر قانون دانوں کا یہ کل ہند ادارہ ملک کی انجمن ہائے وکلاء کو یہ بات سُنانے میں کامیابی حاصل کرے اور ہر جگہ کے وکلاء کی ضمیر کو تندہی سے اس پر آمادہ کر سکے کہ جس بلند معیار کے پیشہ ورانہ کردار کی اُن سے توقع کی جاتی ہے اس تک وہ اپنے آپ کو بلند کر لیں تو یہ ملک کی بحیثیت مجموعی ایک قابلِ ذکر خدمت ہوگی اور جس کی قدر وقیمت کتنی بھی کہی جائے وہ کم ہی ہوگی۔

آپ کا یہ ارادہ ہے کہ اس طرح کی کانفرنسیں میقاتی طور پر منعقد کیا کریں اور یہ تجویز کی گئی ہے کہ ہر دو سال بعد ایک کانفرنس کا انتظام ہو کانفرنس کسی بھی علمی مرکز میں منعقد ہو سکتی ہے جہاں سے کہ اُسے دعوت دیجائے یہ ایک کل ہند کانفرنس ہے یعنی اُس کے ارکان ہندوستان کے طول وعرض سے آپ کی دعوت پر آکر یہاں جمع ہوئے ہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ موجودہ اجلاس میں جنوبی ہند کے نمایندے زیادہ ہیں اور شمالی ہند کے لوگ اُس وقت زیادہ تعداد میں جمع ہوں گے جب آپ شمالی ہند کے کسی شہر میں جلسہ کریں۔ اس کانفرنس کو کل ہند حیثیت مکمل طور پر دلانے کے لئے شدید کوششوں کی ضرورت ہوگی۔ اس کانفرنس کے

جو اغراض و مقاصد ہیں اُن میں سے تیسرے اور چوتھے کا خاص طور پر ذکر نا ہے۔ نمبر ۳ کے تحت یہ ارادہ ہے کہ قانون کی تعلیم میں ہم آہنگی پیدا کی جائے اور نمبر ۴ کے تحت یہ خواہش کیگئی ہے کہ قانونی تعلیم کے معیار کو ترقی دی جائے ان دونوں میں سے آخرالذکر زیادہ اہم ہے۔ مجھے اس کا تو موقع نہیں ملا کہ جامعۂ عثمانیہ میں قانون کی تعلیم کا جو انتظام ہے اس کا مشاہدہ کروں لیکن میں نے بعض دیگر مقامات کو دیکھا ہے اور میں یہ کہنے کی جرات کر سکتا ہوں کہ متعدد مقامات پر قانون کی تعلیم کے انتظامات میں ترقی کی گنجائش ہے۔ حالیہ سالوں میں کلیات قانون میں اصلاحیں کی گئی ہیں لیکن پھر بھی وہ کلیات فنون و سائنس کے معیار پر نہیں پہنچے اسکو زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ بعض ایسے کالج پائے جاتے تھے جن میں قانون کی تعلیم ایک فرسودہ نظام کے تحت دیجاتی تھی کہ ایک ایسا قانون دان جسکے معلومات اپنے موضوع کے متعلق پرانے ہو چکے ہوں کمرۂ جماعت میں اپنے لکچروں کا ایک پُرانا مسودہ لائے اور اُس کو خوابیدہ انداز میں خوابیدہ تر سامعین کے سامنے پڑھنا شروع کر دے اور یہ سہ پہر کے آخری گھنٹوں میں ہو۔ اس طرزِ عمل کی بنیاد یہ تھی کہ طلباء کی اکثریت اپنے مطالعہ کا اصل حصّہ کتب خانہ ہائے قانون میں انجام دے اور لکچروں کا منشاء یہ ہو کہ طلباء نے اپنے مطالعہ سے جو معلومات حاصل کر لئے ہیں اُن کا تکملہ کیا جائے۔ اس نظام کی خامی کے باوجود چند ذہین طلباء محض اپنی محنتوں کی وجہ سے اچھے رہتے تھے لیکن مابقی کثیر تعداد جب کالجوں سے باہر آتی تو اُسے قانون کے اصول پر کوئی مستحکم قابو حاصل نہیں رہتا تھا۔ امتحانات کامیاب کر لینے کے بعد وہ زیادہ تر درسگاہِ تجربہ میں کچھ سیکھتے تھے اور اگر اُن میں کوئی واقعی صلاحیت ہوتی تو پیشۂ وکالت میں وہ اچھے رہتے۔ حال حال سے اس میں قابل لحاظ اصلاح ہوگئی ہے لیکن پھر بھی صورت حال پوری طرح قابلِ اطمینان نہیں کہی جاسکتی۔ ہندوستان کے کلیات قانون میں آجکل باقاعدگی سے لکچر دیئے جاتے ہیں اور لکچروں کی حاضری کم از کم کثیر فیصد تعداد میں لازمی ہے تعلیم باقاعدگی سے ہوتی ہے اور داخلی امتحانات

بھی ہوتے ہیں۔ بزم ہائے قانون بھی ہیں اور مباحثہ اور مصنوعی عدالتیں بھی منعقد ہوتی ہیں۔ پھر بھی پرانے نظام کا ایک حصہ اب تک باقی ہے بہت سے کالجوں میں جزوقتی اساتذہ ہیں جو اوقات عدالت سے پہلے یا بعد اپنے حسب سہولت لکچر دینے آتے ہیں اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ وکالت پیشہ قانون دانوں میں سے جس کسی کو معقول آمدنی ہو حقیر تنخواہ پر ہمہ وقتی لکچرار بن کر کام کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہوتا اور اس لئے کلّیات قانون مجبور ہیں کہ چند ایسے لوگوں کو جنہیں قانون سے اچھی عملی واقفیت ہو جزو وقتی اساتذہ کے طور پر مامور کریں۔ اس کا ایک بدیہی علاج یہ ہے کہ زیادہ کارکرد ہمہ وقتی اساتذہ کیلئے زیادہ بڑی تنخواہیں پیش کیجائیں بشرطیکہ اداروں کے پاس مطلوبہ مالی وسائل فراہم ہو جائیں۔ اب یہہ آپ لوگوں کا کام ہے کہ اپنے مباحث کے دوران میں یہ بتائیں کہ قانون کی تعلیم کے طریقوں میں کونسی ترقیاں ضروری ہیں اور انہیں کس طور پر جامۂ عمل پہنایا جاسکتا ہے۔

تعلیم کے معیار میں ترقی دینے کے مسئلہ کے ساتھ جو موضوع بہت قریبی تعلق رکھتا ہے وہ اُس میں ہم آہنگی پیدا کرنے کا مسئلہ ہے ہم آہنگی میں فوائد بھی ہیں لیکن اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام ہندوستانی جامعات کے کلیات قانون میں ایک ہی جچا تُلا نظام نافذ کردیا جائے تو اسے کوئی ایسی بھلائی سمجھنا ضروری نہیں جسمیں بُرائی کی آمیزش نہ ہو۔ کیونکہ اس طرح ہر معلم کی انفرادی صلاحیت کی وسعت پر پابندیاں عائد ہو جائیں گی۔ مجھے اُمید ہے کہ مسئلے کے اس پہلو پر آپ اس طور پر غور کرینگے جس کا وہ مستحق ہے اور کسی نتیجے پر پہنچنے سے پہلے آپ اسکے تمام پہلوؤں پر نظر ڈال لینگے۔

جامعہ عثمانیہ میں قانون کی تعلیم کے ذریعے کے متعلق جو ایک جدت کیگئی ہے وہ قابلِ ذکر ہے اس جامعہ نے جب اپنے اس جسارت مند تجربے کا آغاز کیا کہ جملہ مضامین کا ذریعۂ تعلیم اُردو کو قرار دے تو قانون کے لئے بھی اُسی پر عمل کیا گیا مجھے اس کے متعدد موقعے ملے ہیں کہ اس جامعہ کے طلبا کی جوابی بیاضیں امتحانات کے سلسلے میں جانچوں اور مجھے یہاں اس کا

بڑا اثر ہوا کہ جو کچھ وہ جانتے ہیں اُسے بڑی سہولت کے ساتھ ظاہر کر سکتے ہیں نیز جن مضامین کا وہ مطالعہ کرتے ہیں اُن پر اچھا عبور حاصل کرتے ہیں - مادری زبان کے ذریعۂ تعلیم ہونے کا ہی یہ نتیجہ ہے - جامعہ عثمانیہ نے بہت سی معیاری کتابیں جو اصل میں انگریزی[۱] میں لکھی گئی تھیں اُردو میں ترجمہ کردی ہیں لیکن پھر بھی ایسی بہت سی کتابیں ہیں جن کا مطالعہ طلبہ کرنا چاہیں تو انگریزی ہی میں پڑھنا پڑتا ہے کیوں کہ اُن کے ترجمے نہیں ہوئے ہیں مجھے امید ہے کہ قانون کی تمام شاخوں کے متعلق اچھی کتابیں جلد اُردو میں لکھی جائیں گی تاکہ جو ذریعہ تعلیم مقرر کیا گیا ہے اُس کے ذریعے سے قانون کا مطالعہ کرنے والوں کو سہولت حاصل ہو -

چند سال کا عرصہ ہوا کہ مجھے حیدرآباد کی عدالت عالیہ کے اجلاس متفقہ پر ایک مقدمے کی سماعت کے موقعے پر موجود رہنے کا موقع ملا - مجھ پر اس کا بڑا اثر ہوا کہ فریقین کے وکلا کس قابلیت کے ساتھ اپنے فریق کی طرف سے بحث کر رہے تھے اور معزز حکّام عدالت کس سہولت کے ساتھ پیش شدہ دلائل کے مکمل نوٹ لیتے جا رہے تھے - اس سے میرے یقین کی توثیق ہوگئی کہ اُردو زبان اُس قانونی اندازِ عبارت کو قابلِ اطمینان طور پر ادا کرنے کے قابل ہے جو صدیوں کی استعمال سے انگریزی عدالتوں میں مروج ہو گئی ہے -

یہ تجربہ اگرچہ اپنی حد تک قابل قدر ہے لیکن وہ اس واقعے کی ایک مثال ہے کہ اس طرح کی جدّتیں ہر ہر صوبہ یا ریاست کی ضرورتوں پر مبنی ہونگی نیز اُن حالات پر جو مختلف مقاموں پر پائے جاتے ہوں - اُن کے متعلق کوئی عام قاعدہ نہیں نافذ کیا جا سکتا -

اس کانفرنس کو چاہیے کہ تحقیقات علمیہ کی اسپرٹ کو ترقی دینے پر خاص توجہ کرے - مجھے یہ دیکھکر مسرّت ہوئی کہ معتمد نے اس کانفرنس میں بحث کے لئے جن مضامین کی فہرست دی ہے وہ تقریباً دو درجن مقالوں پر مشتمل ہے - وقت ملے تو یہ کانفرنس میں پڑھے جائینگے - میں اپنے محترم دوست ڈاکٹر ناظر یار جنگ اور اُن کے شرکار انتظامی کو مبارکباد دیتا ہوں کہ

---

[۱] - نیز فرانسیسی جرمن عربی اور فارسی بھی (اڈیٹر)

انہوں نے کوشش کر کے اتنے زیادہ مقالے اتنے زیادہ قابل لوگوں سے حاصل کر لئے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اُن کو کتابی صورت میں یکجا شائع کیا جائے تو وہ قانون کی مختلف شاخوں کے مطالعے میں ایک مفید اضافہ سمجھے جائینگے۔

مجھے اس سے بڑی مسرت ہوئی کہ جو مقالے آپکے سامنے پڑھے جائینگے اُن کی فہرست میں اسلامی اور ہندو قانون پر بھی متعدد مقالے ہیں۔ ان دونوں شعبوں کے متعلق ممتاز یورپی اور ہندوستانی علماء نے اچھا خاصا کام انجام دیا ہے لیکن پھر بھی بہت کچھ باقی ہے۔ اگر جامعہ عثمانیہ کے اساتذہ اور طلباء چند ایسے موضوعوں پر کام کریں جن پر ابھی تک اُن کے پیشرؤوں نے توجہ نہیں کی تو وہ جملہ محبّان علم سے خراج امتنان حاصل کرینگے۔ جامعہ عثمانیہ کے اساتذہ میں جو قابل افراد شامل ہیں اُن میں سے ایک یعنی ڈاکٹر حمید اللہ اسلامی قانون پر متعدد سبق آموز مقالے شائع کر چکے ہیں اور انہوں نے اس کانفرنس میں پڑھنے کے لئے جو مقالہ مرتب کیا ہے اُس کا عنوان "تصادم قوانین کے متعلق اسلامی تصور" ہے ایک اور دلچسپ مقالہ جسکی اطلاع دیگئی ہے وہ بی۔ین چوبے صاحب کا "دھرم شاستر کے ابتدائی ماخذ اور شرع محمدی کے بعض مماثل تصورات پر سرسری نظر" کے عنوان سے ہے۔ میں ان مقالوں کو سننے کا شوق کے ساتھ منتظر ہوں۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں دو مصروف دن گزارنے ہوں گے اور ایک بلند معیار کی ذہنی ضیافت ہوگی۔ مجھے توقع ہے کہ اس کانفرنس کے منتظموں نے جو بے غرضانہ کوششیں کی ہیں وہ اسی کامیابی سے بہرہ ور ہوں گی جن کی وہ پوری طرح مستحق ہیں اور یہ کہ ہم تمام لوگ جو دور دراز سے سفر کر کے آئے ہیں جب واپس ہوں گے تو ہمارے معلومات میں اضافہ ہو چکا ہوگا اور ہم میں ایک جوش اور جذبہ بھر جائیگا کہ ہم جہاں کہیں بھی ہوں وہاں کے پیشۂ قانون کی کارگزاری اور وقار میں اضافہ کریں۔ میں یہ بھی دعا کرتا ہوں کہ اس کانفرنس میں جو کام انجام پائے وہ اسکے قیام کی ضرورتوں کو اس حد تک پورا کرے کہ ایسی ہی مفید کانفرنسیں سالہائے آیندہ میں دیگر مراکز علم میں بھی منعقد ہوتی رہیں۔ فقط (ترجمہ)

قرارداد عقیدت بہ حضور شاہانہ

جسے کانفرنس کے صدر عمومی نے حضرت جلالت مآب
کی خدمت میں روانہ فرمایا

"کل ہند کانفرنس قانون کا یہ تاسیسی اجلاس جلالت مآب حضرت سلطان العلوم خلد اللہ ملکہٗ کے پیام عطوفت نشان سے سرفرازی پر اپنی دلی عقیدت اور مودبانہ امتنان عرض کرنیکی اجازت چاہتا ہے۔ کانفرنس ہذا، حضور والا کی قائم فرمودہ جامعۂ عثمانیہ کی دعوت پر منعقد ہوئی ہے اور اس کا مستقل دفتر بھی جامعۂ عثمانیہ ہی میں قائم رہیگا۔ کانفرنس کو یقین ہے کہ پیام شاہانہ میں اس کے اغراض و مقاصد کے متعلق جو رہنمائی فرمائی گئی ہے اس کی روشنی میں اور بندگان حضرت جلالت مآب کی سرپرستی میں دُنیائے قانون کی حد تک وہ ملک و قوم کے لئے مفید خدمت انجام دے سکیگی۔"

سر موریس گائر کا خطبہ

جناب صدر و برادران - میرا اوّلین اور خوشگوار فریضہ ہے کہ کُل ہند کانفرنس قانون کے پہلے اجلاس کو یہاں منعقد کرنے کی دعوت دینے پر اعلیٰ حضرت حضور نظام نیز جامعہ عثمانیہ کے امیر جامعہ اور دیگر ارباب کا ہم سب کی طرف سے شکریہ ادا کروں اور ہمارے آرام اور بہبودی کیلئے جو انتظام کئے گئے ہیں ان پر ہماری ممنونیت کا اظہار کروں یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ میں جامعہ عثمانیہ میں کوئی خطبہ دے رہا ہوں اور نہ یہاں کی فیاضانہ میزبانی کے لئے میں کوئی اجنبی ہوں - صرف ایک چیز ہے جو میری آج یہاں تقریر کرنے کی مسرت کو برباد کر سکتی ہے اور وہ میرے پرانے دوست سر اکبر حیدری کی غیر موجودگی ہے - یہ وہ شخص ہیں جنہوں نے اس جامعہ اور اس مملکت کی اتنے طویل عرصے تک اس قدر وفادارانہ خدمت انجام دی - اور میرے گذشتہ سفر حیدرآباد کے بعد سے وہ طویل عمر اور اعزازات سے مالامال ہو کر اپنے آبا و اجداد میں جا ملے ہیں -

یہ ایک نہایت ہی عمدہ بات ہے کہ ہندوستان کے قانون دان وقتاً فوقتاً یکجا ہوا کریں اور باہم مشاورت کر کے بر اعظم ہند کے تمام حصوں کے ہم پیشہ افراد سے سماجی تعلقات مستحکم کریں - مجھے اس پر کسی قدر حیرت ہوئی کہ اب تک اس قسم کا کوئی کُل ہند اجتماع عمل میں نہیں آیا لیکن یہ امر میرے لئے مسرّت اور اطمینان کا باعث ہے کہ اب آپ آیندہ پابندی سے ہر دو سال میں اجلاس کا ارادہ رکھتے ہیں - دیگر پیشوں اور علوم میں امتیاز رکھنے والے عرصے سے اس کے عادی ہیں کہ ہم بزم ہوا کریں اور اس طرح نہ صرف علم کی بلکہ اپنے متعلقہ

پیشے یا جماعت کے مشترکہ مفادات کی پیش روی کے لیے کوشش کریں۔ قانون ایک علم بھی ہے اور ایک پیشہ بھی۔ اور وکالت جو قانون کی ایک شاخ ہے دیگر فنون کے مقابلہ میں یہ امتیازی خصوصیت رکھتی ہے کہ اس کو انجام دینے والوں میں نہ صرف نہایت اعلیٰ درجہ کی مہارت اور فنی واقفیت کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ اعلیٰ کردار بھی درکار ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پیشۂ قانون میں کسی اور پیشے کے مقابلے میں ہندوستان میں زیادہ لوگوں کے لئے کشش ہے جب ایسا ہے تو پھر وہ باہم میل جول کو ترقی دینے اور دیگر فوائد حاصل کرنے میں جو صرف شخصی تماس سے حاصل ہوتے ہیں، کیوں دیگر پیشوں سے پیچھے رہ جائے؟ ہر صوبے کے وکیلوں کی بے شک علیحدہ انجمنیں ہیں لیکن مجھے اکثر محسوس ہوتا رہا ہے کہ صوبوں کی خود مختاری سے اگرچہ بیشک بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں لیکن اگر ہم کسی مسئلہ پر توجہ مرتکز کرنے میں اس کی کُل ہند حیثیت کی جگہ اسے محض گھریلو قرار دیں تو اس سے نقطۂ نظر کو ایک حد تک صوبہ واری حدود سے محدود ہو جانے کا میلان ہو جاتا رہا ہے۔ اور اس محاورے سے میرا مقصد کسی کو رنجیدہ کرنا نہیں ہے۔ اس طرح کا میلان وکیلوں ہی میں نہیں دوسرے لوگوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ اور اس کا اس سے بہتر علاج نہیں کہ جس قسم کے اجتماع کا آج ہم آغاز کر رہے ہیں اسی قسم کے اجتماعات عمل میں لائے جاتے رہیں۔

ایک اور وجہ بھی ہے جس کی بنا پر اس طرح کی کانفرنس کے خیال کو خوش آمدید کہنا چاہیے خاص کر انسانی معاملات کی روانی کے موجودہ لمحے میں۔ وہ جنگ جس نے دنیا کی قوموں کے بڑے حصے کو اپنے بھنور میں پھنسا لیا ہے وہ بالآخر آج ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ اپنی انتہا کو پہنچ رہی ہے اور اپنے ناگزیر اختتام سے قریب ہو رہی ہے اگرچہ افسوس ہے کہ خون اور آنسو کے ابھی ہمارے سامنے بہت سے مہینے باقی ہیں۔ اقوام متحدہ اس غرض کے لئے جنگ کر رہے ہیں کہ ایک دفعہ اور ہمیشہ کے لئے ان بُرے نظریوں کا خاتمہ کر دیں جن کو بُرے لوگوں نے اپنے ذاتی مفاد کے لئے سازش کرتے ہوئے پھیلایا ہے کہ قوموں کے مابین کوئی

قاعدہ قانون نہیں پایا جاتا بجز حیوانی قوت کے۔ اور یہ کہ شہریوں کے آپس کے تعلقات یا شہریوں یا مملکت کے تعلقات ہمیشہ خود ساختہ آمروں (ڈوک ٹے ٹرس) اور ان کے شرکاءِ جرم کی ہوس ناکی یا ظلم کے تابع ہوں۔ جس چیز کو ہم قانون سمجھتے ہیں وہ اور آئین پسندی یعنی لوگوں کے حقوق اور فرائض کا تعین معلوم اور مقررہ اصول کے مطابق ہونا اس طرح کے لوگوں کو سخت ناپسند ہے اور وہ ان کو تباہ اور نابود کرنے کے لئے ہر ایسے ذلیل طریقہ سے کام لیتے ہیں جو کینے یا نفرت کے باعث ان کے ذہن میں آتا ہو۔ قوت کا متمدن مملکتوں کے پاس بھی اس غرض کے لئے موجود ہونا ہمیشہ ضروری ہوگا کہ افعال ناجائز کا ارتکاب کرنے والوں کو روکا جائے لیکن قوت کو چاہئے کہ وہ انصاف کی خادمہ رہے نہ کہ مالکہ۔ جس قسم کے نظریوں کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے ان کے خلاف ایک ختم نہ ہونے والی جنگ کا جاری رکھنا ہر قانون والے کے عقائد کا ایک جز ہوتا ہے کیونکہ ہمیں یقین ہے کہ مذکورہ بالا قسم کے نظریے تمدن کے لئے ایک دھمکی ہیں تو انسانی ترقی کے لئے ایک رکاوٹ اور آدمیت کی شان میں ایک گستاخی۔ ہمارے آج یہاں جمع ہونے کا واقعہ خود آئین پسندی کی جلالت و برتری کا دعوے کرنا اور اس کی تائید کرنا ہے کہ ہم آئین و قوانین ہی کے نفاذ کے کارندے اور آلہ کار ہیں۔ اسی طرح یہ اجتماع اس بات کی شہادت ہے کہ ہمارا پیشہ واحد ہے اور ہمیں ایک بنانے والی بندھنیں موجود ہیں اور آخر میں یہ کہ ہم اس لئے جمع نہیں ہوتے ہیں کہ اترائیں اور اکڑیں بلکہ انسان کے ہر کام میں خامی رہنے کو تسلیم کرتے ہوئے جہاں تک ہم میں سے ہر ایک کے بس میں ہے اس بات کی کوشش کریں کہ قانون کے متعلق ہماری واقفیت کو ترقی دیں اور اس کے نفاذ کو بہتر بنائیں۔

ان مقالوں کی فہرست جن پر کانفرنس میں بحث ہونیوالی ہے اثر انداز اور بوجھل ہے اور موضوعوں کی بھی بہت وسعت پائی جاتی ہے۔ ان میں سے بعض ایسے ہیں جن سے زیادہ تر اُن لوگوں کو دلچسپی ہو سکتی ہے جو قانون کی خاص خاص شاخوں کے ماہر ہوں لیکن دیگر مضمون زیادہ

عام دلچسپی کے حامل ہیں۔ میں نے اس فہرست کو غور سے دیکھا تاکہ اگر ہو سکے تو انتخاب کردہ مضامین میں سے ایک یا دو کو اپنے خطبہ کیلئے متن بناؤں کیونکہ میں باور کرتا ہوں کہ آپ لوگ اس بات کو ترجیح دینگے کہ جو محدود وقت مجھے ملے گا اُس میں معین مسائل سے بحث کروں بہ نسبت اس کے کہ سطحی عام باتیں بیان کروں جو عام طور پر قانونی اجتماعوں میں مینے بکثرت سُنی ہیں اور اگر میرا اپنا تجربہ کوئی رہنمائی کر سکتا ہے تو اُن سے سُننے والوں پر ایک طرح کا دل برداشتہ کرنے والا اثر ہوتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ مقالوں کی فہرست میں ایک یا دو ایسے ہیں جو نہایت اہم دستوری مسائل سے بحث کرتے ہیں۔ اور میں آپکی اجازت سے یہ چاہتا ہونکہ ان کے متعلق ایک دو لفظ کہوں بغیر اسکے کہ اُس میدان میں دخل دوں جسے سیاست دان اپنے سے مخصوص سمجھتے ہیں۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ فہرست میں قانونی تعلیم کا موضوع نمایاں ہے۔ اس کانفرنس نے اپنے جو پانچ مقاصد قرار دیئے ہیں اُن میں سے تین صرف اِسی اہم موضوع سے تعلق رکھتے ہیں۔ اسی لئے میں بغیر ہچکچاہٹ کے اس کے متعلق کچھ بیان کروں گا اور میں اس وجہ سے بھی ایسا کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کی قانونی تعلیم اور پیشۂ وکلاء کو آجکل جن مسائل اور مشکلات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے اُن میں باہم جو تعلق پایا جاتا ہے اُسکے متعلق میں نے بہت ہی مستحکم رائے قائم کرلی ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ میں ڈاکٹر یوسف حسین خاں کا مقالہ سُننے کیلئے موجود نہ رہونگا "یہ قانون حکومت ہند بابت ۱۹۳۵ء اور بعد کی دستوری تبدیلیون سے متعلق ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ مجھے اجازت دیکر اس مباحثے میں حصہ لینا پڑتا جو بے شبہہ اس مقالہ کے پڑھے جانے کے بعد شروع ہوتا کیونکہ یہ مضمون ایسا ہے جس سے مجھے ایک شخصی ـــ بلکہ میں یہاں تک کہہ سکتا ہوں کہ ـــ ایک دردناک دلچسپی ہے۔ اگر مجھے موقع ملتا تو میں اس وقت بھی حاضرین میں شریک رہتا جب رام لال کشن صاحب اپنا مقالہ "قانون انگریزی کے جدید رجحانات" پر سُناتے نیز محمد غوث صاحب "عدل گستری کے بنیادی اصولوں کا ارتقاء" پر۔ مجھے آخر الذکر کی ہمت کی

داد دینی چاہیئے کہ انہوں نے اتنی عمیق اور دور رس اہمیت والے مضمون کو ایک مضمون کے حدود میں سکیڑ لینے کی کوشش کی ہے۔

میں عرض کر چکا ہوں کہ میری نہ تو خواہش ہے اور نہ ارادہ کہ سیاست حاضرہ کو چھوؤں جو ظاہر ہے کہ موجودہ قسم کی کانفرنس میں بالکل بے محل ہوگا۔ پھر بھی مجھے اس اچھے اصول سے ہٹنا نہیں نظر آتا اگر میں اس حصے کی طرف اشارہ کروں جو ہندستان کے کسی نئی دستور کی تیاری میں ہمارے پیشے کے افراد لے سکتے ہیں۔ میں اسے ممکن نہیں خیال کرتا کہ حکومت کا کوئی کامیاب دستور قانون دانوں کی مدد کے بغیر بنایا جا سکے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ میں اور بھی آگے بڑھکر یہ کہہ سکتا ہوں کہ قانون دان اس بارے میں جو مدد دے سکتے ہیں وہ محض اس حد تک محدود نہیں ہوگی اور نہ ہونی چاہیئے کہ ایک پیچیدہ قانونی دستاویز کو صاف اور معین زبان میں مرتب کرنے کے لئے فنی مہارت دکھائیں قانون دانوں نے دستوری اصولوں کے ارتقاء میں جو حصہ لیا ہے وہ تاریخ میں ثبت ہے خود میرے اپنے وطن کی تاریخ میں شروع سے آخر تک جو عظیم دستوری کشمکشیں جاری رہیں اُن کی تقویت اور پرورش ایسے قانون دان کرتے رہے جو نہ صرف پیشہ ور وکیل کی ہر وقت کی مستعدی یا لفاظی دکھاتے رہے بلکہ اُس حیرت انگیز ایقان کا بھی مظاہرہ کیا جو مقنّن اور مدبر میں پایا جاتا ہے۔ قانون دانوں ہی نے ممالک متحدہ امریکہ کے دستور جیسی عظیم دستاویز کی تیاری میں بھی ایک اہم حصہ لیا ہے۔ یہ دستور انگریزی زبان اور انگلستان کے قانون موضوعہ کے اصولوں کے ساتھ ساتھ ان قوتوں میں سے جنہوں نے امریکی لوگوں کو ایک بڑی اور طاقتور قوم میں ڈھال دیا ہے سب سے زیادہ حیات بخش ہے۔ آپ کو یہ بھی نظر آئیگا کہ برطانوی قلمروؤں کی دستوری دستاویزوں کے تیار کرنے میں بھی قانون دانوں نے کچھ کم حصہ نہیں لیا۔ میرا اشارہ اُس دولت عامۂ اقوام کی طرف ہے جو تاج برطانیہ سے وفاداری رکھتا ہے اس لئے میں اس بات میں کوئی شبہہ نہیں کرتا کہ ہندوستان میں بھی

مماثل مقصد کے لئے قانون دانوں کی ضرورت ناگزیر رہیگی اور میری رائے میں اس امر کو بڑی اہمیت حاصل ہے کہ اس پہلو کو نہ صرف معلوم کیا جائے بلکہ اُس کے وجوہ بھی ذہن نشین کئے جائیں۔ میں یہ اسلئے کہہ رہا ہوں کہ وقتاً بوقتاً میں ایسی لکھی ہوئی چیزیں پڑھتا اور کہی ہوئی چیزیں سنتا ہوں جن سے یہ خیال کیا جا سکتا ہے دستور مرتب کرنا مقابلتہً ایک آسان کام ہے اگر دو یا تین ممتاز قائد مل بیٹھیں اور اُن میں اُس سے زیادہ اتفاق رائے پایا جائے جتنا کہ ابتک خیال کیا جاتا تھا۔ میں چاہتا تو یہی ہوں کہ دستورسازی ایسی ہی آسان ہوتی لیکن مجھے دستورسازی کا کچھ تجربہ رہا ہے اور میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ وہ ایک نہایت سخت اور مشکل کام ہوتا ہے اور اُس میں بڑی ذہنی محنت اور جد وجہد کی ضرورت ہوتی ہے، دستوری تاریخ اور اصُولوں پر کامل عبور اور قابو ہونا پڑتا ہے، ایک حد تک ذہن میں جدت پسندی اور لچک ہونی پڑتی ہے نیز دیگر اہم چیزوں میں سے ایک یہ بھی کہ بے انتہا صبر اور ضرورت پیش آنے پر مصالحت پر آمادگی ہونی پڑتی ہے۔ میں توقع کرتا ہوں کہ میں قانون پیشہ لوگوں کے متعلق بلند بانگ دعوے کرتا نہیں سمجھا جاؤں گا اگر میں یہ کہوں کہ ان صفات میں سے بہت سی بلکہ شاید سب ہی ایسی ہیں جو ہر اُس قانون دان میں بطور امتیاز پائی جانی چاہئیں جو قانون میں کوئی نمایاں حیثیت حاصل کرنیکی خواہش رکھتا ہو اور ان صفتوں میں سے چند ایسی ہیں کہ اُن کے متعلق میں ادب کے ساتھ شاید کہہ سکتا ہوں کہ وہ سیاست دانوں کے مقابلہ میں قانون دانوں میں زیادہ پائی جاتی ہیں۔ مجھے توقع ہے کہ آپ یہ نہیں خیال کرینگے کہ میں اتنا احمق ہوں کہ یہ تصور کروں کہ وہ لوگ جو قانون دان ہیں، چاہے کتنے ہی بڑے کیوں نہ ہوں اور قانون دان ہونے کے سوا اور کچھ بھی نہیں ہیں، وہ کوئی کامیاب اور قابلِ عمل دستور تیار کرلے سکتے ہیں۔ یہ ایسے مدبر کا کام ہے جو رائے عامہ کی ترجمانی کی مہارت بھی رکھتا ہو اور رائے عامہ کی تربیت کرکے اُسکی عاقلانہ رہنمائی بھی کرسکتا ہو۔ مدبرین مملکت میں قانون داں بھی ہوتے ہیں جس طرح

قانون دانوں میں مدبر اور ان دونوں طبقات کی خصوصیتوں میں جو امور بہترین ہیں اُن کا مجموعہ ہی وہ چیز ہے جس سے کسی کامیاب نتیجہ کے نکلنے کا سب سے زیادہ امکان ہوتا ہے۔

ان خطوط پر ابتدائی کام کا آغاز کیوں نہ شروع کر دیا جائے؟ ایک عام پیمائش زبانی بھی سوائے بھلائی کے کوئی اور چیز نہیں پیدا کریگی اور میں پورے ادب کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ میرے خیال میں بہت بڑا فائدہ ہوگا اگر محض نقطہ ہائے اختلاف ہی معلوم کرلئے جائیں اور معقول وضاحت کے ساتھ معین کر دیے جائیں۔ فرض کرو کہ لوگوں کی ایک چھوٹی سی جماعت جمع ہو اور اس طرح کا ابتدائی کام شروع کر دے۔ کیا یہ تصور سے باہر چیز ہوگی کہ یہ لوگ کوئی ایسا قابل عمل منصوبہ تیار کرلینگے جو اس قابل ہو کہ بعد میں نمایندہ مجلس کے سامنے پیش کیا جا سکے؟ میرے اندازہ میں تعداد کا کم ہونا ضروری ہے اور یہ لوگ اپنا کام خانگی طور سے انجام دیں کیوں کہ کوئی قابلِ عمل دستور ساز جلسے میں تیار نہیں ہوسکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو کوئی بڑی اہمیت حاصل نہیں ہے کہ ایسی جماعت کے ارکان کس طور پر چُنے گئے بشرطیکہ وہ ایماندار اور قابل لوگ ہوں اور اپنے کردار کی بلندی کے باعث احترام کی نظروں سے دیکھے جاتے ہوں اور یہ معلوم ہو کہ وہ مختلف نقطہ ہائے خیال کی نمایندگی کرتے ہیں لیکن ظاہر ہے کہ اُن کا کیا ہوا کام بعد میں کسی ایسی نمایندہ مجلس کے سامنے پیش کرنا ہوگا جسے جانچ، تنقید اور ترمیم کے پورے اختیارات حاصل ہوں۔ یہ ترمیم شدہ مسودہ اُس مجلس کا کام ختم ہونے کے بعد اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی وسیع تر مجلس کی رائے یا استصوابِ عامہ کیلئے پیش کیا جائے لیکن اسکو صرف قبول یا رد کا اختیار ہو۔ مگر ایک بڑے ملک میں جیسا کہ ہندوستان ہے اور جہاں ایک ایسی آبادی ہے جس میں بدقسمتی سے تعلیم یافتہ لوگوں کا تناسب بہ حیثیت مجموعی بہت کم ہے وہاں اس آخری تجویز کے خلاف بدیہی طور پر اعتراضات کئے جاتے ہیں۔ میں نے جس قسم کے لوگوں کی ایک جماعت کا ذکر کیا ہے اُن میں اگر ممتاز

ہندوستانی قانون دانوں کی موجودگی بھی ہو اور وہ فی الوقت اپنے سیاسی علائق کو الگ کر رکھدیں اور اُن سب میں صرف اس بات کا ولولہ رہے کہ ایسے نتائج پیدا کرنے کی اٹل کوشش کرینگے جو نمایندہ مجلس کے سامنے پیش کیئے جا سکیں چاہے وہ منتخبہ ہو یا نامزد کردہ جیساکہ میں نے اوپر اشارہ کیا ہے، تو یہ ملک کیلئے بے حساب قدر و قیمت کی خدمت ہوگی قانون دان اپنی خصوصی تربیت کے باعث فطرۃً اس بات کے قابل ہوتا ہے کہ سیاسی مسائل کو اس شخص کے مقابلے میں زیادہ الگ تھلگ اور غیر جانبدارانہ نقطۂ نظر سے دیکھ سکے جو روز بروز کی سیاسی کشمکش میں ڈوبا ہوا ہو۔ اور اسی وجہ سے مجھے کوئی شبہ نہیں ہے کہ ہمارے پیشے کے ارکان ملک کی آیندہ دستوری ترقیوں میں عظیم الشان حصہ لے سکتے ہیں۔

البتہ شاید میں اس دل لبھانے والے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کافی دور چلا گیا ہوں اور مجھے اب خطرناک زمینوں پر قدم بڑھانیکی خواہش نہیں ہونی چاہیئے۔ اس لئے مجھے دوسرے موضوع پر توجہ دینی چاہیئے جسکے متعلق میں بعض باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ میری مراد قانونی تعلیم کا موضوع ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ مجھے آپ کی عام تائید حاصل ہوگی اگر میں یہ خیال ظاہر کروں کہ تن من دھن سے کام کرنے والے معلموں کی ایک بڑی جماعت موجود ہونیکے باوجود موجودہ نظام میں بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو غیر اطمینان بخش ہیں اور پیشۂ قانون کو بے انتہا فائدہ حاصل ہوگا اگر قانون پیشہ لوگ اور خاصکر اساتذۂ قانون ہندوستان کے ہر حصے سے آکر اس ہفتے کانفرنس میں شریک ہوں اور قانونی تعلیم پر بہ حیثیت مجموعی بحث کرکے اسکے متعلق ایک حد تک اتفاق رائے حاصل کرنیکی کوشش کریں۔

میں نے اس خطبے میں اوپر بیان کیا ہے کہ قانون کی تعلیم ایک ایسا مسئلہ ہے جسے پیشۂ قانون کو آجکل پیش آنے والے مسائل اور مشکلوں میں سے بعض سے بالکل بے تعلق نہیں کہا جا سکتا۔ مجھے یقین ہے کہ یہ چیز بالکل صحیح ہے۔ اور اسکی وجہ حسب ذیل ہے

میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان میں پیشۂ وکالت میں ہجوم کا ہو جانا اب کوئی شک و شبہہ نہیں رکھتا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بھی عام طور پر اتفاق کیا جائیگا کہ اس پیشے میں بہت سے ایسے لوگوں کو بھی داخلہ مل گیا ہے جو اس پیشے کے ارکان پر عاید ہونیوالی ذمہ داریوں کو پورا کرنیکے بہت ہی کم قابل ہیں۔ اس صورت حال کی اصلاح کیلئے بہت سے تجویزیں پیش کی گئی ہیں اور اُن میں سے بعض ایسی ہیں کہ اُن کا ذکر ہی اسی لئے کرنا ہے کہ اُن کو رد کر دیا جائے۔ مجھے یقین ہے کہ کوئی بھی یہ نہیں چاہتا ہوگا کہ ہماری تعداد پر کوئی مصنوعی یا میکانیکل پابندی عاید کر دی جائے یا کوئی ایسا کام کیا جائے جس سے قانون پیشہ لوگ ایک محدود اور امتیازی طبقہ کی صورت میں متبدل ہو جائیں۔ یہ ہمیشہ سے پیشۂ قانون کا قابل فخر اصول رہا ہے کہ اُس کے دروازے صرف صلاحیت والے کیلئے کھلتے ہیں۔ لیکن صلاحیتوں میں بھی فرق ہوتا ہے اور اگر جانچ کیلئے جو معیار قائم کئے جائیں وہ ضرورت سے زیادہ پست ہوں تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نہ صرف اس پیشے میں داخل ہونیوالوں کے لئے بلکہ خود پیشے کیلئے نقصان پہنچ جاتا ہے۔ مجھے اس میں کوئی شبہہ نہیں ہے کہ گذشتہ چند سالوں سے اس پیشے میں داخل ہونا ضرورت سے زیادہ آسان رہا ہے اور اسکے نتیجے کے طور پر بہت سے ناخوشگوار اثرات مترتب ہوئے ہیں، اور کچھ اتنا شدید مقابلہ پایا جانے لگا ہے کہ صورت حال غیر صحت بخش ہوگئی ہے۔ اور اس کا ناگزیر نتیجہ یہ ہے کہ کردار کے معیار بھی گر گئے ہیں۔ کیونکہ تنازع للبقا میں کمزور بھائی اس بات میں ہمیشہ کامیاب نہیں ہوتے کہ بُری ترغیبوں کا کامیاب مقابلہ کر سکیں پیشۂ قانون کے متعلق عام طور پر عوام میں جو احترام اور لحاظ ہونا چاہیئے اگر اس میں ذرا بھی کمی ہو تو یہ عدل گستری کیلئے مضر ہوگا۔ اور اس طرح مفاد عامہ بھی متاثر ہوتا ہے اور ارکان پیشہ کا مفاد بھی۔ مجھے خوب یاد ہے کہ چند سال قبل غیر قانون داں لوگوں کے ایک مجمع کے سامنے میں ایک قانونی موضوع پر لکچر دے رہا تھا۔ اُسکے اختتام پر حاضرین میں سے ایک نے

مجھ سے پوچھا کہ ایک طرف تو میں قانون کو ایک شریف پیشہ قرار دیتا ہوں اور دوسری طرف اسکی شہرت ہے کہ وکلا میں عام طور پر ہیر پھیر اور سٹے بٹے پائے جاتے ہیں ۔ یہ دونوں چیزیں بہ وقت واحد کیسے صحیح ہو سکتی ہیں ؟ اس تباہی خیز سوال پر میں صرف یہ جواب دے سکتا تھا کہ ہر پیشے میں سیاہ بھیڑیں پائی جاتی ہیں ۔ لیکن میں نے محسوس کیا کہ میرے جواب سے سائل کو پورا اطمینان نہیں ہوا اور خود مجھے بھی اطمینان نہیں ہوا تھا۔

اس لئے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ امر کانفرنس ہذا کے لئے غور کے قابل ہے کہ آیا اس بات کا وقت نہیں آگیا ہے کہ ان امتحانوں کے معیار کو بلند کر دیا جائے جن کی کامیابی سے فہرست وکلا میں داخلے کا حق پیدا ہو جاتا ہے ۔ لیکن اس طرح کا اقدام بمشکل قابل عمل ہوگا اور بہر صورت ہندوستان کے مختلف حصہائے ملک کے امیدواروں میں نامناسب فرق کریگا اگر اس بارے میں ملک کی قانونی درسگاہوں میں عام اتفاق رائے نہ پیدا ہو جائے کہ قانونی امتحانوں کا نصاب کیا ہو اور کامیاب ہونے کا معیار کیا رکھا جائے ۔ اور بھی مسائل ہیں جو ان سے قریبی تعلق رکھتے ہیں اور اس سلسلے میں ان پر غور کرنا بھی مفید ہوگا ۔ ایک مسئلہ ہمہ وقتی اور جز وقتی اساتذہ کا ہے ۔ ایک اور مسئلہ یہ ہے کہ لکچر بڑی کثرت سے دئیے جاتے ہیں اور میں خیال کرتا ہوں کہ ان میں تخفیف کی جائے تو سبھی متعلقہ لوگوں کو بڑا فائدہ حاصل ہوگا ۔ اسیطرح اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ کلاس ورک اور ٹیٹوریل تعلیم میں اضافہ کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں صداقت سے کم کوئی چیز نہیں بیان کر رہا ہوں جب میں یہ اصرار سے بیان کروں کہ ایک سے زیادہ مقاموں پر آجکل ہندوستان میں طلبۂ قانون کے لئے یہ ممکن ہو گیا ہے کہ یل۔یل۔بی کا امتحان محض اس طور پر کامیاب کرلیں کہ چند لکچروں میں تو حاضری دیں اور اپنی پوری مدت تعلیم میں نفاذ قانون کی کوئی کتاب بھی کھول کر نہ دیکھیں ۔ ان حالات میں کیا اسے کبھی بھی یہ سیکھنے کا موقع مل سکتا ہے کہ جو مستند ماخذ ہیں ان سے استفادہ کر سکے یا قانونی اصول کی ماہیت کا محض ابتدائی تصور بھی

حاصل کر سکے؟ پھر یہ دعوے کیسے ممکن ہے کہ وہ وکیل بننے کی ذمہ داریوں کو قبول کرنے کا اہل بن گیا ہے۔

اس طرح یل یل بی کے امتحان کے قواعد میں بھی مختلف صوبوں میں قابل لحاظ فرق ہے۔ کم از کم دو جگہ تین سالہ نصاب ہے۔ باقی جگہ صرف دو سالہ۔ دو مقاموں پر انٹرمیڈیٹ کامیاب کرنے کے بعد یل یل بی کی جماعت میں شرکت ہو سکتی ہے دیگر مقاموں پر بی۔اے ہونا شرط ماتقدم ہے۔ نصاب میں بھی فرق ہے ایک جگہ کا تو مجھے علم ہے دیگر مقاموں پر بھی شاید ایسا ہی ہو کہ ضابطہ اور مماثل مضامین بھی پرچے ہیں جو میری رائے میں ایسے نہیں ہیں کہ اُن کی تعلیم دینا جامعہ کا کام ہو۔ اکثر مضامین کی ترتیب میں کوئی منطقی یا حکمیاتی طریقہ بھی نہیں برتا گیا ہے اور میری رائے میں ان کا انتخاب بھی اکثر ٹھیک طور پر نہیں ہوا ہے۔ اس بارے میں اتفاق رائے ہونا چاہیئے کہ ہر جگہ کے نصابوں میں کونسی بنیادی چیزیں مشترک رہیں۔ اگرچہ ظاہر ہے کہ مختلف صوبوں میں مقامی قانون کے متعلق خصوصی پرچے ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح میں سوچتا ہوں کہ اس بات میں بھی اتفاق رائے کی ضرورت ہے کہ بیچارے طالبعلم کو جتنے امتحانوں میں سے گزرنیکی ضرورت ہے اُن کی تعداد کیا ہو۔ میرے خیال میں اس چیز پر بھی زیادہ توجہ ہونی چاہیئے جسے میں قانون کا نظری اور حکمیاتی پہلو قرار دیتا ہوں۔ اگرچہ میں اس سے واقف ہوں کہ ہندوستان میں آجکل ایسے اساتذہ بھی ہیں جن کی محنتیں اس سلسلے میں ہر طرح کی تعریف کی مستحق ہیں۔

یقیناً میں نے اس بات کو نہیں بھلایا ہے کہ جب تک یل یل۔ بی کی ڈگری مقامی وکالت کے لئے پاسپورٹ کا درجہ رکھے اُسوقت تک عدالتہائے عالیہ کو نصاب اور بعض دیگر معاملات میں آخری لفظ کہنے کا حق ہونا چاہیئے لیکن میرے خیال میں اگر اساتذہ قانون جن میں بڑے تجربہ کار لوگ بھی شامل ہیں میرے بیان کردہ امور کے متعلق آپس میں ایک حد تک اتفاق رائے قائم کرلیں تو مختلف عدالت ہائے عالیہ سے بحث و گفتگو

بہت آسان ہو جائے۔ شاید عدالت ہائے عالیہ کے وہ جج جنہیں قانونی تعلیم کے موضوع سے خصوصی دلچسپی ہو اس بات پر آمادہ ہو جائیں کہ میرے بیان کردہ مباحث کی ابتدائی نوبت پر اپنے مشورے پیش کر سکیں۔ بہر حال اسے یاد رکھنا چاہیئے کہ کوئی طبقہ اشخاص وکالت میں نئے داخل ہونے والوں کے معیار کو بلند کرنے پر اُس سے زیادہ خوش آمدید نہیں کہیگا جتنا خود عدالت ہائے عالیہ اور مجھے کوئی شبہ نہیں ہے کہ اس غرض و غایت کیلئے کوئی کارروائی کیجائے تو اُنکی سرگرم تائید حاصل ہو گی۔

میں نے محض عام الفاظ میں اُن خطوط کی طرف اشارہ کیا ہے جن پر میرے خیال میں مباحث کو چلایا جانا مفید ہو گا۔ لیکن ایک یا دو ایسے عملی تجاویز بھی ہیں جنہیں میں کسی قدر ہچکچاہٹ کے ساتھ آپکے سامنے پیش کرنیکی جرات کرتا ہوں۔

مجھے اس سے اتفاق ہے کہ نوعمر لوگوں کو قانون کے مطالعہ کی اس وقت تک حوصلہ افزائی نہیں کی جانی چاہیئے جب تک کہ انھوں نے عمومی تعلیم کی بنیادیں اچھی مستحکم نہ کرلی ہوں۔ بدقسمتی سے محض فنون کا طیلسان لے لینا مذکورہ غرض کی تکمیل کا ضامن نہیں ہوتا اور میرے ذہن میں یہ آتا ہے کہ کوئی جامعہ تجربے کے طور پر ایک ایسا نصاب شروع کرے جس میں قانون کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک زیادہ عمومی تعلیم کے عناصر بھی شریک ہوں۔ فی الوقت نوجوان طالب علموں کو بی۔ اے کرنے کیلئے چار سال لگتے ہیں (اور ایک جامعہ میں تین سال) پھر ایل۔ ایل۔ بی کیلئے مختلف مقاموں کے لحاظ سے دو یا تین سال مزید درکار ہوتے ہیں۔ فرض کرو کہ اُسے ایک ایسی ڈگری کا موقع دیا جائے جسے کیمبرج کی نہج پر بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی کہیں، پر اُس کے لئے بحیثیت مجموعی چار سالہ نصاب ہو اور یہ اصولاً قانونی علوم ہی کی تعلیم پر مشتمل ہو البتہ اُس میں تاریخ اور سیاسیات کے عمومی پہلوؤں کا قوی عنصر شامل ہو۔ یہ امتحان دو حصوں میں منقسم کیا جا سکتا ہے پہلا امتحان دو سالہ تعلیم کے بعد اور دوسرا ختم نصاب پر پہلے حصے میں زیادہ تر نصاب کے اُن عناصر پر زور دیا جائیگا جو تاریخ اور سیاسیات

کے متعلق ہیں لیکن یقیناً کلیتہً محض انہیں پر اکتفا نہیں کیا جائیگا۔ اور دوسرا حصہ زیادہ (گو کلیتہً نہیں) قانونی ہوگا اور طالب علم اس نصاب کے آغاز ہی سے قانونی چیزوں کا مطالعہ شروع کر دیگا۔ یہ آنرس کا نصاب ہونا چاہیئے اور کسی شخص کو اس میں اسوقت تک داخلہ نہیں دیا جانا چاہیئے جب تک کہ وہ سترہ سال کا نہو چکا ہو۔ میں پھر بھی اصرار کروں گا کہ "ذریعہ اظہار خیال کے طور پر انگریزی زبان کا ایک عام نصاب" بھی شامل ہو۔ واوین میں دیئے ہوئے الفاظ اس قرار داد سے لیئے گئے ہیں جو گزشتہ دسمبر میں جامعات ہند کی پانچویں پنجسالہ کانفرنس میں منظور ہوئی تھی اسکے شمول کی وجہ یہ ہے کہ مجھے ہر طرف سے اس بات کی شہادت ملی ہے کہ آجکل بہت سے ایل۔ ایل۔ بی انگریزی میں کمزور ہوتے ہیں۔ میں نے یہ چیز اس بناء پر نہیں کہی ہے کہ مجھے قدرتی طور پر اپنی زبان کی تائید کا میلان ہے بلکہ اس لئے کہ جب تک انگریزی زبان اعلیٰ تر عدالتوں کی زبان ہے اور جب تک کہ تمام ہندوستانی رپورٹیں انگریزی میں چھپتی ہیں اُس وقت تک کسی اور شعبۂ حیات کے طلبہ کے مقابلہ میں قانون کے طالبعلم کیلئے انگریزی زبان کی اچھی علمی واقفیت زیادہ ضروری ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جو نوجوان اسطرح کا نصاب لے گا، اور اپنے دونوں امتحانوں کو اچھی طور پر کامیاب کر لیگا۔ اور مجھے اسپر اصرار ہے کہ کامیابی کا معیار بلند ہونا چاہیئے۔ تو نہ صرف اُسے اچھی عمومی تعلیم حاصل رہیگی، بلکہ بعد میں اُسے اپنے پیشے میں مناسب طور پر لیس ہو کر داخلہ حاصل ہو سکیگا۔ میرے خیال میں یہ ناممکن نہیں ہے کہ جو لوگ قانون پیشہ بننے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں اُن میں سے بھی بعض اس قسم کا نصاب لینا چاہینگے۔ اسکو بہت زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ میرے وطن میں قانون کی اچھی واقفیت کو ہر پڑھے لکھے آدمی کے ذہنی ساز و سامان کا لازمی حصہ سمجھا جاتا تھا۔ اس میں کیا شک ہے کہ تعلیم کے نصاب قانون کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہتیار کم ہی ہیں اور اگر اس طرح کی تعلیم کے ساتھ ایسی چیزیں شامل کر دی جائیں جن کو بعض لوگ عمومی

عناصر خیال کرینگے تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک ایسی ذہنی تربیت دے دی جائے گی جس سے کوئی نوعمر پیشہ' قانون کے علاوہ بہت سے دیگر شعبہ ہائے حیات میں بھی کامیابی سے چل سکنے کے قابل ہو جائیگا۔

قانونی تعلیم کے اس مشکل مسئلے سے بحث کرنے کے لئے کانفرنس ہذا کے لئے یہ مناسب ہوگا کہ ایک ایسی چھوٹی سی کمیٹی مقرر کرے جو وقت بوقت جمع ہو اور اسکے سامنے پیش کئے جانے والے معاملات کی جانچ کرے اور ایک وسیع تر جماعت کے سامنے روانہ کیا کرے۔ ظاہر ہے کہ خط و کتابت اور مختلف موضوعوں پر یادداشتوں کے تبادلے سے بہت سا کام انجام پا سکیگا تاکہ اجلاسوں کی کثرت کی ضرورت کو جہاں تک ہو سکے گھٹایا جا سکے اور آجکل کے مشکل زمانوں میں سفروں کا انتظام آسان نہیں۔ مجھے ایک اور تجویز بھی پیش کرنی ہے۔ تیس چالیس سال کا زمانہ ہوا کہ آنجہانی ایڈورڈ جینکس نے (جسکی کتابوں سے بے شبہہ آپ میں سے ہر ایک واقف ہے اور جس نے انگلستان میں قانونی تعلیم کے لئے بہت بڑا کام کیا ہے) اساتذہ قانون کی ایک انجمن قائم کی جس نے بہت جلد تقریباً اُن تمام لوگوں کو اپنے اندر شامل کر لیا جو جامعات اور دیگر مدارس میں قانون کی تعلیم میں مشغول تھے۔ اس زمانے میں میں خود بھی قانون کا ایک مدرس تھا اور اس انجمن کے ابتدائی ارکان میں سے ایک تھا۔ گو بعد میں اُس نے مجھے اپنے اعزازی ارکان میں داخلے سے سرفراز کیا۔ یہ انجمن گذشتہ بہت سے سالوں سے ایک بہت ہی با اثر جماعت ہو گئی ہے اور اعلیٰ ترین قانونی افسر بلکہ خود حکومت بھی بہت سے اقسام کے قانونی موضوعوں کے متعلق اسکی رائے اور مشورے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اتفاق کی بات ہے کہ چند ہی دن ہوئے مجھے اپنے ایک پرانے دوست کے پاس ایک خط وصول ہوا ہے جو آکسفورڈ میں قانون پڑھاتا ہے اور اس انجمن کا رکن ہے۔ اُس نے مجھے لکھا ہے کہ کس طرح اس انجمن کی کمیٹی نے دفتر فوج کو اس بات پر توجہ دلائی کہ جو طلبہ فوج میں بھرتی ہوئے ہیں انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے

مدد دی جائے اور یہ کہ کسطرح یہ تجویز بالآخر ترقی پاکر ایک وسیع تعلیمی اسکیم کی صورت اختیار کر گئی، جو دفتر فوج نے برّی بحری اور ہوائی تینوں قسم کے لوگوں کے متعلق نافذ کی۔ میرا یہ دوست اس کمیٹی کا میر مجلس ہے جو اس اسکیم کے قانونی پہلو سے سروکار رکھتی ہے۔ اس کمیٹی میں نہ صرف اس انجمن کے نمایندے ہیں بلکہ قانونی تعلیم کی کونسل کے بھی (جو وکلاء سے متعلق ہے) اور انجمن قانون کے بھی (جو مشیران قانون کے طبقہ سے متعلق ہے) اور اس میں تعلیم فوج کا ڈائرکٹر بھی موجود ہے۔ یہ بیان کرنے سے میرا مقصد اس بات کی ایک مثال دینا ہے کہ کسطرح اسطرح کی کوئی انجمن خدمت انجام دے سکتی ہے اگر وہ اپنا کام سیدھے طریقے سے کرے اور سرکاری افسروں کا اعتماد حاصل کرلے۔ کیا اس طرح کی کوئی تنظیم ناممکن ہے؟ مجھے اس کا پورا احساس ہے کہ ہندوستان میں مسافتوں کی طوالت اور مصارف سفر کے باعث بہت سی مشکلیں ہیں لیکن اسطرح کی انجمن یا تنظیم میں جو فوائد مضمر ہیں وہ میرے خیال میں اتنے اہم ہیں کہ ان مشکلوں کو گوارا کرنا چاہیئے مجھے وہ جواب یاد آرہا ہے جو فی الوقت انگلستان میں جنگی سربراہی اور مماثل معاملات کی ایک بڑی تنظیم کے صدر کی طرف منسوب ہے۔ اُس سے کسی نے اُسکی مشکلوں کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دیا کہ "اگر کام صرف مشکل ہو تو ہم اسے فوراً کر ڈالتے ہیں لیکن اگر وہ ناممکن ہو تو اُسے ذرا زیادہ وقت لگتا ہے"۔

یہ خطبہ اس سے زیادہ طویل ہوگیا جتنا کہ میرا ارادہ تھا اور مجھے اب اسے ختم کر دینا چاہیئے لیکن ایسا کرنے سے پہلے آپ مجھے اجازت دیں کہ ایک شخصی معروضہ کروں۔ مجھے واقعی رنج ہے کہ آج کی کرسی صدارت جسکی مجھے نہایت مہربانی سے دعوت دی گئی ہے لینے کے ناقابل ہوں جسکی مجھے آرزو تھی لیکن مجھے اپنے طبیب کے احکام کی تعمیل کرنی ہے اور یہی وہ آمر (ڈکٹیٹر) ہے جسکے احکام کی تعمیل کسی قانون داں کو بھی کرنے میں شرم کی ضرورت نہیں ہوتی۔ میں کئی وجوہ سے آنا چاہتا تھا۔ پہلے اسلئے کہ میں عرصہ دراز سے حیدرآباد کو جانتا اور اسکی قدر کرتا ہوں اور وہاں میرے بہت سے دوست ہیں۔ مزید برآں اسلئے بھی کہ مجھے ایک زمانے میں ہندوستان کی دنیائے قانون میں ایک ذمہ دار خدمت پر فائز ہونے کا موقع رہا ہے اور اگرچہ اب میں وظیفہ لے چکا ہوں لیکن میں اسے اپنا فریضہ سمجھتا ہوں کہ اس پیشے کے مفادات اور بہبودی کو ترقی دینے کیلئے جس سے مجھے اب بھی تعلق رکھنے کی عزت حاصل ہے، اپنی امکانی کوشش کروں، اور آخر میں اسلئے بھی کہ میرے ہندوستان میں آنے کے

بعد سے یہاں کے اہلِ قانون نے مجھ سے ہمیشہ کچھ اتنی عنایت اور لحاظ کا برتاؤ کیا ہے اور میرے ہندوستان کے مختلف اقطاع میں اتنے زیادہ دوست ہیں کہ اپنے آپکو دوبارہ ان میں پاکر مجھے مسرت ہوتی اور گزشتہ تعلقات کی یاد تازہ ہوسکتی لیکن اگر میں آج شخصی طور پر آپکے ساتھ نہیں ہوں تو میں آپکو یقین دلا سکتا ہوں کہ روحی طور پر آپکے ساتھ ہوں اور آپکے مباحث کو دلچسپی کے ساتھ سن رہا ہوں اور مجھے توقع ہے کہ مجھے اپنے دوست نواب ناظر یار جنگ بہادر اور اس کانفرنس کے مستعد معتمد کے پاس سے کانفرنس کی ایک مکمل رپورٹ بھی وصول ہوجائیگی۔ مجھے توقع ہے بلکہ یقین ہے کہ آپکی کوششوں سے بہت کچھ بھلائی کا سامان ہوگا۔ قانون دانوں میں چاہے کتنی ہی خامیاں ہوں (اوران کے ناقد یقیناً اُن کو یہ بھولنے کا موقع نہیں دیتے کہ اُن میں قابل لحاظ خامیاں ہیں) بہرحال وہ اس بات پر قادر ہیں کہ اگر وہ عقل اور سمجھ سے کام کریں تو ملک کی بڑی خدمت انجام دے سکیں۔ قانون کا پیشہ حال حال تک ہندوستان کی پبلک زندگی کا ایک واحد مقام تھا اور ناگزیر وکیلوں کی اکثریت حکومت کی مخالف تھی کبھی کبھی مجھے یہ خیال ہوتا ہے کہ اسطور پر انہوں نے اپنی دیگر قوتوں کو نقصان پہنچا کر تنقیدی قوت کو زیادہ ترقی دے دی ہے اور یہ کہ انہیں ابھی تک پوری طرح اندازہ نہیں ہوا ہے کہ آیندہ ایسے حالات آنے والے ہیں جن میں تنقیدی سے زیادہ تخلیقی اور تعمیری قوتوں کی ضرورت ہوگی۔ دستور سازی کا میں ذکر کر چکا ہوں لیکن اور بھی اہم ترین قسم کے تعمیری کام پیش آنیوالے ہیں جن میں اُن کے ہم وطن اُنکی خدمات سے بآسانی دستبردار نہیں ہوسکینگے کیونکہ انہیں لوگوں نے قانونی تربیت کی شدید ذہنی ڈسپلن یا ضبط سے اپنے کو گذار لیا ہے اور انہوں نے یہ سیکھ لیا ہے کہ اپنے خیالات کو کس طور پر واضح اور صاف انداز میں ظاہر کریں۔ اُن عظیم اور جاندار مسائل میں جو آپکے سامنے ہیں خود میں حصہ نہیں لے سکوں گا لیکن اُن میں جو مشکل ہے اور اسکی جو عظمت ہے اُسکا کسی قدر اندازہ رکھنے کے باعث میں آپکی کوششوں کا عظیم اور ہمدردانہ دلچسپی سے مشاہدہ کرتا رہونگا اور یہ یقین کرونگا کہ نتیجہ وہ ہوگا جس سے آپکے پیشے کو عزت اور آپکے ملک کو عظیم منافع حاصل ہونگے۔ اب اسطرح آپکی کارروائیوں پر خدا کی برکتوں کی دعا کرتے ہوئے مجھے افتتاحی خطبے کو ختم کرنیکی اجازت مرحمت ہو۔ (ترجمہ)

خطبۂ صدارت

از نواب میر اکبر علی خاں صاحب بیرسٹر اٹ لا

محترم صدرِ کانفرنس و معزز حضرات - کل ہند کانفرنس قانون جسکو پہلی مرتبہ حیدرآباد میں منعقد کیا گیا ہے اور جس کے متعلق تمام مشاہیر قانونی نے اپنے اچھے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اُسکی صدارت کی اتفاق سے کچھ ایسی صورت رہی کہ جن حضرات کو صدارت کے لئے منتخب کیا گیا تھا ان میں سے بعض کسی نہ کسی وجہ سے شرکت نہ فرما سکے - چنانچہ آج کے جلسے کی صدارت کے لئے ہمارے ممتاز ایڈوکیٹ جناب دیوان بہادر اروامودو اینگار صاحب منتخب ہوئے تھے لیکن وہ کسی اہم ضرورت سے بیرون حیدرآباد چلا جانے کی وجہ سے آپ کا یہ قرعہ فال مجھ پر پڑا ہے اور میں آپ کے حکم کی تعمیل میں اس اہم ذمہ داری کو قبول کرتا ہوں اور اس عزت افزائی کے لئے خلوص دل سے شکر گذار ہوں -

اب قبل اسکے میں بعض مسائل پر اپنے خیالات ظاہر کروں آپ کو دیوان بہادر کا خطبہ پڑھکر سناؤنگا جو صاحب موصوف نے اس جلسہ کے لئے مرتب کیا ہے - اُمید ہے کہ صاحب موصوف کے قیمتی خیالات سے آپ ہم مستفید ہونگے -

خطبہ پڑھنے کے بعد یہ تقریر کی گئی :-

حضرات - میں سمجھتا ہوں کہ جن حضرات نے اس آل انڈیا لا کانفرنس کی بنیاد ڈالی ہے وہ قابلِ مبارکباد ہیں - یہ پہلا اجتماع ہے کہ جس میں ارکین عدالت، پروفیسرس وو کلا رشتہ کہ طور پر باہم تبادلہ خیالات کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں تاکہ قانون کی اصل غرض و غایت بہتر طور پر حاصل ہو اور اس خصوص میں جو مفید تجاویز حاصل ہو سکتے ہیں انکو

رو بہ عمل لایا جائے۔ مجھکو افسوس ہے کہ اتنا موقع نہیں ملا کہ میں اپنے خیالات قلمبند کرسکوں اسلئے کہ ایسی محفل میں جہاں حیدرآباد اور بیرون حیدرآباد کے قانون سے خاص دلچسپی رکھنے والے ممتاز حضرات موجود ہوں فی البدیہہ تقریر کی کوشش کرنا ایک بیجا جرأت ہے۔

حضرات۔ پہلا مسئلہ جس کے متعلق میں آپکی توجہ منعطف کرنا چاہتا ہوں وہ حیدرآباد کی آئینی دستوری حیثیت کا مسئلہ ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ اس خصوص میں جس قدر توجہ علمی نقطہ نظر سے قانون دان حضرات کی ہونی چاہیئے اس وقت تک نہیں ہوئی ہے۔ حیدرآباد کی دستوری حیثیت کے تعین کے لئے اسکی تقریباً (۲۰۰) سالہ تاریخ پر غور کرنا ہوگا۔ اور نہ صرف ان تعلقات پر جو سلاطین مغلیہ سے تھے اور رفتہ رفتہ ہوتے ہوتے منقطع ہوگئے بلکہ ان معاہدات و تہہ نامجات پر بھی تفصیلی نظر ڈالنا ہوگا جو سلاطین آصفیہ نے مختلف اقوام بالخصوص ایسٹ انڈیا کمپنی سے کئے ہیں۔ نیز ان امور پر بھی غور کرنا ہوگا کہ مرور زمانہ کی وجہ کیا اشکال پیدا ہوئے اور اسکی حیثیت قانونی کیا ہے۔ اس خصوص میں مثالاً یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد کے اقتدار اعلیٰ کا وہ جزء جس کا تعلق دوسری حکومتوں سے معاہدات اور معاملات کرنے کا ہے وہ ایسٹ انڈیا کمپنی اور بالاخر حکومت برطانیہ کے مشورے کا تابع کیا گیا ہے۔ اسطرح حیدرآباد کے ساورنٹی (اقتدار اعلیٰ) کے متعلق آپکو علمی نقطہ نظر سے بہت کچھ چھان بین کرنی ہیں تاکہ صحیح صورت حال واضح ہو اور اہل ملک کی رہنمائی ہوسکے۔ مجھکو یہ عرض کرنے کی ضرورت نہیں کہ جن حضرات نے مختلف تہہ نامجات وغیرہ کا مطالعہ کیا ہے وہ یہ محسوس فرمائینگے کہ قطع نظر چھوٹی ریاستوں کے ریاست میسور، کشمیر جیسی ریاستوں کے آئینی حیثیت میں اور سلطنت حیدرآباد کی آئینی حیثیت میں بین فرق اور امتیاز ہے۔ میں سیاسی مسائل میں آپ کو لیجانا نہیں چاہتا لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ اسکی شدید ضرورت ہے کہ اس مسئلہ کے متعلق علمی اور قانونی نقطہ نظر سے تحقیق اور جانچ کیجائے اور مملکت حیدرآباد کی دستوری حیثیت کے متعلق کوئی مستند مقالہ یا کتاب لکھی جائے۔

مجھکو بطور خاص بیرون ملک سے تشریف لانے والے حضرات سے توقع ہے کہ حیدرآباد کے
دستوری مسائل پر بنظر غائر توجہ فرمائینگے اور عام طور پر ریاستوں کے ساتھ مملکت حیدرآباد کو
شریک کرکے مثل ایک ریاست کے جو غور کیا جاتا ہے اسمیں امتیاز فرمائینگے تاکہ ہندوستان کی
دستوری تبدیلیوں میں حیدرآباد کو صحیح مقام حاصل ہوسکے۔

اسکے بعد دوسرا مسئلہ جسکی طرف میں آج کی صحبت میں آپکی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں
وہ مسئلہ حیدرآباد کے عطیات یعنے جاگیرات سمستانات وغیرہ کا ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ
برطانوی ہند میں بڑی زمینداریاں اور مماثل اسٹیٹ پائے جاتے رہے۔ لیکن حیدرآباد میں
ایک خاص قانونی سسٹم عطیات کی حد تک نشو نما پایا ہے جو خاص امتیاز رکھتا ہے عطایاء
کے متعلق ایک تفصیلی تختہ جس میں نہ صرف مختلف اقسام عطایاء کے بتلائے گئے ہیں بلکہ
دیگر تفصیلات بھی ظاہر کئے گئے ہیں میرے شریک نواب محمد بدرالدین خاں لکچرار عثمانیہ
یونیورسٹی نے مرتب کیا ہے جو قانونی نمائش میں جس کا انعقاد اسی سلسلہ میں ہوا ہے
آویزاں کیا گیا ہے۔ لیکن میں بعض خصوصیات کی طرف آپ کی توجہ منعطف کراونگا تاکہ آپ
حضرات اس طرف توجہ کریں اور جانچ اور تحقیق کے بعد مفید معلومات فراہم کرسکیں۔

حیدرآباد میں تقریباً رقبہ کا ⅔ حصہ جاگیرات و سمستانات وغیرہ میں بشکل عطایاء
دیا گیا ہے جسکی موجودہ آمدنی تقریباً چار کروڑ ہے اور جس کے متعلق معمولی عدالت ہائے
دیوانی کو اختیار سماعت حاصل نہیں ہے بلکہ اسپیشل عدالت عطیات مقرر کیگئی ہے چنانچہ
قانون اور ضابطہ عطیات کے متعلق بیرون ملک کے ممتاز ایڈوکیٹس نے بھی بعض مشکلات کو
محسوس فرمایا ہے جن کو مستند تصفیہ و تالیف سے دور کیا جانا ضروری ہے۔

اس عطیہ جائداد کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ہر عطیہ دار کے انتقال پر یہ جائداد
معطی کے حق میں مسترد ہوتی ہے نہ صرف یہی بلکہ قانونی نقطہ نظر سے معطی مقتدر یعنی
فرمانروائے مملکت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ معطی لہ کے زندگی میں بھی اس جائداد کو

اس سے واپس لے لیں۔ لیکن سلاطین آصفیہ کے روایات یہ رہے ہیں کہ معطی لہ کے خاندان میں معاش تابع تحقیقات وراثت جاری رکھی جائے۔ چنانچہ حضرت غفران مکانؒ نے فرمان مبارک میں جو بذریعہ گشتی نشان (۱۷) بابتہ ۱۳۱۲ف نافذ ہوا ہے یہ واضح کیا ہے کہ سلاطین آصفیہ کی پالیسی معطی لہ کے خاندان کی پرورش رہی ہے اور رہے گی۔ چنانچہ اعلیحضرت بندگانعالی نے بھی بمراحم خسروانہ اسی پالیسی کی توثیق فرمائی ہے اور روایات قدیمہ کے احترام میں ہر معطی لہ کے ورثاء کو معاش دیجاتی رہی ہے۔ یہ مسائل ایسے ہیں جن میں علمی جستجو اور توجہ کی ضرورت ہے تاکہ قانونی صورت حال واضح ہو۔

دوسری خصوصیات عطیات کی یہ ہے کہ ہر معاشدار کے انتقال پر نہ صرف وراثت لازمی ہے بلکہ احکام شرع و شاستری جن کی پابندی جائداد خانگی میں جیسے لازماً ہوتی ہے جائداد عطیہ سلطانی میں نہیں کیجاتی چنانچہ فرمان مبارک مرقومہ ۷ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ جس کو "فرمان راست ورثاء" کہا جاتا ہے اور جس سے بعض ورثاء شرعی و شاستری محروم ہوتے ہیں کارروائی ہائے وراثت میں قانون کا درجہ رکھتا ہے اسی طرح دختران کے حقوق کے متعلق جو احکام ہیں اور تبنیت کے متعلق جو گشتیات ہیں ان سے واضح ہوگا کہ احکام شرع و شاستر میں تا بحد عطیۂ سلطانی تبدیل و ترمیم کیگئی۔ عطیات کا یہ پہلو بھی کافی وضاحت طلب ہے۔

تیسری چیز عطیات کے سلسلے میں جو میں آپکی توجہ میں لانا چاہتا ہوں وہ ان معاشوں سے متعلق ہے جو باغراض مذہبی درگاہ و دیول وغیرہ کے نام دیئے گئے ہیں۔ اس نوعیت کی معاشوں کے متعلق خاص احکام ہیں تاکہ جس مقصد کے لئے یہ معاشیں دیگئی ہیں وہ بدرجہ احسن پورے ہوں۔ اس قسم کی بھی لاکھوں کی معاشیں ہیں جن سے عرس جاترا وغیرہ کے انتظامات کئے جاتے ہیں۔ اس امر پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ان معاشوں کا بلحاظ احکامِ سند و ضروریات مذہبی بہترین مصرف کیا ہو سکتا ہے۔

یہ چند امور ہیں جن کے متعلق میری درخواست ہے کہ آپ حضرات اپنی توجہ

منعطف کر کے ایسی تحقیق و جانچ فرمائیں جو صحیح رہنمائی کا باعث ہو سکے۔ میں ممنون ہوں کہ آپ حضرات نے میری گذارشات کو بتوجہ خاص سماعت فرمایا۔ اب میں اپنی تقریر کو ختم کرتے ہوئے ڈاکٹر میر سیادت علیخاں صاحب سے خواہش کرتا ہوں کہ وہ اپنا مقالہ سنائیں صاحب موصوف کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں میں اسقدر ضرور کہونگا کہ اگرچہ ڈاکٹر صاحب انتظامی محکمہ میں کام فرمارہے ہیں لیکن علمی ذوق ویسا ہی قائم ہے جیسا کہ عثمانیہ یونیورسٹی کی پروفیسری کے زمانہ میں تھا۔ مجھے یقین ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا مقالہ پر از معلومات اور دلچسپ ہوگا۔

تقریر

رائٹ آنریبل ڈاکٹر سر تیج بہادر سپرو

بتاریخ ۱۸ ارشہریور سنہ ۱۳۵۳ف م ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۴۴ء شام کے (۶) بجے بمقام ٹاؤن ہال کل ہند کانفرنس قانون کی خصوصی نشست میں جس کی صدارت سر عبدالقادر نے فرمائی سر تیج بہادر سپرو نے انگریزی میں ایک فی البدیہہ تقریر کی۔ اس کا خلاصہ درج ذیل ہے:—

حضرات و اہل قانون!

مجھے اہل قانون و ارکان کل ہند کانفرنس قانون کو مخاطب کرتے ہوئے بڑی مسرت حاصل ہو رہی ہے۔ میرے دل میں حیدرآباد کیلئے خاص احترام ہے اور مجھے افسوس ہے کہ میں کانفرنس کے ابتدائی اجلاسوں میں شریک نہ ہو سکا۔ مجھ سے سر مورس گایر نے تار پر خواہش کی تھی کہ کانفرنس کے افتتاح کے وقت اُن کی جگہ موجود رہوں۔ موصوف کے ولولہ انگیز اور عالمانہ خطبے سے جو انہوں نے از راہ عنایت بھیجا، آپ سب مستفید ہو چکے ہیں۔ موصوف بہ حیثیت ایک انسان اور ایک جج کے ایک عظیم مرتبت رکھتے ہیں میں انہیں پندرہ بیس سال سے جانتا ہوں اور ان کا اس کانفرنس سے تعاون کرنا ہر طرح اطمینان آفریں ہے۔ منتظمین کانفرنس نے مجھے ایک تقریر کیلئے مدعو فرما کر اپنی عنایت کا ثبوت دیا ہے۔

سر مورس گایر نے نہ صرف اپنے عہدے کو اپنی شخصیت سے اعزاز بخشا تھا بلکہ وہ قانون دانوں میں ایک ایسا بلند مرتبہ رکھتے ہیں جو قانون پیشہ لوگوں کو کم میسر ہوتا ہے جو الذکر روپیہ کمانا اپنا مقصد سمجھتے ہیں، علم قانون کو ترقی دینا نہیں۔ سر مورس کے چند فیصلے

بھی آپ پڑھیں تو آپ کو ان کی نظر کی وسعت اور رائے کی آزادی کا کھلا ثبوت مل جائے گا۔

حضرات آپ نے مجھے اپنی مہربانی سے مدعو کیا ہے۔ میں جرأت کرتا ہوں کہ اپنے چند خیالات علم قانون کے متعلق اور چند خیالات پیشۂ قانون کے متعلق عرض کروں۔

قانون پر بلاکسٹن کی مشہور کتاب پڑھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ اس کے ہاں محض بے جان تذکرۂ قانون نہیں ہے بلکہ وہاں ایک انبج، ایک زندگی، ایک جاوید دلچسپی کا سامان ہے۔ ہندستانی جامعات میں علم قانون پر زیادہ توجہ نہیں ہوتی۔ محض خداداد قابلیتیں بھاشیم آئنگار جیسے لوگوں کو اس شعبے میں جگہ آپ پیدا کر لینے کے قابل بناتی رہی ہیں۔ ہمارے طلبہ کو محض ایکٹ پڑھائے جاتے ہیں اور وہ ان کی شرح رٹ لیتے ہیں۔ حالانکہ قانون شہادت وغیرہ کا علمی نقطۂ نظر سے مطالعہ بیحد ضروری ہے تاکہ اس پر حقیقی قدرت اور عبور حاصل ہو۔ قانون دستور تک ہمارے ہاں بے جان سا ہے۔ دستور سازی میں نظر کی وسعت اور ملک کے مستقبل کا اہتمام ہونا چاہیئے۔

ہندستان میں بڑے بڑے جج اور وکلا بہت سے ملینگے لیکن ماہرانِ علمِ قانون کی تلاش کی جائے تو خال خال ہی نظر آتے ہیں۔ ہم سید محمود اور سید امیر علی پر فخر کر سکتے ہیں۔ جسٹس سیّد محمود کے فیصلوں کو پڑھ کر ان کی نظر اور فکر کی وسعت سے میں حیرت زدہ رہ جاتا ہوں۔ یہ لوگ صرف جج ہی نہیں تھے بلکہ علم قانون کے ماہر بھی تھے۔ امیر علی کی عالمانہ تالیفیں آپ سب کو معلوم ہیں۔ لیکن ہمارا ہر جج ان کے جیسا عالم نہیں ملتا۔

ہمارے ملک میں قانون میں تحقیقی کاموں کی بڑی گنجائش باقی ہے۔ شرع و شاستر کے وسیع میدان اب تک سنسان پڑے ہوئے ہیں جہاں جولانیٔ طبع دکھانے والا کوئی شہسوار کم ہی جاتا ہے۔ بہت سے نظریے ایسے ہزاروں سال پہلے ہندو یا مسلمان ماہران قانون بیان کر چکے ہیں اور آج اسی چیز کو کوئی اہل مغرب بیان کرتا ہے تو ہم سر دھننے لگتے ہیں۔ پانچ سال

قبل حیدرآباد کی عدالت میں ایک اردو بحث کے وقت میں ایسے ہی مسائل عربی حوالوں سے معلوم کر کے حیرت زدہ رہ گیا تھا۔ امام ابو یوسف کے بیان کردہ متعدد مسائل ایسے ہیں جو جدید بد ترین تصورات کی ہزار سال پہلے تکمیل کر چکے ہیں۔ غرض دھرم شاستر اور شرع شریف میں تحقیقات کی گنجائش غیر محدود ہے۔

اپنے مسلمان دوستوں سے میں کہونگا کہ اسلامی قانون صرف وہی نہیں ہے جو برطانوی ہند یا دیسی ریاستوں کی عدالتوں میں نافذ کیا جاتا ہے۔ اس کی وسعت اور اس کے حدود اس سے بہت زیادہ ہیں۔

حیدرآباد میں نظم عدل گستری کی اصلاحوں سے میں بڑا متاثر ہوا ہوں۔ حال میں اجلاس منصفہ کے اختیارات میں اضافہ ہو کر بھی ایک دیرینہ ضرورت کی تکمیل ہو گئی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ حیدرآباد کا نظام مطلعیت کو پہنچ گیا ہے۔ بہرحال حیدرآباد میں جس آزادی سے اصلاحوں کو نافذ کیا جاتا ہے وہ اگر آئندہ بھی باقی رہے تو بڑی بڑی توقعات کی جاسکتی ہیں حیدرآباد نے ایک قانونی زبان بھی بنالی ہے جس طرح انگلستان وغیرہ میں ملکی زبان کے علاوہ ایک مستقل قانونی زبان ہے۔ اور یہ ضروری و ناگزیر ہے۔ اور کوئی وجہ نہیں کہ حیدرآباد کا اپنا بار سٹر کیوں نہ ہوا کرے۔ آپ کو اس پر توجہ کرنی چاہئیے

آپ کی کانفرنس اخلاقی خدمت بھی بہت کچھ انجام دے سکتی ہے۔ اور رہنیوں میں بھی اخلاق کی ترقی کی ضرورت ہے لیکن میں اس وقت صرف اپنے ہم پیشہ افراد کا ذکر کر رہا ہوں۔ ان کے اخلاق کا معیار بلند تر کرنے کی شدید ضرورت ہے۔ انگلستان میں فضول اور بے وجہ مقدمہ بازی نہیں ہوتی اور وکلا ایسے مقدموں کو لیتے ہی نہیں اور موکل کی بے وجہ مقدمہ بازی کے لئے کبھی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی۔

وکیل کو مذہبی تعصب سے بالا ہونا چاہئیے اور موکل کے مذہب کا قطعی لحاظ کئے بغیر انصاف حاصل کرنے کی اسے کوشش کرنی چاہئیے۔ ہندو موکل مسلمان کو اور مسلمان موکل ہندو کو وکیل مقرر کرے تو

تو وکیل کی حیثیت مسلمان یا ہندو کی نہیں بلکہ وکیل کی ہوتی ہے۔ اس بارے میں بھی ہم انگریز سے
ابھی سبق لے سکتے ہیں۔

حیدرآباد نے عدل گستری کی طرح قانون کی تعلیم اور علم کی بھی اتنی خدمت کی ہے کہ بے ساختہ داد
دینی پڑتی ہے۔ آپ کو کوشش کرنی چاہیئے کہ اس پہلو کو ترقی دیں اور ملک میں آپ کے ال ال بی بہترین
عالم قانون اور ماہر دستوریات سمجھے جائیں اور حیدرآباد سے بھی لوگوں کو وکالت کے لئے باہر جانا چاہیئے
جس طرح مثلاً میں باہر سے حیدرآباد آیا ہوں۔ آپ ہندستان کی سب سے مقدم ریاست سے تعلق رکھتے
ہیں۔ آپ کو قانون دستوری میں تحقیقات پر بطور خاص متوجہ و منہمک رہنا چاہیئے۔

اب تک ہم اپنی چیزوں کا انگریزی نقطہ نظر سے مطالعہ کرتے رہے ہیں اب ضرورت ہے کہ
اپنے نقطۂ نظر سے بھی مطالعہ کریں اور مثلاً مسئلہ اقتدار اعلیٰ اور اقتدار برتر کی تحقیقات اور تقابلی
مطالعہ بہت مفید امر ہو سکتا ہے۔

مجھے امید ہے کہ آپ نے جو کانفرنس یہاں آغاز کی ہے وہ اپنے تجاویز کو کامیاب کرائیگی
اور علم قانون سے دلچسپی بڑھانے میں حصہ لیگی۔ اس لئے مجھے آپ کے کام سے بڑی مسرت ہوئی اور
خلوص سے متمنی ہوں کہ ملک آپ کا ہاتھ بٹائیگا۔ آپ کے فینانس ممبر مولوی غلام محمد صاحب بھی آپ
کو ضرور دل کھول کر مدد دینگے۔ آپ کی حکومت ایسے علمی معاملات میں ہمدردی کے لئے شہرۂ آفاق
ہے۔ وہ ضرور آپ کی ضرورتوں کا پورا پورا لحاظ کریگی۔

عدل گستری کے بنیادی اصولوں کا ارتقاء

انصاف حاصل کرنے کا ابتدائی طریقہ

تمدن کو باہمی اختلاف کی قربان گاہ پر بھینٹ نہ چڑھا دینے کیلئے انسانی ذہن نے سلطنت اور حکومت کے آئینی طریقوں پر رسائی حاصل کرلی اور انسانوں کے مختلف گروہوں اور افراد کی روزمرہ زندگی اور نیز باہمی معاملات میں توازن قائم رکھنے کے لئے حکومت کے قواعد وضوابط میں ایک قومی محافظ تلاش کر لیا گیا۔ لیکن قبل اس کے کہ انصاف رسانی کی یہ ارتقائی شکل صورت پذیر ہوتی ہر انسان اپنے حقوق کے اتلاف کی بناء پر ان کی بابحالی کیلئے اپنے حسب دل خواہ عمل کرنے لئے بالکلیہ آزاد تھا۔ مظلوم کا اپنے مخالف سے خود ہی انتقام لینا ابتدائی تمدنی زندگی کا عام طریقہ تھا[1]

تشدد آمیز طریقہ سے اپنی مدد آپ کر لی جاتی تھی اور اگر ضرورت ہوتی تو شخص متضرر کے دوست اور اصحاب قرابت کی تائید اور ان کا تعاون بھی حاصل ہو جاتا[2]

اس صورت حال نے ترقی کرکے جو نوعیت اختیار کرلی تھی اس کو یوں بیان کیا جاسکتا ہے :-

"وحشی جماعت میں رشتہ نسب نے جو استحکام پیدا کر لیا تھا اسکی بناء پر اگر ایک رکن کوئی قصور کرتا تو اس قصور کا بدلہ لینے کے لئے کسی دوسرے ایسے رکن پر حملہ کیا جاسکتا جو اس قصور میں شریک نہ ہوتا۔ اس کا جرم صرف یہ ہوتا تھا کہ اس کی رگوں میں بھی وہی خون دوڑ رہا ہے جو صاحب قصور کی رگوں میں۔ ایک انتقام کا نتیجہ دوسرا انتقام ہوتا اور یوں خونی نزاعوں کا سلسلہ جاری رہتا۔ صورت حالات شخصی

---

[1] ام۔ چمبرز۔ تاریخ دستور انگلستان۔ ترجمہ سید علی رضا۔ سلسلہ جامعہ عثمانیہ صفحہ (۳۶۷)

[2] سامنڈ۔ جورس پروڈنس۔ صفحہ ۱۱۴۔

جنگ کے مصداق تھی[1]۔

چنانچہ عرب قبل از اسلام میں اس قسم کے انتقامات نے قبیلوں کے قبیلے تباہ کر دیئے۔ نیز عورت کے بجائے مرد کو قتل کر دیا جاتا اور غلام کے بجائے آزاد کو[2] ثار[3] کے عقیدہ نے تو عرب بھر میں امن و اطمینان کو مفقود کر دیا تھا۔

بزرگ خاندان یہ حیثیت منصف اس کے بعد جب میل جول اور رشتہ کہ زندگی کے نظام نے ترقی کی تو بزرگ خاندان یا قبیلے کے شیخ پر انصاف رسانی کے فرائض انجام دینے کی ذمہ داری قرار پائی یہ لوگ اپنے قبائل کے گویا امیر و حکمران بھی ہوا کرتے تھے[4]۔ مثلاً اسلام سے پہلے عرب نے یہ منزل بھی طے کی ہے۔ اگر قبیلہ کے شیخ سے فیصلہ نہ ہو سکتا تو کاہنوں کو حکم بنایا جاتا۔ چنانچہ زمزم کے کنوئیں کی کھدائی کے موقع پر عبدالمطلب اور بعض عمائد قریش میں جو نزاع پیدا ہوا اس کے فیصلہ کے لئے شام کی ایک کاہنہ کے پاس فریقین کی روانگی عمل میں آئی[5]۔

تحکیم علاوہ ازیں زمانہ قبل اسلام میں قریش نے کچھ تمدنی زینے طے کر لئے تھے اور اپنی سرزمین کے انتظام کے فرائض مختلف خاندانوں میں تقسیم کر دیئے تھے[6]۔ چنانچہ تحکیم یا فصل خصومات کا فرض

---

[1]۔ اخلاقیات تالیف۔ ڈیوی۔ ترجمہ عبدالباری سلسلہ جامعہ عثمانیہ صفحات ۹۷۸ و ۹۷۹

[2]۔ الام تالیف امام شافعی صفحہ ۲۱ جلد ۶

[3]۔ ثار سے مراد یہ ہے کہ جب کسی قبیلہ کا کوئی شخص کسی موقع پر قتل ہو جاتا تھا تو مقتول کے قبیلہ پر انتقام لینا فرض ہو جاتا۔ سالہائے سال گزر جاتے لیکن جب تک قاتل کے قبیلہ کے کسی آدمی کو قتل نہیں کر لیا جاتا تھا اطمینان حاصل نہ ہوتا۔ یوں یہ سلسلہ ہر وقت جاری رہتا (ملاحظہ ہو سیرت النبی تالیف شبلی ص ۱۲۱ و ۱۲۲ حصہ اول مجلد اول طبع سوم اور جرجی زیدان۔ تمدن اسلام اردو ترجمہ از محمد حلیم انصاری جلد اول ص ۲۴۸) [4]۔ جرجی زیدان۔ تمدن اسلام اردو ص ۲۴۸ جلد اول [5]۔ سیرت ابن ہشام ص ۹۴ جلد اول مطبوعہ مصر [6]۔ جرجی زیدان۔ تمدن اسلام اردو حصہ اول ص ۲۳۔

قبیلہ بنی تمیم کے سپرد کیا گیا تھا۔ اس قبیلہ کے سردار گو یا موروثی طور سے عرب کے حکام عدالت تھے۔ یہ لوگ سال میں ایک مرتبہ کسی بڑے میلے مثلاً عکاظ میں جاتے اور اس جگہ ہر قسم کے دیوانی اور فوجداری مقدمات سنکر فیصلہ کرتے[1]

مملکت کی قوت

تمدنی ارتقاء کے ساتھ بالآخر ضرر رسیدہ افراد کیلئے مملکت کی قوت کا پشت پناہ بن جانا ضروری ہے[2]

"جرائم کے انسداد اور مجرموں کو سزا دینے میں شخصی قوت و اقتدار کے بدل کی صورت میں ایک جماعت مشترکہ کی حیثیت سے سلطنت کی قوت و اقتدار کا بطور آلہ کار مقرر ہو جانا ایک نہایت اہم عنصر ہے اس تبدیل ہیئت کا جو ابتدائی طریقہ کے ارتقاء کے بعد سلطنت نے حاصل کر لیا[3]"

لیکن سلطنت کی قوت و اقتدار کے مستحکم ہونے کے باوجود مختلف ممالک میں انصاف رسانی کے آئین و ضوابط پر ابتدائی رنگ بہت شدت سے چھایا رہا ہے۔ آزمائش غیبی (آرڈیل) اور تحقیقات بذریعہ جنگ (ٹرائل بائی بیاٹل) کے ضوابط خود حکومت کی رضامندی سے قایم تھے۔ بے محل نہ ہوگا اگر اس موقع پر بطور مثال ہندوستان اور انگلستان کی قدیم تاریخ کی مدد سے ان ابتدائی ضوابط کا ایک خاکہ پیش کیا جائے۔

قوانین ہندوستان

منو کے زمانہ میں سلطنتی انصاف رسانی نے کافی استحکام حاصل کر لیا تھا۔ بریں ہم شخصی انصاف ستانی کو بھی منو نے بعض صورتوں میں جائز قرار دیا ہے مثلاً قرضخواہ کیلئے درست تھا کہ قانون اپنے ہاتھ میں لے لے اور بذریعہ قوت قرضہ وصول کرے[4]

---

[1] - ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا مقالہ عدل گستری ابتدائے اسلام میں۔ (مجلہ عثمانیہ جلد ۱۱) ۱۹۳۸ء

[2] - سامنڈ جورس پروڈنس صفحہ ۱۱۴۔ [3] - سامنڈ جورس پروڈنس صفحہ ۱۱۴

[4] - بینی پرشاد - تھیوری آف گورنمنٹ ان اینشنٹ انڈیا مطبوعہ ۱۹۲۷ء صفحہ (۸۵)

نیز آزمائش غیبی بھی اس زمانے میں انصاف رسانی کا ایک مسلمہ قاعدہ تھا۔ کامیابی کے ساتھ پانی میں غوطہ لگایا جائے یا آگ اٹھائی جائے تو اس کو بے قصوری کا کامل ثبوت قرار دے دیا جاتا تھا[1]
قدیم ہندوستان میں تمدن کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ یہ طریقہ برابر رائج رہا چنانچہ آگے چل کر قرار دیا گیا کہ جب دستاویزی اور لسانی دونوں قسم کی شہادت میں شبہ پیدا ہو جائے یا جب دلیل و برہان ناکام ثابت ہو[2] یا جرم بوقت شب یا کسی سنسان مقام پر وقوع میں آئے[3] تو خدائی انصاف سے مدد لی جائے۔ زہر خوری نے بھی اب استناد حاصل کر لیا تھا[4]۔ علاوہ ازیں "وزن" کرنے کا بھی دستور جاری ہوا۔ مجرم کو دو وقت وزن کیا جاتا۔ اگر دونوں وقت وزن ایک ہی ہوتا تو اس کی بے قصوری ثابت ہو جاتی اگر دوسری مرتبہ وزن زیادہ ہوتا تو قصور ثابت ہوتا۔ اور خیال یہ کیا جاتا کہ گناہ نے وزن بڑھا دیا ہے۔ اگر وزن کرنے کے اثناء میں ترازو ٹوٹ جاتا یا اس میں کوئی اور خلل پیدا ہوتا تو اس سے بھی الزام ثابت قرار پا جاتا تھا[5]

بالعموم مقدمات زنا، قتل اور بغاوت میں اور جہاں شہادت موجود نہ ہوتی اس قسم کا طریقہ ثبوت اختیار کیا جاتا۔ کوئی شبہ نہیں کہ زمانہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ اس کیلئے قواعد اور ضوابط مقرر ہو گئے تھے[6]۔ عورتوں اور برہمنوں کیلئے ہلکی آزمائش مقرر ہوتی[7]۔ اس زمانہ میں جب کہ البیرونی نے ہندوستان میں اس کی تہذیب سے ذاتی آگاہی حاصل کی یہ ضوابط برابر عمل پذیر تھے۔ پانی کی غوطہ زنی سے اب یہ صورت اختیار کر لی تھی کہ کسی تیز بہاؤ کے دریا پر یا کسی گہرے کنویں پر ملزم کو لایا جاتا اور پانچ آدمی مل کر اس کو پانی میں ڈالتے اگر ملزم ڈوبنے سے بچ جاتا تو وہ اس کی بے قصوری کی

ع۱۔ بینی پرشاد۔ تذکرۂ صدر کتاب صفحہ (۸۸)
ع۲۔ بینی پرشاد دی اسٹیٹ ان انشنٹ انڈیا ص۳۲۵
ع۳۔ بینی پرشاد۔ تذکرۂ صدر کتاب ص۱۶۹
ع۴۔ بینی پرشاد۔ تذکرۂ صدر کتاب ص۱۷۹
ع۵۔ تفصیل ملاحظہ ہو بینی پرشاد کی تذکرۂ صدر کتاب میں ص۲۶۱
ع۶۔ بینی پرشاد کی تذکرۂ صدر کتاب ص۳۲۶ ع۷۔ بینی پرشاد۔ تذکرہ صدر کتاب ص۲۴۲ و ص۳۲۵

کافی حجت تھی ع[1]

اگر کسی شخص کی شہادت سے ملزم پر الزام قتل ثابت ہو جاتا تو زمانہ منو میں گواہ کو جھوٹ بولنے کی اجازت حاصل تھی ع[2]۔ گواہوں کی زیادتی موجب اشتباہ خیال کی جاتی ع[3] حکام عدالت اس امر کے بھی مجاز تھے کہ خفیہ ذاتی تحقیقات کی بناء پر فیصلہ کریں ع[4]۔ منو نے قرار دیا تھا کہ حاکم عدالت کو فیصلہ صادر کرنے میں قرائن کو بھی کام میں لانا چاہیئے۔ قرار دیا گیا تھا کہ احباب ساتھی اور دشمن کو شہادت دینے کا حق حاصل نہیں ہے[5]۔ گواہوں کی اخلاقی حالت اور ان کے عادات و خصائل اور کیرکٹر کو بہت وزن دیا گیا تھا[6]۔ جیسے کہ اسلامی فقہا نے بھی قرار دیا ہے۔ راجہ کو بہ حیثیت گواہ پیش نہیں کیا جا سکتا تھا[7]۔ گواہ کا کام صرف ادائی شہادت ہی نہیں تھا بلکہ وہ ایک حیثیت سے اسیسر بھی تھا۔

انگلستان کا قانون انگلستان میں مستقل حکومت کے قیام کے بعد بلکہ ایڈمنڈ کے عہد تک بھی ارتکاب قتل کی صورت میں فریق کے اہل قرابت جنگ کے عادی تھے[8]۔ البتہ یہ امر صحیح ہے کہ پہلی سی شدت باقی نہ رہی تھی اور جیسے کہ سر جان سامنڈ نے وضاحت کی ہے کہ گو سیاکسن بادشاہوں کے قوانین کے ذریعے انتقام شخصی کی قطعی ممانعت عمل میں نہیں آئی لیکن اس کو ضابطہ و آئین میں مقید کر دیا گیا ع[9]۔

ع[1]۔ بینی پرشاد کتاب متذکرہ صد صفحہ ۴۴
ع[2]۔ بینی پرشاد تھیوری آف گورنمنٹ صفحہ ۸۸
ع[3]۔ ” ” متذکرہ صدر کتاب صفحہ ۱۳۸
ع[4]۔ ” ” ” ” صفحہ ۱۳۶
ع[5]۔ ” ” ” ” صفحہ ۸۶
ع[6]۔ ” ” ” ” ”
ع[7]۔ ” ” ” ” ”
ع[8]۔ تاریخ دستور انگلستان۔ ایم جیمبرز ترجمہ سید علی رضا صفحہ ۳۶
ع[9]۔ جورس پروڈنس صفحہ ۱۱۵۔

اس زمانہ میں ضابطہ کے رسمی امور اور اصطلاحات مقررہ کی بڑی شدت سے پابندی کی جاتی تھی۔ اگر کسی فقرے یا اصطلاح کو زبان سے ادا کرنے میں مجرم کی زبان کو لغزش ہو جاتی تو وہ جرم کے اثبات کے لئے کافی تھا[1]۔ خود عصری انگریزی ارباب قانون نے اب یہ امر تسلیم کر لیا ہے کہ اس طریقہ کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ عادی مجرموں کو عدالت کی گرفت سے بچ جانے کا پورا موقع مل جاتا لیکن نو آموز یا بے خطا ملزم پھنس جاتا[2]۔

انگلستان کو قدیم ہندوستان کی طرح آزمائش غیبی کی منزل بھی طے کرنی پڑی ہے۔ تصدیق[3] حلفی (ویجر آف لا) میں جو نقائص پیدا ہو گئے تھے ان کی وجہ سے بارھویں صدی عیسوی میں آزمائش غیبی کا اصول رواج پا گیا[4]۔

آزمائش غیبی کے جو تین طریقے رائج تھے وہ یہ تھے

۱۔ آزمائش آب۔ ملزم کے ہاتھ پیر باندھ کر اس کو پانی میں پھینک دیا جاتا۔ اگر ملزم ڈوبنے سے بچ جاتا تو وہ اس کی بے گناہی کی دلیل تھی۔

۲۔ آزمائش آب گرم۔ ملزم اس امر پر مجبور کیا جاتا کہ وہ اپنا ہاتھ کھولتے ہوئے پانی میں ڈبو دے۔ بعد ازاں اس ہاتھ پر کپڑا باندھ کر مہر کر دی جاتی اور مسلسل تین روز ہاتھ اس طرح

---

[1] ۔ چیمبرز صفحہ ۳۶۹

[2] ۔ ،، صفحہ ۳۶۹

[3] ۔ ملزم اکثر حلف اٹھانے کے سوا اپنی صفائی میں دوسروں کی شہادت بھی پیش کر سکتا تھا لیکن گواہ اپنے حلف سے ملزم کے حلف کی تصدیق کرتے چونکہ اس قسم کے گواہوں کو اصل میں ملزم کی چال چلن کی تصدیق کرنی ہوتی تھی اور ان کو مقررہ الفاظ میں حلف اٹھانا پڑتا تھا اور اس میں بہت نزاکت تھی اس لئے یہ طریقہ متروک ہو گیا۔

[4] ۔ چیمبرز صفحہ ۳۷۰۔

سر بمہر رکھا جاتا اس اثنا میں چنگا ہو جاتا تو ملزم قصور سے بری ورنہ مجرم قرار دیا جاتا[1]۔

۳۔ آزمائش آگ۔ ملزم پر لازم تھا کہ ایک پونڈ وزنی جلتی ہوئی لوہے کی سلاخ ہاتھ میں لیکر تین قدم چلے[2]۔

ایسے ملزم جن پر کوئی سنگین الزام لگایا جاتا ان تینوں آزمائشوں کو برداشت کرنے پر مجبور تھے[3]۔

نارمن بادشاہوں کے زمانہ میں "شخصی انتقام" کے اصول نے ایک اور ارتقائی شکل اختیار کی اور آزمائش غیبی کے بجائے تحقیقات بذریعہ جنگ کا طریقہ جاری ہوا[4]۔ اس زمانہ میں ہر شخص کو یہ حق تھا کہ اپنی مدد اور اپنی حفاظت کے لئے خود ہی کوئی نہ کوئی ذریعہ اختیار کرے۔ یہ حق گویا ہر شخص کا فرض بھی تھا۔ اس لحاظ سے تحقیقات بذریعہ جنگ میں حکومت کو صرف یہ اقتدار حاصل تھا کہ قاعدہ و آئین کی پابندی کرائے[5]۔

"تحقیقات بذریعہ جنگ" سے مراد یہ ہے کہ ارجاع نالش کے بعد فریقین باہم دست و گریباں ہو کر اپنی قوت کا مظاہرہ کرتے اور جب تک مدعی مدعیٰ علیہ پر غالب نہ ہو جاتا دعوے غلط خیال کیا جاتا[6]۔

نالشات اراضی میں کامیابی حاصل کرنے کی خاطر اکثر زمیندار پیشہ ور مشت زنوں کو نوکر رکھا کرتے اور مقدموں کے رجوع ہونے کی صورت میں نیابتی لڑائی کے طریقہ کو بھی قانونی استنا حاصل تھا۔ انصاف رسانی کیلئے تحقیقات کا یہ ضابطہ ۱۹ویں صدی کے اوائل تک ۔۔۔

ع۱۔ چمبرز ص۳۷۱ ۔ ع۲۔ چمبرز ص۳۷۱ ۔ ع۳۔ چمبرز ص۳۷۱ ۔ ع۴۔ چمبرز ص۳۷۱ ۔
ع۵۔ سامنڈ۔ جورس پروڈنس ص۱۱۵ ۔ ع۶۔ چمبرز ص۳۷۱
ع۷۔ چمبرز ص۳۷۱ ۔

انگلستان میں از روئے قانون جائز اور ملزم کو مستغیث کے مقابلہ میں طلب مبارزت
کا حق بجا طور سے حاصل تھا۔ ۱۸۱۹ء میں بذریعۂ قانون موضوعہ اس ضابطہ کی تنسیخ عمل
میں آئی۔[1]

جوری کے ذریعہ انصاف رسانی کا جو عمل درآمد رائج ہوا اس کی ابتدا میں چونکہ فریقین
مقدمہ کی باہمی رضامندی کے بغیر کوئی جوری مقدمہ میں اپنی رائے ظاہر کرنے سے معذور
تھی اس لئے ملزم کو رضامند کرنے کے لئے بڑی شدت برتی جاتی۔ ۱۲۷۵ء میں بذریعہ
قانون سنگین جرائم کے ملزموں کو قید میں تعزیر شدید کا حکم دیا گیا اور ملزم کی غذا میں
بتدریج کمی کی جاتی اور اس کو فاقون پر رکھا جاتا تا آنکہ ملزم یا تو جوری کے بلانے پر راضی
ہو جاتا یا اقبال جرم کرتا یا ہلاک ہو جاتا۔ ۱۷۷۲ء تک یہ طریقہ قانوناً جائز تھا۔[2]
اصل میں بات یہ تھی کہ سنگین جرائم کی پاداش میں ملزمین کی جائداد غیر منقولہ ضبط ہو جاتی
اور ان کے ورثہ کو محروم الارث کر دیا جاتا۔ اس لئے لامحالہ اقرار جرم یا طلبئ جوری پر
اظہار رضامندی کے عوض لوگوں کا رجحان ہلاک ہو جانے پر زیادہ مائل تھا۔ چونکہ کسی
ملزم کے خلاف جوری کے تصفیہ کے بغیر جرم ثابت قرار نہیں دیا جاتا تھا اس لئے اگر ملزم
کی ہلاکت قبل تصفیہ جوری واقع ہو جائے تو وارث اپنے ترکہ سے محروم نہیں ہو جاتے تھے۔[3]
بہرحال یہ عدلی نظریہ کہ سلطنت کی قایم کردہ عدالتوں کے سوا کسی دوسرے شخص کو
انصاف رسانی کا کوئی حق نہیں ہے بہت عرصہ پیشتر ہنری سوم (۱۲۱۶ء) کے زمانہ
میں مضبوطی سے قایم ہو گیا اور یہ قدیم اصول وضوابط ایک کے بعد ایک ختم ہو گئے۔

ع۱ - سامنڈ - جورس پروڈنس صفحہ ۱۱۵ -

ع۲ - جینکس صفحہ ۴۲۵ و ۴۲۶

ع۳ - جینکس صفحہ ۴۲۶

لیکن اس سے بہت قبل اسلامی شریعت جو اصلاح عمل میں لائی اس کا قدرے تفصیل سے تذکرہ بے محل نہ ہو گا۔

اسلامی حکومت نے انصاف رسانی اپنے ذمہ لی

مملکت کی قوت ضرر رسیدہ افراد کے لئے پشت پناہ جو بن جاتی ہے وہ صورت حال اسلامی معاشرہ میں بہت جلد پیدا ہو گئی۔ چنانچہ قرآن میں حضرت رسالت پناہ کو مخاطب کیا گیا ہے کہ

"سمّٰعون للکذب اکالون للسحت فان جاؤک فاحکم بینھم او اعرض عنھم وان تعرض عنھم فلن یضروک شیئا وان حکمت فاحکم بینھم بالقسط ان اللہ یحب المقسطین"[1]۔

مطلب یہ ہے کہ "بڑے جاسوس جھوٹ کہنے والے اور بڑے حرام کھانے والے سو اگر آویں تجھ پاس تو حکم کر دے ان میں یا ان سے تغافل کر اور اگر تو تغافل کرے گا تو تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔ اور اگر حکم کرے تو حکم کر ان میں انصاف کا۔ اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو"[2]

یہ حکم ایک مخصوص حکم قرار دیا جا سکتا ہے لیکن دوسری جگہ صراحت سے یہ مذکور ہے کہ۔

"انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراک اللہ ولا تکن للخائنین خصیما"[3]

اس کا مطلب یہ ہے کہ "ہم نے اتاری تجھکو کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگوں میں جو سوجھا دے تجھکو اللہ اور تو مت ہو دغابازوں کی طرف سے جھگڑنے والا"[4]

عا۔ القرآن سورہ المائدہ ع ۶۔ ع۲۔ شاہ عبدالقادر۔ موضح القرآن۔

ع۳۔ القرآن سورہ النساء ع ۱۷۔

ع۴۔ شاہ عبدالقادر۔ موضح القرآن۔

انگلستان میں از روئے قانون جائز اور ملزم کو مستغیث کے مقابلہ میں طلب مبارزت
کا حق بجا طور سے حاصل تھا۔ ۱۸۱۹ء میں بذریعۂ قانون موضوعہ اس ضابطہ کی تنسیخ عمل
میں آئی۔[1]

جوری کے ذریعہ انصاف رسانی کا جو عمل درآمد رائج ہوا اس کی ابتدا میں چونکہ فریقین
مقدمہ کی باہمی رضامندی کے بغیر کوئی جوری مقدمہ میں اپنی رائے ظاہر کرنے سے معذور
تھی اس لئے ملزم کو رضامند کرنے کے لئے بڑی شدت برتی جاتی۔ ۱۲۷۵ء میں بذریعہ
قانون سنگین جرائم کے ملزموں کو قید میں تعزیر شدید کا حکم دیا گیا اور ملزم کی غذا میں
بتدریج کمی کی جاتی اور اس کو فاقوں پر رکھا جاتا تا آنکہ ملزم یا تو جوری کے بلانے پر راضی
ہوجاتا یا اقبال جرم کرتا یا ہلاک ہوجاتا۔ ۱۷۷۲ء تک یہ طریقہ قانوناً جائز تھا۔[2]

اصل میں بات یہ تھی کہ سنگین جرائم کی پاداش میں ملزمین کی جائداد غیر منقولہ ضبط ہوجاتی
اور ان کے ورثہ کو محروم الارث کردیا جاتا۔ اس لئے لامحالہ اقرار جرم یا طلبی جوری پر
اظہار رضامندی کے عوض لوگوں کا رجحان ہلاک ہوجانے پر زیادہ مائل تھا۔ چونکہ کسی
ملزم کے خلاف جوری کے تصفیہ کے بغیر جرم ثابت قرار نہیں دیا جاتا تھا اس لئے اگر ملزم
کی ہلاکت قبل تصفیہ جوری واقع ہوجائے تو وارث اپنے ترکہ سے محروم نہیں ہوجاتے تھے۔[3]

بہرحال یہ عصری نظریہ کہ سلطنت کی قایم کردہ عدالتوں کے سوا کسی دوسرے شخص کو
انصاف رسانی کا کوئی حق نہیں ہے بہت عرصہ پیشتر ہنری سوم (۱۲۱۶ء) کے زمانہ
میں مضبوطی سے قایم ہوگیا اور یہ قدیم اصول وضوابط ایک کے بعد ایک ختم ہوگئے۔

ع۱ - سامنڈ - جورس پروڈنس صفحہ ۱۱۵ -

ع۲ - جیمبرز صفحہ ۴۲۵ و ۴۲۶

ع۳ - جیمبرز صفحہ ۴۲۶

لیکن اس سے بہت قبل اسلامی شریعت جو اصلاح عمل میں لائی اس کا قدرے تفصیل سے تذکرہ بے محل نہ ہوگا۔

اسلامی حکومت نے انصاف رسانی اپنے ذمہ لی

مملکت کی قوت ضرر رسیدہ افراد کے لئے پشت پناہ جو بن جاتی ہے وہ صورت حال اسلامی معاشرہ میں بہت جلد پیدا ہو گئی۔ چنانچہ قرآن میں حضرت رسالت پناہ کو مخاطب کیا گیا ہے کہ

"سَمّٰعُونَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُونَ لِلسُّحْتِ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ"[1]۔

مطلب یہ ہے کہ "بڑے جاسوس جھوٹ کہنے والے اور بڑے حرام کھانے والے سو اگر آویں تجھ پاس تو حکم کر دے ان میں یا ان سے تغافل کر اور اگر تو تغافل کرے گا تو تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔ اور اگر حکم کرے تو حکم کر ان میں انصاف کا۔ اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو"[2]

یہ حکم ایک مخصوص حکم قرار دیا جا سکتا ہے لیکن دوسری جگہ صراحت سے یہ مذکور ہے کہ۔

"اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا"[3]

اس کا مطلب یہ ہے کہ "ہم نے اتاری تجھ کو کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگوں میں جو سوجھا دے تجھ کو اللہ اور تو مت ہو دغا بازوں کی طرف سے جھگڑنے والا"[4]

ع۱ - القرآن سورہ المائدہ ع ۶۔ ع۲ - شاہ عبدالقادر - موضح القرآن۔

ع۳ - القرآن سورہ النساء ع ۱۷۔

ع۴ - شاہ عبدالقادر - موضح القرآن۔

قدیم ابتدائی زمانہ کا قاعدہ کہ ایک کا بدلہ دوسرے سے لیا جاسکتا ہے اسلام نے ابتداء سے قطعی طریقہ پر منسوخ کر دیا۔ قرآن کا حکم ہے کہ۔

"ولا تکسب کل نفس الا علیھا ولا تزر وازرۃ وزر اخری"[1]

خطبۂ حجۃ الوداع میں جناب رسالت مآب نے ارشاد فرمایا ہے کہ۔

"الا لا یجنی جان الا علی نفسہ الا لا یجنی جان علی ولدہ ولا مولود علی والدہ"[2]

یعنی ہاں مجرم اپنے جرم کا آپ ذمہ دار ہے۔ ہاں باپ کے جرم کا بیٹا ذمہ دار نہیں ہے اور بیٹے کے جرم کا جواب دہ باپ نہیں۔

اس بناء پر فقہا نے قرار دیا ہے کہ "ان اللہ انما الزم کل مذنب ذنبہ ولم یجعل جرم احد علی غیرہ"[3]

بہرحال مدینہ جب حکومت اسلامیہ کا مستقر ٹھہر چکا اور ابتدائی انتظامات سے امیر اسلام نے فراغت حاصل کر لی تو آپ نے بذریعہ تحریر اپنے عدالتی حقوق و فرائض کا اعلان عام کر دیا۔ آپ نے قطعی طور سے طے کر دیا کہ۔

۱۔ آئندہ انصاف رسی منفرد کے ہاتھ میں نہیں رہے گی۔

۲۔ انصاف رسانی پوری جماعت مسلمانان کا فریضہ قرار پائے گی۔

۳۔ ہر قسم کے جھگڑے کے لئے رسالت پناہ کا فیصلہ آخری ہوگا۔

۴۔ انصاف رسانی میں کسی کی رشتہ داری کا پاس نہ ہوگا گو ملزم کسی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔

---

[1] ملاحظہ ہو سورۂ الفاطر ع ۲ الزمر ع ۱۔ الشوری، النجم ع ۲۔

[2] شبلی نعمانی سیرت النبی حصہ اوّل جلد دوم طبع دوم ص ۱۶۲ بحوالہ ابن ماجہ و ترمذی۔

[3] امام شافعی الام ص ۲۱ جلد ۶۔

۵۔ کسی مجرم کو کوئی شخص پناہ نہیں دے گا۔[1]

اسلامی فقہائے اس بارے میں جو مسلک قرار دیا ہے اس کی توضیح

واضح ہو کہ بعض حالات میں فریقین کو اس بات کی اجازت ہے کہ کسی حکم یا ثالث کے ذریعہ اپنے معاملات کا تصفیہ کر لیں بشرطیکہ ثالث کا فیصلہ مطابق احکام شریعت یا قانون ہو چنانچہ زن و شوہر کے اختلافات کی صورت خود نص قرآنی ہے کہ "فابعثوا حکما من اھلہ وحکما من اھلھا ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ بینھما"[2] یعنی شوہر کے لوگوں میں سے ایک شخص کو حکم بنا اور عورت کے لوگوں میں سے ایک شخص کو اگر وہ اصلاح کا ارادہ کرلیں تو اللہ دونوں کو توفیق دے گا۔

امام مالک نے تحکیم جائز قرار دی ہے۔ امام شافعی نے تو اپنے ایک قول میں اسکو جائز ہی نہیں رکھا ہے[3]۔ غالباً اسی وجہ سے شافعی فقہاء میں باہم اختلاف رائے ہو گیا ہے بعض اصحاب کی رائے ہے کہ تحکیم اس وقت درست ہو سکتی ہے جب کہ کسی مقام میں قاضی موجود نہ ہو۔ بعض کی رائے ہے کہ تحکیم صرف جائداد کی حد تک درست ہے۔ قصاص و نکاح و اسی طرح میں درست نہیں لیکن عام طور سے شافعی ارباب فقہ نے حدود کے سوا باقی امور میں تحکیم جائز رکھی ہے[4]۔ امام اعظم کے پاس تحکیم کا جواز ثابت ہے بشرطیکہ ثالث

ع[1] ۔ یہ تحریر دراصل ایک معاہدہ تھا جو ایک طرف انصار و مہاجرین میں منعقد ہوا تھا تو دوسری طرف اہل اسلام اور یہود میں۔ ملاحظہ ہو ڈاکٹر طیب اللہ کا مقالہ عدل گستری ابتدائے اسلام نیز دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور مملکت نیز سیرت ابن ہشام ص ۱۷۸ و ص ۱۷۹ جلد اول مطبوعہ مصر۔ یہ امور خود قرآنی آیات سے بھی ثابت ہیں ان پر علیحدہ کبھی لکھا جائیگا۔ ع[2] ۔ قرآن شریف سورۂ النساء ع[3] ۔ قاضی ابن رشد۔ ہدایۃ المجتہد ص ۳۸۴ جلد ۲ مطبوعہ آستانہ ۱۳۳۳ھ ع[4] ۔ امام نووی المنہاج ص ۱۳۶ مطبوعہ مصر ۱۳۲۸ھ

کا فیصلہ قاضی کی رائے کے مطابق ہو۔[1]

بہرحال فقہاء نے یہ امر قطعی طور سے طے کر دیا ہے کہ حدود اور قصاص یا جیسے کہ فتاویٰ عالمگیری میں بتایا گیا ہے حقوق اللہ (پبلک رائٹس) میں تحکیم کسی طرح درست نہیں ہے۔[2]

ان امور میں حکم جاری کرنا اور اس حکم کو نافذ کرنا امام (سلطنت) کا ہی فرض ہے۔[3]

فقہاءِ متاخرین کی یہ قرارداد کہ حدود و قصاص کے علاوہ باقی ابواب میں جیسے کہ طلاق و نکاح کے معاملات میں تحکیم جائز ہے، صاحب ہدایہ نے صحیح تسلیم کر لی ہے لیکن ساتھ ہی بیان کیا ہے کہ یہ قول مفتی بہ نہیں ہے۔ بعض ارباب فقہ نے قرار دیا ہے کہ حکم یا ثالث کا فیصلہ سرکاری حکام عدالت کی توثیق کا محتاج ہوتا ہے۔[4]

ثالث یا حکم کے لئے ضروری ہے کہ اس میں وہ اوصاف وصفات موجود ہوں جو سرکاری حاکم کے لئے لازمی قرار دیئے گئے ہیں۔[5]

نامناسب نہیں ہے اگر ثالث کی حیثیت پر یہاں یہ اشارہ کر دیا جائے کہ ثالث کی حیثیت فریقین کے مابین بعینہ اسی طرح ہے جیسے کہ قاضی کی حیثیت جمیع افراد کے ساتھ۔ ثالث کا حکم اس وقت تک نافذ نہیں ہو سکتا جب تک کہ فریقین اس کے فیصلہ پر رضامند نہ ہو جائیں یا دوسرے الفاظ میں جو افراد اپنی مرضی سے ثالث کا تصفیہ تسلیم کر لیں صرف انہیں کے حق میں یہ تصفیہ جاری ہوگا بخلاف اس کے قاضی کا فیصلہ نافذ ہونے میں کسی کی رضامندی یا غیر رضامندی کو دخل نہیں ہے۔ قاضی کا حکم حکومت کی جانب سے پوری قوت کے ساتھ

ع[1] - قاضی ابن رشد - بدایۃ المجتہد ص ۳۸۴ - ع[2] - فتاوی عالمگیری ص ۴۷۸ جلد ثالث طبع کلکتہ ۱۲۴۶ھ - ع[3] - الھدایہ جلدین آخرین ص ۱۲۷ مع تعلیقات -

ع[4] - الھدایہ ص ۱۲۹ جلدین آخرین -

ع[5] - الھدایہ ص ۱۲۷ جلدین آخرین -

نافذ کرایا جائے گا[1]

غرض ابتدائی زمانہ کے اس طریقۂ انصاف رسی کو کہ جس کی وجہ سے زبردست زیردست پر غالب ہو جاتا تھا اسلام نے اپنے آغاز سے ہی بالکلیہ رد کر دیا۔ انفرادی انصاف یابی کے نقصانات کو اول سے ہی محسوس کر لیا گیا۔ اسلام نے پہلے جو طریقہ رائج تھا اس میں جو انقلاب پیدا کیا گیا وہ فوری تھا اور پوری قوت سے اس کو نافذ کیا گیا۔ اس قاعدہ کی پابندی جبری اور لازمی تھی۔ فریقین کے منشار اور مرضی کو اس میں کسی طرح دخل نہیں تھا۔ تمام مقدمات کا فیصلہ کرانے کے لئے حکومت کے مقرر کردہ حکام (قاضیوں) کے پاس رجوع ہونا ضروری قرار دیا گیا۔

وعلی القاضی مدار الاحکام والیہ النظر فی جمیع القضایا من القلیل والکثیر بلا تحدید[2]

تحکیم یا ثالثی کا جو طریقہ رائج رہا ہے اس میں بھی یہ نکتہ قابل لحاظ ہے کہ اس کے ذریعہ بھی انفرادی انصاف یابی کا دستور بالکلیہ رد کر دیا گیا اور کسی غیر متعلق شخص کے ذریعہ باہمی خصومات کا تصفیہ قرار پایا۔

اب اس سلسلہ میں یہ بات معلوم کرنا ضروری ہے کہ شریعت اسلامیہ کی رو سے "آزمائش غیبی" اور "تحقیقات بذریعہ جنگ" کے اصول کو کوئی استناد حاصل ہے یا نہیں۔ دعوی ثابت کرنے کے لئے آزمائش غیبی کی وہ صورتیں جو قدیم ہندوستان اور انگلستان کے قانون کی رو سے اوپر بیان ہوئیں وہ اسلامی نظم ونسق عدالت میں کبھی قابل لحاظ نہیں قرار دی گئیں۔

علامہ ابن عابدین نے صراحت کی ہے کہ حاکم عدالت کو حقوق العباد میں انفصال

ع۱۔ فتاوی عالمگیری جلد ۳ ص ۷۷۴

ع۲۔ معین الحکام ص ۔ ۴

مقدمات کیلئے جس ذریعہ پر کاربند ہونا لازم ہے وہ یہ ہے کہ دعوی پیش ہو اور اس پر حجت قایم کی جائے[1]

حجت میں آزمائش غیبی کی وہ صورتیں داخل نہیں ہیں جو جسمانی تکلیف کی موجب ہوں۔ قاضی ابن رشد نے واضح کیا ہے کہ انفصال خصومات کا دارو مدار چار امور پر ہے - وہ چار امور یہ ہیں :-

۱۔ شہادت - ۲۔ یمین (قسم یا حلف) ۳۔ نکول (انکار) ۴۔ اقرار۔

یہ چار صورتیں علٰحدہ علٰحدہ بھی پیش آسکتی ہیں - اور مرکب بھی[2] ان چار صورتوں پر ہی حجت کا اطلاق ہوتا ہے[3]۔

بہرحال خود قرآن پر رجوع کیا جائے تو روشن ہوتا ہے کہ اس نے انسانی باہمی معاملات کے انفصال کے لئے مافوق البشر یا مافوق العادت طریقوں کے اختیار کرنے کی کبھی ہدایت نہیں کی اس نے ہر جگہ صاف اور سادہ ذرائع کو اختیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔

اس کی مزید توضیح بے محل نہیں ہے

قرآن شریف کی طویل ترین آیت ، آیت مداینہ میں کھلے اور صاف الفاظ میں شہادت کی اہمیت ثابت کر دی گئی ہے۔

یہ بیان کر کے جس وقت کسی ادھار کی کوئی معاملت کسی وعدہ مقررہ کے لئے عمل میں آئے تو اس کو لکھ لینا چاہئیے - یہ بیان کیا گیا ہے کہ :-

---

[1] - ردالمحتار ص ۴۱۵ جلد ۴ -

[2] - بدایۃ المجتہد ص ۳۸۴ - جلد ۲ -

[3] - ردالمحتار ص ۴۱۵ - جلد ۴ -

"واستشهدوا شهیدین من رجالکم" یعنی اس معاملہ میں اپنے لوگوں میں سے دو افراد کو شاہد کر لینا چاہیئے۔ اس سلسلہ میں حکم ہے کہ

"ولا یاب الشهداء اذا ما دعوا"

یعنی شاہدوں کو جب اداءِ شہادت کے لئے طلب کیا جائے تو ان کو حاضری سے انکار نہ کر دینا چاہیئے۔ یہ حکم تو ایسے معاملوں کے متعلق ہوا جن میں بدل نقد ادا نہیں کیا جاتا۔ لیکن ایسے معاملات میں بھی جہاں کہ سودا نقد ہو قیام شہادت کا حکم دیا گیا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں وارد ہے کہ

"ولا تکتموا الشهادة ومن یکتمها فانه آثم قلبه"[1]

یعنی گواہی چھپانی نہ چاہیئے۔ اگر کوئی چھپائے تو اس کا دل گنہ گار ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو شخص گواہی چھپاتا ہے یا غلط شہادت دیتا ہے اس کا دل پھر کسی نیکی کا سرچشمہ نہیں بن سکتا۔

یتامیٰ کو بعد بلوغ ان کی جائیداد واپس کرنے کے متعلق جو احکام صادر کئے گئے ہیں ان میں صراحت سے یہ حکم بھی ہے کہ

"فاذا دفعتم الیهم اموالهم فاشهدوا علیهم"[2]

یعنی جب یتامیٰ کے سپرد ان کی جائیداد کی جائے تو شہادت فراہم کر لینی چاہیئے۔ بستر مرگ پر اگر وصیت کی جائے تو اس کے سلسلہ میں جو ضابطہ مقرر کیا گیا ہے اس میں بھی شہادت کی تاکید کی گئی ہے[3]

زنا کی سزا کے متعلق جو احکام نافذ ہوئے ہیں اس میں بالصراحت یہ حکم ہے کہ بلا شہادت سزا نہ دی جائے گی[4]۔

ع[1]۔ سورہ بقرع ۳۹۔ ع[2]۔ النساء ع ۱۔

ع[3]۔ المائدہ ع ۱۴۔ ع[4]۔ سورہ نور ع ۱۔

طلاق کے احکام کے ذیل میں بھی بالصراحت یہ حکم دیا گیا ہے کہ شہادت قایم کر لینی چاہیئے[1]

ان ہدایتوں اور صریح احکام کے علاوہ صحیح طور سے ادار شہادت کا اہتمام اور اور اس کی حقیقی اہمیت متعدد مواقع پر ذہن نشین کرادی گئی ہے مثلاً ارشاد ہے کہ

"یا ایھا الذین آمنوا کونوا قوامین بالقسط شھداء للہ ولو علی انفسکم اوالوالدین والاقربین ان یکن غنیا او فقیرا فاللہ اولی بھما فلا تتبعوا الھوی ان تعدلوا وان تلوا او تعرضوا فان اللہ کان بما تعملون خبیرا"[2]

مطلب یہ ہے کہ اہل ایمان یا مسلمانوں کو انصاف پر قایم رہنا چاہیئے گواہی خدا کیلئے دینی چاہیئے اگر اس سے خود اپنی ذات یا والدین یا قرابت داروں کو نقصان ہوتا ہو تو اس کو خیال میں نہ لانا چاہیئے۔ نہ تو مالدار کی خاطر کرنی چاہیئے اور نہ محتاج پر ترس کھانا چاہیئے۔ انصاف کرنے میں اپنے خواہشات کی پیروی نہ کرنی چاہیئے۔ کہا جائے تو سچ لیکن اس طرح کہ شبہ واقع ہو یا بات پوری نہ کہی یا کچھ بات کام کی رکھ لی تو اللہ کو ان سب امور کی خبر ہے[3]

ایک دوسرے مقام پر وارد ہے کہ

"یا ایھا الذین امنوا کونوا قوامین للہ شھداء بالقسط"[4]۔

یعنی مسلمانو! کھڑے ہو جایا کرو اللہ کے واسطے گواہی دینے کو انصاف کی "[5]

قرآن شریف کے ان احکام سے صاف واضح ہے کہ معاملات کے تصفیہ کے لئے شہادت پر ہی سب دارومدار ہے۔

---

[1] ۔ سورۂ طلاق ع ۱۔ [2] النساء ع ۲۰۔ [3] ۔ شاہ عبدالقادر، موضح القرآن۔
[4] ۔ المائدہ ع ۲۔ [5] ۔ موضح القرآن

اس جگہ رسالت پناہ کے عمل در آمد پر بھی ایک نظر ڈال لینا ضروری ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ

لو یعطی الناس بدعواھم لادعی رجال اموال قوم ودماءھم لکن البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر[1]

مطلب یہ ہے کہ اگر لوگوں کے دعوے پیش ہوتے ہی تسلیم کر لئے جائیں تو پھر لوگ دوسروں کے مال اور جان کا دعوے کرنے لگیں گے۔ بار ثبوت مدعی پر ہے اور قسم اس شخص پر جو انکار کرے

رسالت پناہ کے پاس ایک مقدمہ پیش ہوا۔ دعویٰ وراثت کا تھا اور بعض ایسی چیزوں کا جو بوسیدہ ہو گئی تھیں۔ آپ نے فریقین پر یہ بات واضح فرما دی کہ میں جو فیصلہ کروں گا وہ اپنی رائے سے کروں گا۔[2]

ایک مقدمہ ایسا پیش ہوا جس میں شوہر نے اپنی بیوی پر زنا کا الزام قایم کیا تھا۔ آپ نے مستغیث سے شہادت طلب فرمائی اور یہ بات قطعی طور سے واضح فرما دی کہ اگر مستغیث شہادت پیش نہ کرے تو اس کو حد قذف کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ مستغیث نے یہ عذر پیش کیا کہ شوہر کو اگر واقعہ نظر آئے تو آیا وہ شہادت فراہم کرنے کے لئے چل پڑے عذر مسموع نہ ہوا اور شہادت کا قیام ضروری قرار دیا گیا۔[3] (لعان کا حکم غالباً بعد کا ہے)

کئی مواقع پر رسالت پناہ نے یہ بات فریقین مقدمہ کے ذہن نشین کرا دی کہ میرے پاس جو مقدمات بغرض صدور فیصلہ پیش ہوتے ہیں ان میں یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی فریق اپنے دلائل کو بیان کرنے میں زیادہ واضح ہو اس لئے ممکن ہے کہ یہ سمجھ کر کہ اس نے صحیح روئیداد پیش کی ہے

ع۱۔ النوادی الاربعین فی مباق الاسلام د قواعد الدین۔ مخطوطہ کتب خانہ سعیدیہ اور الشعرانی، کشف الغمہ عن جمیع الامہ ص ۲۹۴ جلد دوم۔ ع۲۔ الشعرانی، کشف الغمہ عن جمیع الامہ ص ۲۹۴ جلد دوم
ع۳۔ صحیح بخاری ص ۷۶۳۔ مرتبہ مولوی احمد علی۔ ع۴۔ صحیح بخاری ص ۱۰۳۱، ۳۶۸، ۳

میں اپنا فیصلہ اس کے حق میں صادر کردوں۔ اگر اس کا دعوےٰ فی الحقیقت مطابق واقعہ نہیں ہے تو اس کو یہ سمجھ لینا چاہئیے کہ دوسرے مسلمان کے جس حق پر اس کو کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ دراصل آگ کا ایک شعلہ ہے۔ چاہے اس کو حاصل کرے یا نہ کرے[1]

غرض اسلامی فقہاء نے بطور ایک اصول کے یہ قرار دیا ہے کہ "دلوں کا حال اللہ ہی جانتا ہے اور اس پر اس نے عقاب مقرر کیا ہے اللہ کی مخلوق میں کوئی فرد اس امر کا مجاز نہیں ہے کہ علانیہ جو امور ظاہر ہیں ان کے سوا کسی اور بنا د پہ کوئی حکم لگائے[2]"

اس ضمن میں امام شافعی نے بیان کیا ہے کہ "کسی حاکم کو یہ بات جائز نہیں ہے کہ کسی شخص پر بیان کردہ امور سے ہٹ کر کوئی حکم لگائے۔ معاملہ کے متعلق نیت بسبب ظن اور تہمت کے بارے میں جو امر اللہ تعالیٰ نے حاکم سے پوشیدہ رکھا ہے اس کی بناء پر کسی شخص کے خلاف کوئی حکم جاری نہ کرے[3]"

اس اصول کو ایک اور مقام پر امام شافعی نے یوں دہرایا ہے۔ "سارے اسرار اللہ ہی جانتا ہے۔ حلال و حرام اسکے علم کے لحاظ سے ہی ہے۔ حکم ظاہر امر پر لگایا جائے گا چاہے یہ حکم ان اسرار الٰہی کے موافق ہو یا مخالف[4]"

بہر حال اسلامی حکام عدالت نے اپنا یہ اصول مقرر کیا ہے کہ "لا نحکم الا بالظواھر[5]"۔

"آزمائش غیبی" کے سلسلہ میں اس قدر بحث کافی متصور ہوگی۔ اب "تحقیقات بذریعہ جنگ" کے متعلق صراحت کی جاتی ہے۔ اوپر قرآن شریف کا یہ حکم نقل کیا جا چکا ہے کہ

"ولا تکسب کل نفس الا علیھا ولا تزر وازرۃ وزر اخریٰ"

---

[1] صحیح بخاری ص ۱۳۳۱ و ۳۶۸۔ [2] الام ص ۱۹۹ جلد ۶

[3] الام ص ۲۰۲ جلد ۶ ۔ [4] الام ص ۲۰۲۔

[5] تعلیق صحیح بخاری ص ۳۶۶۔

یہ حکم اس قدر عالمگیر ہے کہ اس کی وجہ سے تعدی کا بدلہ اصل تعدی کرنے والے کو چھوڑ کر دوسرے سے لینے کی ساری صورتیں ممنوع ہو گئیں۔ حجۃ الوداع کے موقع پر رسالت مآب نے جن صاف اور صریح الفاظ میں اس حکم قرآنی کی توضیح فرمائی اس کی بنا پر انسانی برادری بدلہ لینے کی ساری قدیم بندشوں سے آزاد ہو گئی۔ رسالت پناہ نے خود اپنے خاندان کے انتقام خون کو منسوخ فرما کر حکم قرآنی کی ہمہ گیری کا برملا اظہار فرما دیا۔

اسلامی قانون کی اس ساری طویل تاریخ میں کوئی ایک مثال بھی ایسی نہیں مل سکتی کہ عدالت نے "تحقیقات بذریعہ جنگ" یا اس کے مماثل دوسری کسی اور صورت کو بربناد قانون جائز رکھا ہو اور اس کو عمل میں لانے کا حکم صادر کیا ہو۔

اس تفصیل کے بعد اب یہ بھی معلوم کرنا ضروری ہے کہ اسلامی قانون کی رو سے امور مندرجہ ذیل کے بارے میں کیا ضوابط قرار دیئے گئے ہیں:۔

۱۔ یہ کہ اسلامی قانون کے اجرا میں آیا شرافت نسب یا عزت و ثروت کو کوئی اہمیت حاصل ہے۔

۲۔ آیا افراد کے ساتھ کس تعدی پر اس نقطۂ نظر سے توجہ کی جاتی ہے کہ وہ مشترکہ دولت کے ساتھ زیادتی ہے۔

۳۔ یہ کہ آیا عدالت میں اثبات دعوے کے بغیر کسی شخص کے حق کا استقرار یا کسی فرد کے جرم کا اثبات ہو سکتا ہے۔

۴۔ یہ کہ آیا حکام عدالت ایسے قواعد اور احکام کی پیروی کرتے ہیں جن کی عام اشاعت ہو چکی ہو۔

۵۔ یہ کہ آیا حاکم حسب ضرورت حکم نامہ گرفتاری جاری کر سکتا ہے۔

۶۔ یہ کہ حاکم عدالت کے سزا دہی کا حکم نافذ کرنے کے بعد اس کے عمل پذیری کی نگرانی کی ذمہ داری اس پر کس حد تک ہے۔

۷۔ یہ کہ فیصلہ صادر کرنے میں ایک موجود فی الخارج اور سب کے لئے یکساں معیارِ قانون کی پابندی کرنے کی کس حد تک ذمہ داری عائد ہے۔

ان مسائل کے من جملہ پہلے تین امور کے سلسلہ میں یہاں کچھ تفصیلات پیش کیجاتی ہیں۔

۱۔ شرافت نسب یا نسب و ثروت کا لحاظ قرآن میں عدل وانصاف کے متعلق جو احکام وارد ہیں وہ کسی قسم کی رعایتوں کے قیود و شرائط کے ساتھ مشروط نہیں ہیں۔ دوست و دشمن سب کے ساتھ بے لاگ انصاف کا حکم دیا گیا ہے۔ قرابت کا پاس اور دوستی کے حق کو انصاف رسانی میں کسی طرح حائل نہ ہونا چاہیئے۔ شرافت نسب یا عزت یا ثروت کا انصاف رسانی میں کوئی لحاظ نہیں ہے۔

حکم قرآن ہے کہ "واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل"[ع۱]

مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے جھگڑے چکانے پڑیں تو انصاف سے کام لینا چاہیئے۔[۲]

دوسری جگہ یہ حکم وارد ہے کہ

"ولا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعدلوا اعدلوا ھو اقرب للتقوی"[ع۳]

مطلب یہ ہے کہ کسی قوم کی دشمنی کے باعث عدل نہ چھوڑنا چاہیئے عدل ضرور کرنا چاہیئے عدل تقوی سے قریب تر ہے[ع۴]

یہودیوں کے مقدمات کے سلسلہ میں حضرت رسالت پناہ کو قرآن میں یوں مخاطب کیا گیا ہے کہ "وان حکمت فاحکم بینھم بالقسط"[۵]

یعنی اگر ان میں فیصلہ کیا جائے تو انصاف سے فیصلہ کرنا چاہیئے۔

شہادت ادا کرنے کے متعلق جو احکام دیئے گئے ہیں اس کے سلسلہ میں واضح کر دیا گیا

ع۱۔ النساء ع ۸ ع۲۔ شاہ عبدالقادر موضح القرآن ع۳۔ المائدہ ع ۲۔
ع۴۔ شاہ عبدالقادر موضح القرآن ع۵۔ المائدہ ع ۶ ع۶۔ النساء ع ۲۔

ہے کہ اگر شہادت کی وجہ سے خود اپنی ذات یا ماں باپ یا قرابت داروں کو کوئی نقصان ہوتا ہو تو اس کو برداشت کرنا چاہیے[1]

خود جناب رسالت پناہ نے اپنے عدالتی فیصلوں کے صدور کے مواقع پر اور ان فیصلوں کے تعمیل کے وقت یہ امر قطعی طور سے طے کر دیا کہ اجرائے انصاف محض انصاف کی خاطر ہونی چاہیئے

امام بخاری نے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ قبیلہ مخزوم کی ایک عورت مسماۃ فاطمہ نے چوری کی۔ بعد ثبوت رسالت پناہ نے سزائے شرعی کے نفاذ کا حکم صادر فرما دیا۔ لوگوں نے بعد مشورہ حضرت اسامہ کو جناب رسالت پناہ کے پاس سفارش کے لئے آمادہ کر لیا۔ انہوں نے سفارش کی۔ سفارش کا کوئی اثر جناب رسالت پناہ نے نہیں لیا اور ایک عام خطبہ ارشاد فرمایا اور نہایت واضح طور سے سب کے ذہن نشین یہ بات فرما دی کہ سزائے شرعی سے کوئی مجرم چاہے وہ شریف ہو یا ذلیل نہیں بچ سکتا۔

دوران خطبہ میں آپ نے ارشاد فرمایا کہ

"سابقہ قوموں کو اسی چیز نے گمراہ کر دیا۔ ان کی عادت تھی کہ شریف چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور اگر ضعیف چوری کرتا تو اس پر حد جاری کرتے۔ خدا کی قسم اگر فاطمہ بنت محمد نے بھی چوری کی ہوتی تو محمد اس کا بھی ہاتھ کاٹ ڈالتا"[2]

حضرت ابوبکر صدیق خلیفہ ہوئے اور پہلی مرتبہ خطبہ ارشاد فرمایا تو قطعیت کے ساتھ یہ بات بھی گوش گزار کر دی تھی کہ۔

"الا ان القوی عندی ضعیف حتی آخذ منہ الحق والضعیف عندی قوی حتی آخذ لہ الحق"[3]

اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے کہ

---

[1] ۔ النساء ع ۲ ۔ [2] ۔ بخاری ۔ الصحیح ص ۱۰۰۳ ۔ [3] ۔ کنز العمال جلد ۳ ص ۱۲۸ ۔

آگاہ ہو جاؤ قوی میرے پاس ضعیف ہے تا آنکہ میں اس سے حق نہ حاصل کر لوں۔
ضعیف میرے پاس قوی ہے تا آنکہ میں اس کا حق نہ دلا دوں۔

حضرت عمر فاروق کے ایک یادگار مراسلہ میں جو ابو موسیٰ اشعری صوبہ دار کوفہ کا موسوم ہے یہ ہدایت بھی مرقوم ہے کہ "آس بین الناس فی وجھک و مجلسک و عدلک حتی لا ییاس الضعیف من عدلک ولا یطمع الشریف فی حیفک"[1]

مطلب یہ ہے کہ اپنی ذاتی حیثیت میں اپنے اجلاس پر اور اپنے انصاف میں سب کے ساتھ مساوات برتنی چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہ کمزور حاکم کے انصاف سے مایوس ہو جائے اور صاحب اثر کو مروت اور رعایت کی امید پیدا ہو جائے۔

حاکم عدالت کے پاس فریقین کو جو مساوی حیثیت حاصل ہونی چاہیئے اور جس کی حضرت عمر نے اپنے حکم میں صراحت کی ہے اس سلسلہ میں خود ان کا ایک ذاتی واقعہ اس قابل ہے کہ اس کو یہاں بیان کیا جائے۔

ایک دفعہ حضرت عمر کو ابی بن کعب سے کسی امر میں اختلاف ہو گیا۔ اور بنا دعوے پیدا ہوئی۔ مقدمہ حضرت زید بن ثابت کے اجلاس پر پیش ہوا۔ حضرت عمر عدالت میں آئے تو حضرت زید نے اپنی جگہ خالی کر دی۔

حضرت عمر نے عدالت سے مخاطب ہو کر کہا کہ یہ پہلی نا انصافی ہے جو اس مقدمہ میں ظاہر ہوئی۔ یہ کہکر وہ دوسرے فریق کے بازو جا بیٹھے[2]

ان کے بیٹے ابو شحمہ نے شراب پی۔ جرم ثابت ہوا تو سزائے شرعی دی گئی اس سزا کے صدمہ سے انہوں نے وفات پائی۔ اس طرح حضرت عمر کے برادر نسبتی قدامہ بن مظعون بھی شراب پینے کے جرم میں ماخوذ ہوئے۔ علانیہ ان کو بھی آپنے (۸۰) درے لگوائے[3]

---

[1]۔ الماوردی، الاحکام السلطانیہ۔ [2]۔ مولانا شبلی الفاروق ص ۱۸۲ حصہ دوم۔

۲۔ عصری نقطۂ نظر کے بموجب قرار دیا گیا ہے کہ:۔

افراد کے ساتھ کوئی زیادتی واقع ہو تو اس پر اس زاویۂ نگاہ سے توجہ کی جائے گی کہ وہ دولت عامہ کے ساتھ زیادتی ہے۔

جناب رسالت پناہ کے ایک عہد کا تذکرہ اس سے قبل کیا جا چکا ہے۔ اس عہد میں یہ بات بھی صاف کر دی گئی ہے کہ کسی فرد کے ساتھ زیادتی عمل میں آئے تو اس کے متعلق یہ سمجھا جائے گا کہ وہ زیادتی عام امت کے خلاف ہے۔ خود قرآن میں وارد ہے کہ انه من قتل نفسا بغير نفس او فسا د في الارض فكا نما قتل الناس جميعا ومن احياها فكا نما احيا الناس جميعا[۱]

اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو مار ڈالنے یا ملک میں فساد مچانے کے بغیر کوئی کسی کی جان لے بیٹھے تو گویا اس نے سب کو مار ڈالا اور جس نے کوئی جان بچائی تو گویا اس نے سب کی جان بچائی۔

اس توضیح سے یہ اشارہ نکلتا ہے کہ جرم گو کسی فرد کے خلاف کیوں نہ ہو بحیثیت مجموعی وہ پورے معاشرہ کے خلاف صادر ہوتا ہے۔ سلطنت اور حکومت بہ لحاظ محافظ معاشرہ کے خلاف صادر ہوتا ہے۔

۳۔ مسئلہ یہ ہے کہ حکام عدالت کے اجلاس پر اثبات دعوے کے بغیر کسی شخص کے حق کا استقرار یا کسی فرد کے جرم کا اثبات ہو سکتا ہے یا نہیں۔

یہ بات ہمیں معلوم ہو چکی ہے کہ اسلامی ارباب قانون نے بالاتفاق یہ بات طے کر دی ہے کہ حاکم عدالت یا قاضی ہر حق کا فیصلہ کر سکتا ہے چاہے یہ حق حقوق اللہ سے متعلق ہو یا حقوق الناس[۲] سے

ع۱۔ المائدہ ع ۵ ع۲۔ ابن رشد۔ بدایۃ المجتہد ص ۳۸۴ جلد دوم۔

"وعلی القاضی مدار الاحکام والیہ النظر فی جمیع القضایا من القلیل والکثیر بلا تحدید"[1]

حضرت عمر نے ابو موسیٰ الاشعری کو جو حکم نامہ بھیجا تھا اس میں صراحت سے یہ بھی لکھا تھا کہ
"ان لا یقضی الا بیسر" امر نمبر ۴ یعنی یہ کہ حکام عدالت ایسے قواعد و احکام کی پیروی کرتے
ہوں جن کی عام اشاعت ہو چکی ہو نیز امر نمبر ۵ یعنی یہ کہ فیصلہ صادر کرنے میں ایک موجود فی الخارج
اور سب کے لئے یکساں معیار قانون کے حکام عدالت کس حد تک پابند ہیں ان کے
سلسلہ میں یہ واضح ہے کہ قرآن کے احکام سے تجاوز نہیں ہو سکتا جس کی عام اشاعت
اور موجود فی الخارج ہونے اور سب کے لئے قابل پابندی ہونے کے متعلق کوئی کلام نہیں ہو سکتا۔
امور ۵ و ۶ کے متعلق بھی فقہی کتابوں سے حوالے ملتے ہیں لیکن یہاں تطویل کا اندیشہ ہے۔
غرض اسلامی شریعت اور فقہ کی آواز باز گشت کے طور پر ہی ابتدائی زمانہ کے آئین و
ضوابط ایک کے بعد ایک ختم ہو گئے اور اب ان کی جگہ ایک ایسی صورت معاملات نے لے لی ہے
جس میں سلطنت کا ایک با اختیار قایم مقام اور ناطرفدار ثالث :۔

۱۔ افراد کے ساتھ زیادتی پر اس حیثیت سے توجہ کرتا ہے کہ وہ دولت عامہ کے
ساتھ زیادتی ہے۔

۲۔ مفروضہ زیادتی کرنے والے کو گرفتار کرتا ہے۔

۳۔ تعین جرم میں ایک موجود فی الخارج اور سب کے لئے یکساں معیار فیصلہ یعنی قانون سے
کام لیتا ہے۔

۴۔ مفروضہ زیادتی کرنے والے پر ان قواعد کارروائی بشمول قواعد شہادت و ثبوت کے
مطابق مقدمہ چلاتا ہے جن کی عام اشاعت ہو چکی ہے۔

ع۱۔ معین الحکام ص۴

ع۲۔ شاہ ولی اللہ۔ و ازالۃ الخفا ص۱۱۹ مطبوعہ بریلی۔

۵ ۔ بصورت ثبوت زیادتی کرنے والے کی سزا دہی اپنے ذمہ لیتا ہے[1]

۶ ۔ اور کسی ملزم کو جب تک حسب ضابطہ اور قانون کی رو سے قانون کی بنا کردہ عدالتوں میں تحقیقات نہ ہو جائے جسمانی یا مالی سزا نہیں دی جا سکتی ہے[2]

یوں تو یورپ کے تقریباً تمام دوسرے ممالک میں عہدہ داران انتظامی قید عارضی نظر بندی اور جلا وطنی وغیرہ کے معاملات میں وسیع اختیارات استعمال کرتے ہیں لیکن انگلستان میں ان کا نہ تو ادعا کیا جا سکتا ہے اور نہ ان کو روبہ عمل لایا جا سکتا ہے ۔

غرض کیا عصری قانون اور کیا شریعت اسلامیہ دونوں کے اعتبار سے کل افراد قوم، امیر و غریب اعلیٰ و ادنیٰ کی ایک ہی حیثیت ہے ۔ قانون و شریعت میں کسی کے پیشہ اور مرتبہ کا کوئی لحاظ نہیں ہے ۔ سب کے حق میں ایک ہی قسم کا انصاف ہوتا ہے یا دوسرے الفاظ میں سب کے لئے ایک ہی قانون اور سب کے لئے ایک ہی سزا مقرر ہے ۔ کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں ہے ۔ فقط

محمد غوث ایم ۔ اے، ال ال بی
(ریسرچ اسکالر)
اسلامی قانون (جامعۂ عثمانیہ)

ع[1] ۔ ڈیوی اخلاقیات ۔ ترجمہ جامعہ عثمانیہ ص ۴۷۹

ع[2] ۔ چیمبرز ص ۴۴

ع[3] ۔ اے وی ڈائی سی قانون دستوری ترجمہ مسعود علی سلسلہ جامعہ عثمانیہ ۔ ص ۲۸۳

اسلامی قانون اور مملکت حیدرآباد

(از جسٹس میر باسط علی خان حیدرآباد)

ہندوستان میں اسلامی قانون اور اسکا طریقہ عدل گستری

جب مسلمان ہندوستان میں آئے تو یہاں بھی عام طور سے اسلامی قانون ان کا رہنما رہا لیکن ہندوؤں کا تمدن چونکہ بہت قدیم اور اس ملک کی پرانی رعایا کو عزیز بھی تھا اس لئے اپنی اسلامی رواداری کے بموجب حسب احکام قرآن وسنت مسلمان دھرم شاستر اور وید کے احکام اور مذہبی اور قومی رواجات کا بھی خاص طور پر احترام کرتے رہے۔ اور پنڈتوں اور شاستریوں کے ذریعہ سے ہندوؤں کے مقدمات کا تصفیہ کرانے لگے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلمان بادشاہوں کے زمانے میں یہاں ہندو مسلمان شیر و شکر بنے رہے اسلامی طریقہ عدل گستری یہ تھا کہ اضلاع و تعلقات میں قاضی بحیثیت جج، منصف و مجسٹریٹ مامور کئے جاتے تھے جو دیوانی و فوجداری مقدمات فیصل کیا کرتے تھے پایہ تخت اور مستقر صوبہ پر کسی بڑے قاضی کا تقرر ہوتا تھا فوجداری کے معمولی مقدمات حکام کوتوالی سے فیصل ہوتے تھے بعض خاص مقدمات دیوانی و فوجداری خود بادشاہ وقت یا اس کے نائب السلطنت یا صوبہ دار کے سامنے پیش ہوتے تھے۔ فوجداری مقدمات میں حدود شرعی جاری ہوا کرتی تھیں دیوانی مقدمات میں ضرورتاً مدیون کو سزائے قید بھی دی جاتی تھی۔ جس کو آج انگریزی عدالتوں نے بھی جائز رکھا ہے۔ قاضیوں کا انتخاب محض علمی قابلیت پر نہیں بلکہ وجاہت خاندانی اور اعلیٰ کردار کی بنا پر ہوا کرتا تھا اور ان کی تنخواہیں معقول ہوا کرتی تھیں تاکہ حصول ناجائز کی طرف وہ مائل نہوں اور رعایا پر ان کا رعب قائم رہے ان کو تجارت کی بھی ممانعت تھی۔

مسلمانوں کے مقدمات ان قاضیوں کے پاس پیش کئے جاتے تھے۔ غیر مذاہب والوں کو عموماً اجازت تھی کہ وہ اپنے مقدمات اپنے مذہب و رسم و رواج کی رو سے بذریعہ پنچایت وغیرہ بطور خود فیصل کرالیں۔ بڑے بڑے شہروں اور قصبوں میں محتسب مامور کئے جاتے تھے جنکا کچھ عملہ بھی ہوتا تھا۔ ان کے فرائض آج کل کے محکمہ جات صفائی و کوتوالی کے فرائض سے ملتے جلتے تھے مثلاً اس بات کی نگرانی کرنا کہ ترازو اور باٹ کم نہوں۔ سڑک پر کوئی مکان نہ بنائے جانوروں پر بوجھ زیادہ نہ لادے شراب کی علانیہ فروخت نہو رمضان المبارک میں خورونوش کی دکانیں دن میں بند رہیں شرح مقرر کردہ سرکار میں کمی و بیشی نہو وغیرہ وغیرہ ان احکام کی خلاف ورزی کرنے والوں کا چالان قاضیوں کے پاس کیا جاتا تھا صراحت مذکورہ بالا سے واضح ہے کہ اسلام نے انصاف رسانی کے کسی پہلو کو نظرانداز نہیں کیا اور حقیقت یہ ہے کہ انصاف اسلامی قانون کا جزو اعظم رہا اور مسلمان بادشاہوں نے عدل و انصاف کا ہمیشہ خیال رکھا۔ مثلاً یہاں اس زنجیر عدل کا ذکر کردینا بے موقع نہوگا جو شہنشاہ جہانگیر نے تیار کرائی تھی۔ اس سے متشرع بادشاہوں کا قیاس کیا جا سکتا ہے۔

زنجیر عدل

اس عدل پرور شہنشاہ نے جو فرمان بزبان فارسی صادر فرمایا اس کا ترجمہ یہ ہے "تخت نشینی کے ساتھ ہی سب سے پہلے حکم جو میں نے دیا وہ زنجیر عدل کے باندھنے کا تھا تاکہ مظلوموں اور ستم رسیدوں کی دادخواہی و انصاف رسانی میں اگر عہدہ داران عدالت کوتاہی و غفلت کریں تو مظلوم خود اس زنجیر کے پاس پہنچکر اسے ہلا دیں اور اسکے شور سے مجھے اطلاع ہو جائے یہ زنجیر خالص سونے کی تھی جس کا طول ۳۰ گز تھا اس میں (۶۰) گھنٹیاں لگی ہوئی تھیں ہندوستان کے حساب سے اس کا وزن چار من تھا ایک سرا اس زنجیر کا قلعہ آگرہ کے شاہ برج میں (جو بادشاہ کی خوابگاہ تھی) مضبوط باندھ دیا گیا تھا اور دوسرا سرا دریائے (جمنا) کے کنارے ایک سنگین کھمبے میں پیوستہ کر دیا گیا تھا۔"

حیدرآباد کا قدیم طریقہ عدل گستری

اب اگر ہم اس ریاست کی قدیم عدالتوں کے قیام ان کے اختیارات اور طریقہ کار پر ایک نظر غائر ڈالیں تو ظاہر ہوتا ہے کہ چونکہ ملک دکن تقریباً چھ سو سال سے مسلمانوں کے زیر نگیں رہا ہے اور تقریباً دو سو سال سے سلاطین آصفیہ کا سایہ ہما یا یہ اس سرزمین پر پرتوافگن ہے اس لئے یہاں بھی وہی اسلامی قانون اور وہی طریقہ عدل گستری (جس کا ہم نے اوپر بہ تفصیل ذکر کیا ہے) کچھ کم وبیش تغیر کے ساتھ رائج رہا۔

بے اطمینانی کا زمانہ اور اسکے نتائج

جب تمام ہندوستان میں بے اطمینانی کا دور شروع ہوا اور ہندوستان میں اسلامی شہنشاہیت کا ٹمٹماتا ہوا چراغ سحری بجھنے لگا۔ دیسی ریاستوں کی باہمی رقابت نے زور پکڑا اور سارا ملک فتنہ و فساد اور ریشہ دوانیوں کا آماجگاہ بن گیا تو سرزمین ہندوستان سے امن اور اطمینان رخصت ہوگیا بالخصوص انیسویں صدی عیسوی کے وسط تک ایک سو برس ایسے گذرے جن میں میسور کی جنگیں مرہٹوں کی لڑائیاں افغانستان۔ سندھ۔ برہما اور گورکھا کے محاربات پنڈاریوں کی لوٹ مار اور ہندوستان کا غدر یہ تمام بلائیں اس بدقسمت پر ایسی مسلسل نازل ہوئیں جن سے حیدرآباد بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا اس زمانہ میں سب کو اپنی جان و مال عزت و آبرو کی پڑی تھی حصول علم وفن کی طرف کون مائل یا متوجہ ہوتا اور فن سپاہ گری چھوڑ کر قرآن و حدیث یا دھرم شاستر یا ویدوں کا درس کون حاصل کرتا نتیجہ یہ ہوا کہ عام خاندانوں کے علاوہ قاضیوں اور شاستریوں اور پنڈتوں کے خاندانوں سے بھی علم و فضل جاتا رہا جو لوگ قاضیوں کے اہم فرائض انجام دیتے تھے ان کے جانشین اور ان کی اولاد صرف نکاح پڑھانے اور "پڑی ہوی چھری" پھیرنے کے کام رہ گئے اور علیٰ ہذا قیاس پنڈت اور شاستریوں کی اولاد بھی صرف جنتر منتر پڑھنے کے قابل رہ گئی !!

ہندوستان میں انگریزی عدالتوں کا قیام اور اس کا اثر اسلامی قانون اور دہرم شاستر پر

مغلیہ سلطنت کے خاتمہ پر دوراندیش حکومت برطانیہ نے اسلامی قوانین اور اسلامی عدالتوں اور دہرم شاستر کو یک لخت ختم کر دینا قرین مصلحت و انصاف خیال نہیں کیا کیونکہ وہ خوب جانتے تھے کہ اہل ملک مسلمانوں کا بے لاگ انصاف انکی رواداری اور اسلامی قوانین کے برکات کے شیدائی تھے جب کچھ عرصہ گذر چکا اور ان کی سلطنت میں استحکام پیدا ہو گیا تو انہوں نے انگریزی عدالتیں قایم کیں جن میں شرع اسلام نے ایک نیا اور خاص روپ اختیار کیا انگریزوں کے ابتدائی زمانہ حکومت میں فقہ اسلام تمام عدالتوں میں نافذ رہا شرع شریف اور دہرم شاستر کے احکام کا نفاذ تھوڑے دنوں تک ہندوستانی عہدہ داروں کے ذریعہ عدالتوں میں کرایا جاتا رہا جو عدالتوں میں ماہرین فن یعنے ”مشیر“ کی حیثیت سے کام کرتے مسلمان مشیر مفتی اور مولوی اور ہندو مشیر ”پنڈت“ کہلاتے تھے مگر کچھ عرصہ بعد ایسے ماہرین سے کام لینا غیر ضروری سمجھکر ترک کر دیا گیا فقہ کے احکام متعلقہ جرائم و تعزیرات و مالگزاری و قبضہ اراضی و ضوابط شہادت اور جزا انتقال جائداد کے یکے بعد دیگرے متروک ہو کر ان کی جگہ مجلس وضع آئین و قوانین کے ایکٹ قائم کر دیئے گئے ۔ ایسے مقدمات جو مسلمانوں کے مابین ہوتے تھے جہاں تک ممکن ہوتا شرع شریف کے احکام کی پابندی کی کوشش کی جاتی تھی ۔

حیدرآباد کے قدیم عدالتیں انکی تنظیم و تشکیل اور بعض کی تخفیف

جب ہندوستان میں امن و امان ہو گیا اور تمام صوبوں میں ہائیکورٹس کا قیام اور عدالتوں میں تنظیم ہو گئی تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ حیدرآباد کی سابقہ عدالتوں کی بھی تنظیم و تشکیل شروع ہو گئی اور شہر حیدرآباد میں عدالت فوجداری عدالت دیوانی بادشاہی عدالت محکمہ مرافعہ وغیرہ کا قیام عمل میں آیا مگر ”عدالت دارالقضاء و دفتر صدر الصدور“ جو اسلامی عدالتوں کی باقیات تھے

بدستور کام کرتے رہے۔ نیز صوبہ دار حیدرآباد کو دیوانی مقدمات کی اور کوتوال بلدہ کو فوجداری
مقدمات کی سماعت کا حسب سابق اختیار رہا۔ نائب سلطنت یعنے دیوان یا مدارالمہام
وقت اپنے محل میں دیوانی و فوجداری ہر قسم کا کام ملاحظہ کرتے رہے مفتی و محتسب کے اختیارات
بھی کچھ نہ کچھ باقی رہے۔ اضلاع و تعلقات میں کہیں کہیں جج و منصف مقرر کئے گئے اور تمام
عہدہ داران مال یعنے صوبہ داروں، اول، دوم، دسوم تعلقداروں حتیٰ کہ پولیس پٹیلوں کو
بھی عدالتی اختیارات دیئے گئے۔ مگر اسلامی عدالتوں کی یادگار یعنے قاضیوں کو بھی بیگانہ چھوڑا
گیا یہ لوگ عہدہ داران مال کو فصل خصومات میں مدد دیا کرتے تھے۔ جہاں قاضی نہیں ہوتے تھے
وہاں پٹیل پٹواری بھی جھگڑے چکا دیا کرتے تھے یہ عمل سنہ ۱۲۳۱ف م سنہ ۱۸۲۲ء تک رہا اس کے بعد
یہاں کی عدالتوں نے ترقی کا ایک اور قدم آگے بڑھایا تاریخ عدالت حیدرآباد میں سنہ ۱۲۳۱ف
مطابق سنہ ۱۸۲۲ء ایک خاص اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اس سنہ میں عدالت دارالقضاء دفتر
کوتوالی بلدہ دفتر صدر الصدور اور بعض دوسری عدالتوں کے اختیارات کا تعین کیا گیا شہر
کی بعض غیر ضروری عدالتیں توڑ دی گئیں اور چند عدالتوں اور ہائیکورٹ کا قیام عمل میں
آیا اضلاع اور تعلقات میں قاضی جو فصل خصومات میں عہدہ داران مال کے شریک ہوا کرتے
تھے اس خدمت سے سبکدوش کر دیئے گئے یہ سب کچھ ہوا پھر بھی ہماری سابقہ عدالتوں
کی ایک شان باقی رہی دیوانی مقدمات میں سودی ڈگری دینے سے پرہیز کیا جاتا رہا
سنہ مذکور سے پہلے سے جو عدالتیں قائم تھیں یا جو بعد میں قائم ہوئیں یا ہنوز باقی
ہیں ان کے منجملہ بعض کی مختصر کیفیت کا اس موقع پر ذکر کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کیونکہ اس سے
واضح ہوگا کہ قدیم عدالتوں کی تنظیم و تشکیل اور ان کو اسلامی عدل گستری کے اعلیٰ تر درجہ
تک پہنچانے میں حکومت کو کیا کیا مراحل طے کرنے پڑے:۔

دفتر عدالت الحق عدالت دیوانی یا چینی خانہ یا عدالت دیوانی خورد یا دیوانی بلدہ

پہلے زمانہ میں چونکہ ہندو اور مسلمان دونوں عدالتوں میں جانا معیوب سمجھتے تھے اور انکی

ہمیشہ یہ خواہش ہوتی کہ اپنی شکایت خود نائب بادشاہ یعنے دیوان یا مدارالمہام کے سامنے پیش کریں اس لئے اسلامی اصول عدل گستری اور روایات سلاطین سابقہ کے اتباع میں سلاطین آصفی نے بھی اپنی عزیز رعایا کی اس واجبی خواہش کو پورا کرنے میں کبھی دریغ نہیں فرمایا چنانچہ نواب سراج الملک نے اپنے محل میں ایک " سررشتۂ عرائض " قائم کیا تاکہ اسکے ذریعہ ہر شخص اپنے عرائض نواب صاحب ممدوح کے سامنے پیش کر سکے نتیجہ یہ ہوا کہ ہزارہا عرائض دیوانی و فوجداری گذرنے لگیں اور اس سررشتہ کی صورت ایک عدالت کی سی ہوگئی اولاً اس دفتر کے افسر کو " داروغہ " کہا کرتے تھے اس کے بعد ناظم سررشتہ عرائض کہنے لگے۔

۱۲۶۱ف م ۱۸۵۲ء میں (۵۸) مقدمات اس عدالت میں منفصل ہوئے منجملہ ان کے تین مقدمات ضرر خفیف اور حبس بیجا کے تھے ۔ جب نواب سالارجنگ مرحوم نے اس عدالت کو اپنے محل موسومہ چینی خانہ میں جہاں دیواروں اور چھتوں میں چینی کا کام کیا ہوا ہے منتقل کیا تو یہ " عدالت چینی خانہ " کہلانے لگی ۔ بعدازاں ۱۲۸۴ف م ۱۸۷۵ء میں یہ " عدالت دیوانی خورد " کے نام سے مشہور ہوئی اس زمانہ میں مدارالمہام درحقیقت خود جج ہوا کرتے تھے اور ہر قسم کے مقدمات دیوانی و فوجداری بذریعہ " دفتر عرائض " پیش ہوا کرتے تھے ۱۲۸۴ف م ۱۸۷۵ء میں نواب صاحب ممدوح نے یہ خیال کرکے کہ عدالتی و عاملانہ اختیارات کا ایک ہی شخص سے متعلق رہنا خلاف مصلحت ہے اور رعایا کی بھلائی کے لئے متعدد محکمہ جات کا مقرر ہونا زیادہ مناسب ہے ، اپنے عدالتی اختیارات عدالتوں کے سپرد فرمادئے بزمانہ نواب سر آسمان جاہ مرحوم ۱۳۰۱ف م ۱۸۹۲ء میں اس کا نام " عدالت دیوانی بلدہ " رکھا گیا اور سر علی امام مرحوم کے دور میں یہاں کے ناظم اول کو مطالبات خفیفہ کے اختیارات عطا کئے گئے چونکہ بہ عہد صدارت مہاراجہ سرکشن پرشاد شہر حیدرآباد میں ایک جداگانہ عدالت مطالبات خفیفہ قائم کی گئی ، اب ان اختیارات کا کوئی تعلق دیوانی بلدہ سے باقی نہیں رہا۔

عدالت مجلس ساہوان عدالت گوبند راؤ

چونکہ سلاطین آصفیہ نے داد رسی کا دروازہ صرف اہل اسلام کیلئے ہی نہیں بلکہ تمام رعایا کیلئے بلا تفریق مذہب وملت کھول رکھا تھا اس لئے بزمانہ غفران مکان نواب میر محبوب علیخان دو عدالتیں یعنی "عدالت مجلس ساہوان" و "عدالت گوبند راؤ" قایم ہوئیں اول الذکر عدالت کے صدرنشین خود نواب سالار جنگ تھے یہہ عدالت ۱۸۷۴ء میں تخفیف ہوگئی۔ ثانی الذکر عدالت ۱۸۶۲ء میں قائم ہوئی۔ اس عدالت میں مقدمات وطن داری گوسائیاں و نزاعات جوشیاں وغیرہ پیش ہوتے تھے۔

دفتر اجرا یا محکمہ تعمیل

شہر حیدرآباد میں دیوانی عدالتیں تو قائم ہوگئی تھیں مگر ان کے فیصلہ جات ڈگریات کی تعمیل کوئی آسان کام نہ تھا اگرچہ ڈگریوں کی تعمیل ہر ملک اور ہر زمانہ میں دشوار رہی ہے مگر اس زمانہ میں دشوار تر تھی کیونکہ بااثر مدیونان کی طرف سے زر ڈگری کی ادائی او جائداد اور املاک کی قرقی و نیلام میں طرح طرح کی دقتیں پیدا کیجاتی تھیں مدیونان کی گرفتاری تقریباً ناممکن ہوگئی تھی یہ لوگ امراء عظام یا جمعداران فوج کے ہاں پناہ لیتے تھے اور اس طرح عدالت کی دسترس سے باہر ہو جاتے تھے ان تمام دشواریوں کے پیش نظر نواب سالار جنگ نے ۱۲۶۵ف م ۱۸۵۶ء میں شہر حیدرآباد میں یہہ محکمہ قائم فرمایا جو بہت کامیاب ثابت ہوا۔ جب عدالتوں کا کافی رعب و وقار قائم ہوگیا تو اس کو برخاست کر دیا گیا۔

محکمۂ قضایائے عروب

ایک عرصہ دراز سے حیدرآباد میں عروب سرکاری جمیعت میں ملازمت کرتے چلے آرہے ہیں ان میں سے اکثر نقدی لین دین بھی کیا کرتے تھے اپنی افتاد طبیعت کے لحاظ سے یہ بہت جلد مشتعل ہوجایا کرتے تھے اور جن معاملات کا تصفیہ زبانی طور پر ہوسکتا تھا یہ بزور شمشیر فیصلہ کرنے پر فوراً تل جاتے تھے۔ اس لئے داد و ستد کے معاملات اسلامی قانون کے

بموجب طے کرنے کے لئے یہ عدالت قائم کی گئی تھی نواب مختار الملک نے ۱۸۷۲ء میں عربوں کے
مقدمات گشت وخون وسرقہ درہ زنی کو بھی اس محکمہ میں رجوع کرنے کا حکم دیا اور محکمہ کے
سرپنچ خود مدار المہام ہوتے تھے محکمہ مذکور کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ
جب نواب سالار جنگ ۱۸۷۶ء میں بغرض ملاقات گورنر جنرل بمبئی تشریف لے گئے تو ذریعہ
جریدہ غیر معمولی ہدایت فرمائی کہ اگر کوئی اہم معاملہ پیش آجائے توان کی واپسی تک اسکا
تصفیہ ملتوی رہے یہ محکمہ ۱۸۸۹ء میں تخفیف کردیا گیا اور اسکے دفتر کا بڑا حصہ مجلس عالیہ
عدالت میں اور کچھ حصہ محکمہ نظم جمعیت میں ضم ہوگیا۔

عدالت بادشاہی یا فوجداری بزرگ یا عدالت فوجداری عالیہ

نواب سالار جنگ نے ۱۸۵۵ء میں یہ عدالت شہر حیدرآباد میں قائم فرمائی
اور نواب صاحب ممدوح خود اسکے صدر نشین تھے اور اس خیال سے کہ عوام اور اہل
مقدمات پر اسکی عظمت کا اثر پڑے، اس کا نام "عدالت بادشاہی" رکھا اور حکم دیا
کہ کل استغاثے اس عدالت میں پیش ہوا کریں اس عدالت کو بجز اختیارات سزائے موت
وحبس دوام باقی تمام اختیارات فوجداری حاصل تھے آگے چل کر اس عدالت کا نام "عدالت
فوجداری عالیہ" یا "عدالت العالیہ و فوجداری بزرگ" پڑ گیا ۱۸۷۰ء میں اس عدالت
کو شکست کرکے عدالت العالیہ میں شریک کردیا گیا۔

عدالت فوجداری خورد یا عدالت فوجداری بلدہ

اس عدالت کو راجہ چندو لال نے بعہد مغفرت منزل نواب سکندر جاہ ۱۸۳۸ء
میں قائم کیا تھا اگرچہ اس وقت اضلاع میں جج و منصف فوجداری اختیارات عمل
میں لاتے تھے مگر ان کے فیصلہ جات بغیر اس عدالت کی منظوری کے نافذ نہیں ہوا کرتے
تھے اس عدالت میں سرقہ کی پاداش میں ہاتھ کاٹنے کی سزا دیجاتی تھی ۱۸۴۸ء میں
یہ سزا موقوف کرکے سزائے قید دیجانے لگی یہ عدالت اب "فوجداری بلدہ" کے نام سے

موسوم ہے جہاں (۴۸) ماہوار ارباب نظام اور چند نظما اعزازی کام کرتے ہیں۔

عدالت کوتوالی بلدہ

دستور قدیم کے مطابق نہ صرف کوتوال بلدہ کو بلکہ اون کے مددگاروں کو بھی فوجداری اختیارات حاصل تھے نواب سالارجنگ نے ان اختیارات کو محدود فرمادیا اور حکم دیا کہ بلا منظوری عدالت بچار من سے زیادہ کسی قیدی کو حوالات میں نہ دکھا جائے ۱۸۷۰ء میں کوتوالی سے اختیارات فوجداری بالکل علیحدہ کردیئے گئے۔

دفتر معتمدی عدالت دفتر ہوم سکرٹری اور محکمہ صدالمہام عدالت و مدارالمہام

سنہ ۱۲۷۲ف م ۱۸۶۲ء میں عدالتوں کی مزید نگرانی کے لئے ایک دفتر موسومہ "دفتر معتمدی" بلدہ میں قائم ہوا جس میں ایک عہدہ دار "معتمد مدارالمہام" کے نام سے مقرر کیا گیا اس دفتر کے توسط سے عدالت العالیہ کے دیوانی مقدمات کے مرافعات جنکی مالیت (۵۰۰۰) سے زیادہ ہوتی تھی یا بعض خاص مقدمات خود صدرالمہام بہ شراکت معتمد سماعت کیا کرتے تھے ۱۸۷۰ء میں نواب سالارجنگ نے صیغہ عدالت کے کام کو عمدہ طور پر چلانے کے لئے امراء بلدہ سے نواب بشیرالدولہ سرآسمانجاہ کو صدرالمہام عدالت مقرر فرمایا جو عدالت العالیہ کے تجاوز کی ناراضی سے مرافعات سماعت فرماتے تھے اور اگر فریق اس پر بھی مطمئن نہ ہوتا تو مدارالمہام کے پاس مرافعہ کرسکتا تھا ۱۸۷۱ء میں عدالت العالیہ کے مرافعہ کا فیصلہ قطعی قرار دیا گیا اور دوران تحقیقات میں محکمہ جات بالا کی مداخلت موقوف کردی گئی مگر خاص خاص صورتوں میں صدالمہام کو مداخلت کا حق رہتا تھا اور فریق کی خواہش پر اسکو مدارالمہام تک مرافعہ لے جانے کی اجازت دیجاتی تھی نواب سالارجنگ نے محکمہ صدرالمہام کو تخفیف کردیا اور اسکے اختیارات عدالت العالیہ کو دیدیئے سالارجنگ ثانی کے زمانہ میں ایک جدید عہدہ ہوم سکرٹری کے نام سے قایم ہوا تھا ۱۸۹۰ء میں دفتر معتمدی میں ہوم سکریٹری کا دفتر شامل کردیا گیا اور ایک سال بعد اس دفتر کو شکست کردیا گیا اب یہ دفتر "معتمدی عدالت و کوتوالی و امور عامہ" کے نام سے موسوم ہے اسکے توسط سے عدالت العالیہ کے

تجاویز کی ناراضی سے صرف انتظامی مرافعات صدرالمہام عدالت و صدر اعظم بہادر کے ملاحظہ میں پیش ہوتے ہیں۔

مجلس مرافعہ صدر یا مجلس عالیہ عدالت یا عدالت عالیہ

سنہ ۱۸۵۳ء کے معاہدہ کی رو سے سرکار عظمت مدار نے اضلاع شولاپور و رائچور و نلدرگ سرکار عالی سے لئے تھے سنہ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد اس قابل قدر امداد کی بنا پر جو ریاست حیدرآباد نے اس نازک موقع پر سرکار انگریزی کو دی تھی اضلاع مذکور سنہ ۱۸۶۲ء میں سرکار عالی کو واپس مل گئے ان اضلاع کے عدالتی انتظام کے لئے "صدر عدالت متفرقہ" کے نام سے ایک محکمہ حیدرآباد میں قائم کیا گیا اس وقت تک اضلاع کے بیرعدل (جج) اور تعلقات کے منصفوں کے فیصلے تصیح کی غرض سے حیدرآباد کی عدالت فوجداری میں روانہ کئے جاتے تھے سنہ ۱۸۶۴ء سے تمام عدالت ہائے اضلاع کا تعلق اس جدید محکمہ سے کردیا گیا اور اس کا نام "صدر عدالت متفرقہ و تصیح تعلقات" رکھا گیا اور سنہ ۱۸۶۶ء میں ضلع بندی کے بعد اس کا نام "محکمہ مرافعہ اضلاع" ہوگیا اس زمانہ میں محکمہ مذکور کے علاوہ ایک مجلس اور قائم ہوئی جس میں اس محکمہ کو شامل کردیا گیا کچھ عرصہ بعد اسکا نام "مجلس مرافعہ صدر" ہوگیا اور یہ نام سالہا سال تک چلتا رہا سنہ ۱۸۷۰ء میں یہ مجلس تخفیف ہوکر عدالت العالیہ کی شکل میں رونما ہوئی اور اس میں نئے ارکین مامور کئے گئے اس کے بیرمجلس کی رائے دو ججوں کی رائے کے مساوی سمجھی جانے لگی اور ہر مقدمہ کا فیصلہ بغلبہ آرا ہونے لگا لیکن اسکے ارکین اپنے عدالتی کام میں ہر طرح صدرالمہام عدالت کے ماتحت تھے جن کے توجہ دلانے پر بعض اوقات ایک ہی مقدمہ کی تجویزیں بار بار رد و بدل ہوتا تھا اگر مجلس اپنے ہیشتر کے فیصلہ پر قائم رہتی تو اس وقت تک عذر مکرر کے احکام آتے رہتے جب تک کہ مجلس سے حسب منشا فیصلہ صادر نہوتا اگرچہ اس مجلس کا نام اب "ہائیکورٹ" مشہور ہوگیا اور عدالت ہائے بلدہ و اضلاع کے فیصلوں کی بہ صیغہ مرافعہ سماعت کرنے کا اختیار بھی اسے حاصل تھا مگر اس کو اپنی ماتحت عدالتوں پر انتظامی حیثیت سے کوئی اقتدار حاصل نہ تھا سنہ ۱۸۷۲ء میں عدالت

"دیوانی بزرگ" "عدالت بادشاہی" و "عدالت فوجداری" جن کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ شکست ہو کر اس عدالت میں ضم ہوگئیں اور اس وقت سے دو ذیح صیغہ ابتدائی دیوانی و صیغہ ابتدائی فوجداری کے لئے مقرر کئے گئے یہ مجلس جس کے کئی نام بدل چکے تھے ہائیکورٹ کی تشکیل کے بعد بھی ابھی تک "مجلس مرافعہ" یا "ہائیکورٹ" کہلاتی تھی۔ یکم اردی بہشت ۱۲۸۷ف م ۱۰ فروری ۱۸۷۸ء سے "مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی" موسوم ہونے لگی۔ شہریور ۱۲۹۲ف میں محکمہ صدر المہام عدالت تخفیف کر دیا گیا اور کل اختیارات اس عدالت کو حاصل ہو گئے۔ دو سال بعد یعنی اسفندار ۱۲۹۴ف میں دستور العمل مجلس عالیہ عدالت کی ترمیم عمل میں آئی اور حسبہ اسکے اقتدارات بڑھا دیئے گئے مختلف امور میں ایک باقاعدگی اور تنظیم پیدا ہوگئی ملک کے قابل اور ممتاز افراد کی خدمات حاصل کی گئیں حکومت نے بعطائے وظائف ملک کے قابل افراد کو اعلےٰ قانونی تعلیم کی غرض سے ولایت اور کچھ عرصہ بعد حیدرآباد سیول سرویس کے کامیاب اشخاص کو عملی تجربہ حاصل کرنے کے لئے برٹش انڈیا بھیجنا شروع کیا تاکہ ملک میں قابل اور اعلیٰ ڈگری یافتہ اشخاص مہیا ہو جائیں چنانچہ ان کو بعد حصول تعلیم و عملی تجربہ رکنیت مجلس عالیہ کے عہدوں پر مامور فرمایا گیا جس میں سے اکثر افراد میر مجلس کے عہدہ تک پہونچے ہماری حکومت کی اس دور اندیش پالیسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ محکمہ عدالت میں بتدریج و بہ کثرت اصلاحات عمل میں آنے لگیں متعدد قوانین و قواعد نافذ ہوئے اور وقار عدالت بڑھتا گیا فصل خصومات میں بیحد آسانی ہوگئی۔ اس وقت یہ عدالت ایک میر مجلس ایک مفتی اور (۱۱) اراکین بشمول رکن دورہ پر مشتمل ہے۔

محکمہ ارباب نشاط

پچھلی دو صدیوں میں جسقدر عدالتیں اس ریاست ابد مدت میں قائم ہوئیں ان کے منجملہ بعض اہم عدالتوں کے انعقاد تنظیم اور تشکیل کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ مذکورہ بالا عدالتوں کے علاوہ زمانہ سابق میں ایک محکمہ "ارباب نشاط" کے نام سے قائم تھا جو عام طور پر کنچن کچہری کے نام سے مشہور تھا۔ اس محکمہ کی مہتممہ ہمیشہ ایک عورت ہوا کرتی تھی۔ چنانچہ بارہویں صدی کے وسط میں

ما ما شریفہ مہتمہ تھیں۔ کچہری ہذا کے قیام کے اغراض یہ تھے کہ:-

(۱) اس مخرب اخلاق پیشہ کی جو اسلامی دور کے صدیوں پہلے سے چلا آرہا تھا بتدریج بیخ کنی کیجائے۔

(۲) پیشہ ور عورتوں پر نگرانی قائم کرکے عام رعایا کو امراض متعدیہ سے محفوظ رکھا جائے۔

(۳) اس طبقہ کے تعزیری جرائم کا انسداد و تحقیقات کی جائے۔

(۴) اس طبقہ کی دیوانی نزاعات مثلاً تقسیم ترکہ۔ ماہوارات و معمولات کی اجرائی و مسدودی و کارروائی ہائے وراثت وغیرہ کا حسب ضابطہ تصفیہ کیا جائے۔

اغراض بالا کی تکمیل کے لئے اس کچہری میں جملہ طوائف کی ایک مفصل سوانح (ہسٹری) درج رجسٹر ہوا کرتی تھی اگر کسی نائکا کی جانب سے کسی لڑکی کے اغوا کرنے کا (جو آج بھی مہذب اقوام کے قانون تعزیرات میں ایک سنگین جرم قرار دیا گیا ہے) کوئی استغاثہ پیش کیا جاتا تو توسلین کچہری باہداد کوتوالی مفرورہ لڑکی اور مغوی کو گرفتار کرکے فوراً مہتمہ کے پاس پیش کرتے تھے جہاں سے حسب ضابطہ تحقیقات کے بعد بصورت اثبات جرم مہتمہ اپنے اختیارات محصلہ کی رو سے سزائے قید یا جرمانہ صادر کرتی تھیں تاکہ ناجائز تعلقات کی فوراً روک تھام ہو جائے۔ اور اگر یہ ثابت ہوتا کہ لڑکی اپنی رضامندی امر ازدواجی تعلقات قائم کرنے کی غرض سے گئی تھی تو فوراً آپس میں نکاح کرا دیا جاکر نائکا کی پرورش کیلئے مناسب معاوضہ دلا دیا جاتا تھا اس کچہری کی تمام مراسلت و تحقیقات بزبان فارسی ہوا کرتی تھی اور آخر مہتمہ ما ما مبارک تھیں کچہری مذکور کے احکام و فیصلہ جات کے دیکھنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ:-

(۱) یہاں فوجداری اور دیوانی دونوں قسم کے مقدمات کی تحقیقات بموجب قانون و ضابطہ عمل میں آتی تھی۔

(۲) دوران تحقیقات میں مثل دیگر عدالتوں کے یہاں بھی ملزم کو جواب دہی و ثبوت صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جاتا تھا۔

(۳) اس کے احکام نہ صرف پولیس و دیگر محکمہ جات بلکہ عہدہ داران افواج باقاعدہ کیلئے بھی واجب التعمیل ہوتے تھے۔

(۴) اس کچہری میں جرمانہ وغیرہ کے لئے حق سرکاری لیا جاتا تھا جس سے چھوٹے مقدمات کی روک تھام ہوتی تھی۔

موجودہ زمانہ کو بجا طور پر دور مہارت خصوصی یعنی (specialisation) کہا جاسکتا ہے مثلاً شعبۂ طب کو لیجئے تو ہر مرض کا جداگانہ ماہر (specialists) موجود ہے آنکھ کا ڈاکٹر الگ ہے تو دانت کا الگ کوئی فلسفہ کا ماہر ہے تو کوئی نفسیات میں ید طولی رکھتا ہے غرض آج کل زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جس کا خصوصی ماہر نہ ہو ہر شخص کا ایسے ماہرین کے خدمات سے استفادہ کرنے کا رجحان یوماً فیوماً ترقی پذیر ہے۔ قانونی دنیا بھی اس رجحان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکی یورپ وامریکہ میں دیوانی کام کے ماہر اور فوجداری کام کے ماہر جدا جدا ہوتے ہیں کوئی فن جراح کا ماہر ہے تو کوئی بحث کرنے میں اپنا جواب نہیں رکھتا کوئی مسائل قانونی کا ماہر ہے تو کوئی قانونی مشورہ وہی کو اپنا پیشہ بناتا ہے غرض اسی اصول کے بموجب اور اس وجہ سے بھی کہ دیوانی و فوجداری مقدمات کی شہادت کو جانچنے کا معیار جداگانہ ہوتا ہے بعض اکابرین قانون کی رائے یہ ہے کہ دیوانی و فوجداری کام ایک ہی حاکم عدالت کے تفویض نہ کیا جانا چاہئیے۔

ہماری سابقہ مختلف النوع عدالتوں پر نظر ڈالی جائے تو ظاہر ہوتا ہے کہ آج سے کئی سال قبل ماہرین فن کی خدمات سے استفادہ کیا جاتا تھا جب کہ نام نہاد ہمہ جہتی ترقی شروع بھی نہیں ہوئی تھی یہ سب اسلام کی اوس تبلیغ اور تلقین کا نتیجہ ہے جو اس نے نصفت اور عدل گستری کے بارے میں کی تھی چنانچہ کچہری زیر بحث کے قیام اور اس کے انتظام پر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی قانون نے ماہران خصوصی کی اس اہمیت اور ضرورت کو آج سے صدیوں پہلے محسوس کر کے اس محکمہ کے متعلقہ فرائض کو کسی مرد حاکم کے حوالہ نہیں

بلکہ ایک عورت کے تفویض کیا جو کیا بلحاظ صنف و کیا بلحاظ فطرت اس عہدہ کے لئے
سب سے زیادہ موزوں ہوتی تھی اور چونکہ وہ اس طبقہ کے رسم و رواج اور اس کے
تنازع فیہ مسائل سے بھی بخوبی واقف ہوتی تھی اس لئے اس کے فیصلہ جات سے فریقین
ہمیشہ اور ہر طرح مطمئن رہتے تھے اسلامی اصول عدم گستری کی یہہ واحد مثال نہیں ہے
بلکہ جیسا کہ ہم نے اسکے پہلے ذکر کیا ہے اس ریاست ابد مدت میں اور بھی خصوصی عدالتیں
قایم کی گئی تھیں اس پیشہ کی بیخ کنی کا سہرا دورِ عثمانی کے سر ہے کیونکہ اس میں داخلہ کے
لئے اغوا یا خرید و فروخت جرم تعزیری قرار دیا گیا ہے۔

اسمات و اضلاع و تعلقات میں عدالتوں کا قیام اور انکا ارتقاء

یہہ تو بلدہ حیدرآباد کی مختلف قدیم و جدید عدالتوں کی تنظیم و تشکیل کا تذکرہ ہوا اب ہم
عدالتہائے اسمات و اضلاع و تعلقات پر نظر ڈالتے ہیں تو پایا جاتا ہے کہ ۱۲۵۶ف م ۱۸۴۷ء
سے قبل اضلاع کے عدالتی انتظام کی کیفیت یہہ تھی کہ مقتدر اشخاص اضلاع کے انتظام
کا ٹھیکہ لے لیا کرتے تھے جو تعلقدار کے نام سے موسوم ہوتے تھے یہ لوگ زر شخصہ میں سے حسب
قرارداد ایک رقم ملازمین کے خرچ کے نام سے وضع کر لیتے تھے اور اس غرض کے لئے
عموماً فی روپیہ ۲/ وضع کرکے باقی رقم بحق سرکار جمع کیجاتی تھی فوجی ملازم جو اضلاع میں متعین
ہوتے تھے ان کی تنخواہیں بھی اس سرکاری رقم یعنے باقی ۱۴/ میں سے ادا ہوتی تھیں بزمانہ
نواب سراج الملک ۱۸۴۷ء میں اضلاع میں بھی عدالتوں کا قیام عمل میں آیا اور اس کے
بعد وقتاً فوقتاً مختلف قسم کی عدالتیں قائم ہوتی چلی گئیں اور مختلف عہدہ داران مثلاً صوبہ داران
تعلقداران اور عہدہ داران پٹہ اور کروڑگیری حتیٰ کہ پولیس پٹیلان کو بھی عدالتی اختیارات عطا
کئے گئے ۱۲۹۴ف میں جب عدالتوں کی تنظیم عمل میں آئی تو سب سے پہلے سمت غربی یعنی
صوبہ اورنگ آباد میں صدر عدالت قائم کی گئی اور عہدہ داران مال سے کل اختیارات دیوانی
لے لئے گئے (۲۵) سال کے اندر اندر یہ انتظام تمام ممالک محروسہ میں نفاذ کر دیا گیا جس کی

تفصیل آئندہ بیان کی جائے گی۔

بعض اسلامی عدالتوں اور اسلامی خدمات کا وجود حیدرآباد میں

اس وقت بھی اس ریاست ابد مدت میں اسلامی آئین و قوانین اور اسلامی عدل معدلت کی بعض ایسی یادگاریں باقی ہیں جو دوسرے ممالک کیلئے قابل تقلید و لائق اتباع ہوسکتی ہیں کیونکہ ان سے حقیقی انصاف رسانی میں خاص مدو ملتی ہے مثلاً۔

(۱) اسلامی اصول کے مطابق اب بھی عدالت عالیہ کے دیوانی و فوجداری مرافعات کی سماعت بتوسط جوڈیشل کمیٹی حضرت ظل اللہ جو عدل انصاف میں یگانہ روزگار ہیں بہ نفس نفیس فرماتے ہیں۔

(۲) موجودہ قانون شہادت ہند کی دفعہ (۱۳۴) کے لحاظ سے کسی واقعہ کے ثابت قرار دینے کیلئے گواہوں کی کوئی خاص تعداد کا ہونا ضروری نہیں ہے مگر ہمارے قانون شہادت کی دفعہ (۱۰۸) کے بموجب مقدمات قتل، نکاح، طلاق، مہر، ترکہ، خلع، نسب کے مقدمات میں دو گواہوں کی شہادت کا پیش ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے جو اسلامی قانون کا فیضان ہے۔ نصاب شہادت کا یہ اعلیٰ اصول صرف مسلم رعایا سے مختص نہیں کیا گیا ہے بلکہ جمیع رعایا بلالحاظ مذہب و ملت اس سے مستفید ہو رہی ہے۔ جو اسلامی رواداری کا ایک بین ثبوت ہے۔

(۳) مقدمات قتل میں قصاص کی سزا بلامنظوری حضرت اقدس و اعلیٰ نہیں دیجاتی۔

(۴) عدالت عالیہ میں حسب احکام شرعی ایک مفتی مامور ہیں جو مقدمات قتل میں شرعی نقطۂ نظر سے (جو موجودہ قوانین سے بھی زیادہ سخت ہے) فتویٰ صادر کرتے ہیں جو بارگاہ خسروی میں پیش کیا جاتا ہے اور وہاں سے قطعی احکام نافذ ہوتے ہیں۔

(۵) شہر حیدرآباد میں دیگر عدالتوں کے علاوہ ایک عدالت دارالقضا بھی قدیم الایام سے قایم ہے جس میں مسلمانوں کے ازدواجی مقدمات طلاق، مہر، ترکہ، ثبوت نسب اور شفعہ وغیرہ کے مقدمات پیش ہوتے ہیں۔ واضح رہے کہ حق شفعہ شریعت اسلامی کا عطا کردہ حق ہے

اور اس ریاست ابد مدت میں اس سے نہ صرف مسلم بلکہ غیر مسلم بھی مستفید ہوتے ہیں اور
بلدہ اور اضلاع کی عدالتوں سے اس حق کا نفاذ کرا سکتے اور کراتے ہیں۔

(۶) دفتر صدر الصدور جسے محکمہ امور مذہبی کہا جاتا ہے زمانۂ قدیم سے قایم ہے
اس میں نہ صرف مساجد بلکہ معابد کے املاک وقف کے نزاعات پیش اور فیصل ہوتے ہیں
یہاں پر اہل خدمات شرعیہ یعنی قاضی، مفتی، محتسب، امام، موذن وغیرہ کی معاشیں
اور تنخواہیں اجرا ہوتی ہیں اور وراثت وغیرہ کے مقدمات کا تصفیہ کیا جاتا ہے۔

(۷) اب بھی اس ریاست میں (۱۳۴) قاضی ہیں جن میں (۳) اناث ہیں۔ (۱۵) مفتی
(۵۰) محتسب موجود ہیں۔ قضاۃ کے خدمات موروثی ہیں جو پشتہا پشت سے چلی آرہی ہیں
ان کی وراثت کی تحقیقات اور ان کی علمی قابلیت کا اطمینان کرنے کے بعد محکمہ امور مذہبی
سے ان کا تقرر عمل میں آتا ہے جہاں سے ان کے کام اور ان کے دفتر کی برابر وقتاً فوقتاً
تنقیح اور نگرانی ہوا کرتی ہے اگرچہ ان کا اصل ذریعہ اب نکاح خوانی رہ گیا ہے تاہم طلاق
و فارغطی وغیرہ کی صورت میں یہ شہادت یکر عورت کو نکاح ثانی کی اجازت دید یتے ہیں
تاکہ پردہ نشین عورتیں عدالتی کشمکش سے بچ جائیں یہ اختیار بعد استمزاج از عدالت عالیہ
محکمہ امور مذہبی سے ان کو عطا کیا گیا ہے جو یقیناً موجب سہولت اناث ہے۔

(۸) محکمہ امور مذہبی میں ایک صیغہ افتا کا بھی ہے جہاں ایک سرکاری مفتی متعین ہیں
جو مقدمات میں شرعی معاملات کے متعلق بغیر کسی فیس کے اہل اسلام کو تحریری فتاوی دیتے
ہیں ان فتاوی سے اکثر اوقات عدالتوں کو مسائل شرعی کی نسبت صحیح رائے قائم کرنے میں
بڑی امداد ملتی ہے۔

(۹) اگرچہ اس زمانہ میں محکمہ احتساب کی خدمات محکمہ جات کوتوالی و صفائی کے تفویض
کر دی گئی ہیں مگر پھر بھی سابقہ اسلامی طریقہ کے بموجب شہر حیدر آباد میں ایک محتسب مقرر
ہے اس عہدہ کا قدیم نام "نرخی" ہے یعنی سرکار کے مقرر کردہ نرخوں کی نگرانی کرنا اسکا

کام ہے تاکہ نرخوں میں کوئی کمی بیشی نہ ہونے پائے محتسب ماہ رمضان المبارک کی ۲۰ تاریخ کو شہر کے کوچہ و بازاروں میں گشت لگا کر، چرس، بیڑی، سگریٹ پینے والوں یا سامان خورد نوش بیچنے والوں کو تنبیہ کرتا ہے۔

دور عثمانی میں اسلامی قانون کے بنیادی اصول کے مطابق عاملانہ اختیارات کی عدالتی اختیارات سے علحدگی کا نفاذ۔

صیغہ عدالت کو صیغہ انتظامی سے ہمیشہ علحدہ رکھنا انصاف رسانی کیلئے از بس ضروری ہے اس بیش بہا اصول کو غالباً سب سے پہلے فرمانروایان اسلام نے محسوس کیا تھا آغاز دور اسلامی میں خود خلیفہ وقت اور ان کے ماتحت افسر فصل خصومات کے فرائض انجام دیتے تھے۔

حضرت رسول خدا صلعم کے وصال کے بعد ایک عرصہ تک کوئی شخص قاضی کے عہدہ پر مقرر نہیں ہوا بلکہ خود حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کام کو انجام دیتے تھے جیسا کہ اس سے قبل خود رسول خدا صلعم بذات خاص اس کام کو انجام دیتے تھے لیکن جب امور مملکت میں اضافہ ہو گیا تو بوجہ تنگی وقت حضرت ابوبکر نے اپنے عدالتی اختیارات حضرت عمر فاروق کے سپرد فرما دیئے اور حضرت عمر نے یہ اصول قرار دیا کہ "قانون کی حکومت اعلیٰ ترین حکومت ہے اس لئے عدالتوں کا انتظام ایسا ہونا چاہیئے کہ کسی کو عدالتی حکام پر مطلق اسکا شبہ نہ ہو سکے کہ وہ حکومت کے زیر ہدایت یا زیر اثر عمل کر رہے ہیں۔"

یہ ظاہر ہے کہ جب تک حکومت کا نظم و نسق کامل نہ ہو جائے ہر صیغہ کے احکام کی تعمیل رعب و داب کی محتاج رہتی ہے اسلئے حضرت عمر فاروق نے اپنی خلافت کے ابتدائی زمانہ میں کچھ عرصہ تک مشترکہ انتظامی و عدالتی اختیارات کے رواج کو جاری رکھا لیکن جب انتظام مملکت اچھی طرح قائم ہو گیا تو آپ نے صیغہ عدالت کو بالکلیہ الگ کر دیا اور تمام اضلاع میں عدالتیں قائم فرما دیں۔

ابتداءً سلطنت مغلیہ و مملکت آصفیہ میں بھی عدالتی کام قضاۃ کے سپرد تھا مگر بعد ایک زمانہ ایسا آیا کہ ممالک محروسہ میں دوسرے محکمہ جات مثلاً کوتوالی، پٹہ، کروڑگیری، اور مال کو بھی عدالتی اختیارات دیئے گئے کیونکہ حالات زمانہ کے لحاظ سے ہر محکمہ کے احکام کی تعمیل بغیر عدالتی اختیارات کے

خالی از وقت نہ تھی خصوصاً محکمہ مال کے عہدہ دار جن کے فرائض میں حصول مالگذاری وجمعبندی تھی اس قوت کے زیادہ حاجت مند ہو گئے تھے اور اسی لحاظ سے عہدہ داران مال کو سابق میں دیوانی و فوجداری دونوں قسم کے اختیارات دیئے گئے تھے ان کے سوا عدالتی عہدہ دار علحدہ موجود تھے ۱۲۹۴ف م ۱۸۸۵ء میں جب ست غربی (سمت اورنگ آباد) میں میر عدل (جج) اور منصف مقرر کئے گئے تو وہاں کے اول دوم وسوم تعلقداروں اور تحصیلداروں سے دیوانی اختیارات کا تعلق باقی نہ رہا اور حسب ذیل اصول قرار پایا :-

نظر اسلوبی انتظام مقدمات دیوانی کے لئے جداگانہ عہدہ داروں کا مقرر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اس لئے جس تعلقہ یا ضلع یا صوبہ میں مدارالمہام کی تجویز سے یہ انتظام جاری ہوا اس تعلقہ یا ضلع یا صوبہ میں عہدہ داران مال کے اختیارات نسبت تجویز مقدمات دیوانی باقی نہ رہیں گے۔ اور ان عہدہ داروں سے متعلق ہو جائیں گے جو مقدمات دیوانی کیلئے مقرر ہوں" اصول متذکرہ بالا پر چند سال تک عمل پیرا ہونے سے بجز تحصیلداروں کے جو اکثر تعلقات میں دیوانی میں اختیارات عمل میں لاتے تھے باقی تمام عہدہ داران مال سے دیوانی کام کا تعلق باقی نہ رہا البتہ وہ صرف فوجداری اختیارات استعمال کرتے رہے ۱۳۲۰ف م ۱۹۱۱ء اور اس کے بعد بھی ایک عرصہ تک عہدہ داران مال عدالتی فرائض بھی انجام دیا کرتے تھے صوبہ داران مال سیشن جج کے اختیارات استعمال کرتے تھے اول تعلقداران ناظم فوجداری ضلع یعنی (ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ) ہوا کرتے تھے تمام دوم وسوم تعلقداران اور تحصیلداروں کو فوجداری اختیارات حاصل تھے اکثر تحصیلداروں کو دیوانی اختیارات بھی تفویض تھے مگر اس دوعملی کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ عہدہ داران مال کو خود اپنے محکمہ کے متعلقہ فرائض کی وجہ سے اس قدر فرصت نہ ملتی تھی کہ وہ اہم فرائض عدالتی کی انجام دہی میں اپنا کافی وقت دیں بسا اوقات دورہ جمعبندی وغیرہ کی وجہ سے مقدمات کی پیشیاں مستقر سے دور دراز مقامات پر رکھ دی جاتی تھیں فریقین اور اہل مقدمات و گواہان سب کے سب اپنے سارے

کام دھندے چھوڑ کر انصاف کی تلاش میں ان عہدہ داروں کے پیچھے گاؤں گاؤں مارے پھرتے تھے ۔ پچیس روپیہ کے لئے پچاس روپیہ خرچ ہو جاتے تھے چھوٹے چھوٹے مقدمے برسوں چلتے تھے پیشیاں بدلی جاتی تھیں دوران بڑھتا جاتا تھا تجاراور ساہوکار دیوانی مقدمات دائر کرنے سے گھبراتے تھے مظلوموں کو عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے ڈر لگتا تھا عوام الناس گواہی دینے سے کوسوں دور بھاگتے تھے زیر دریافت ملزمین کو اس قدر زیادہ عرصہ تک حوالات میں رہنا پڑتا تھا کہ اگر ان کو سزا بھی ہو جاتی تو اس کو بھگت کر اس سے کم مدت میں رہا بھی ہو جاتے ۔

یہ ایک عجیب لطیفہ تھا کہ اول تعلقدار جو ایک طرف ناظم کو توالی تھا تو دوسری طرف ناظم عدالت ضلع (ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ) کی حیثیت بھی رکھتا تھا صبح کو ناظم کو توالی بنکر جس ملزم کے چالان کا حکم دیتا دوپہر کو مجسٹریٹ بنکر اسی ملزم کے مقدمہ کی خود ہی تحقیقات کرتا اور اس کی قسمت کا فیصلہ سناتا ۔ گویا بہ مصداق ۔ ’’ خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ ‘‘ ان ہی مشکلات کو محسوس کر کے جو اسلامی اصول عدل گستری میں حایل ہو رہی تھیں آج سے تقریباً ۳۰ سال قبل نواب سر نظامت جنگ بہادر نے بحیثیت ہوم سکریٹری علٰحدگی اختیارات عدالتی کی یہ تحریک پیش کی کہ :۔

’’ جب تک عہدہ داران مال سے عدالتی اختیارات نہ لئے جائیں اور جدید منصف مامور نہوں عدالتی کام میں اصلاح ناممکن ہے ‘‘

بعد رسل و رسائل یہ جامع اور اہم تحریک ابتداً اس حد تک بارگاہ خسروی سے منظور ہوئی کہ صوبہ ورنگل و میدک کیلئے دو سیشن جج مقرر ہوئے اوّل تعلقداران سمت ورنگل سے دیوانی اختیارات لے لئے گئے اور ان کے بجائے تین نظماء دیوانی اور پانچ جدید منصف مقرر ہوئے اور یہ تصفیہ ہوا کہ تاوقتیکہ قدیم و جدید منصفوں کی تعداد (۹۳) نہو جائے اس وقت تک ہر سال (۳۰) منصف مامور کئے جایا کریں اسکے کچھ عرصہ بعد ہمارے آقائے ولی نعمت

حضرت بندگانعالی نے جن کا مطمح نظر ابتدائے سند آرائی سے سررشتہ عدالت کی اصلاح اور رعایا کی فلاح اور جن کا مقصد اولین عدل گستری اور رعایا نوازی رہا ہے اور جن کی ایک نظر کیمیا اثر نے سے بصرف کثیر ایک عالیشان عمارت عدالت عالیہ کے لئے تعمیر ہو چکی ہے بتاریخ ۳؍ تیر ۱۳۳۰ف م ۱۹۲۱ء اسی اسلامی اصول کے مطابق کہ "قانون کی حکومت اعلیٰ ترین حکومت ہے" حسب ذیل فرمان مبارک صادر فرمایا جس میں ارشاد ہمایونی ہوا کہ: —

"کچھ عرصہ سے میری توجہ اس مسئلہ کی طرف مبذول ہوئی ہے کہ نظم و نسق ممالک محروسہ میں عدالتی اختیارات کو انتظامی عہدہ داروں سے علیحدہ کر دیا جائے اس مسئلہ پر کامل غور کرنے کے بعد اب میں نے یہہ فیصلہ کیا ہے کہ موجودہ انتظام میں یہہ اصلاح کر دی جائے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ اس سے کام بھی عمدگی سے چل سکیگا اور یہہ طریقہ میری عزیز رعایا کے لئے زیادہ تر موجب آسائش و اطمینان ہوگا لہذا صدر اعظم باب حکومت مجاز کئے جاتے ہیں کہ حسب ہدایت صدر علیحدگی کا انتظام بلا تاخیر عمل میں لائیں۔ بہ تعمیل حکم خداوندی بزمانہ سر علی امام نواب سر نظامت جنگ کی اسکیم کو نواب مرزا یار جنگ بہادر پیر مجلس وقت نے بڑی تندہی کے ساتھ جامۂ عمل پہنایا اور ہمارے عدل گستر رعایا پرور شاہ ذیجاہ نے بتاریخ یکم خورداد ۱۳۳۱ف م ۱۹۲۲ء اسکیم مذکور کو اپنے ایک جنبش قلم سے نافذ فرما دیا جسکی وجہ سے حیدرآباد کی خوش نصیب رعایا کو وہ برکت اور نعمت نصیب ہو گئی جس سے دوسرے مہذب و متمدن ممالک کے باشندے باوجود مطالبات و سعی پیہم کے ابتک محروم ہیں اسکیم مذکور کے نافذ ہونے کی وجہ سے جملہ عہدہ داران مال سے تمام فوجداری و دیوانی اختیارات علیحدہ کر دیئے گئے (۵۱) جدید منصفین اور (۸) زائد نظما ضلع مامور کئے گئے اس طرح منصفین کی تعداد جو اسکیم سے قبل صرف (۳۹) تھی وہ (۹۲) ہو گئی اور ہر تعلقہ میں ایک منصف جس کو درجہ اول فوجداری کے اختیارات بھی دیئے گئے ہیں متقرر ہو گیا جس انصاف کی تلاش میں رعایائے آصفی پہلے کوسوں نکل جاتی تھی اب وہ

اس کو گھر بیٹھے ملنے لگا محکمہ عدالت ایک مکمل محکمہ بنگیا اس کے عہدہ دار ہمہ وقت
انصاف رسانی میں معروف رہنے لگے جملہ عہدہ داران عدالت بالکلیہ عدالت عالیہ
کے زیر نگرانی آگئے اور عدالتی کاموں کا انتظام بمقابلہ اس زمانہ کے جملہ عنان انصاف
ایسے ہاتھوں میں تھی جو عملاً محکمہ عدالت کے ماتحت نہ تھے بہت بہتر ہوگیا۔

عطائے منشور خسروی بہ عدالت العالیہ

جب اسکیم مذکور نافذ ہوگئی اور داد رسی اور عدل گستری کے ذرائع اور وسائل سہل تر
کر دیئے گئے تو حضرت اقدس و اعلیٰ نے ملک کی اعلیٰ ترین عدالت یعنی عدالت عالیہ
کے وقار و عظمت میں اضافہ کرنے کی غرض سے بتاریخ ۲۰ر فروری ۱۳۳۵ف
مطابق ۱۹۲۶ء ایک خاص دربار منعقد فرماکر اپنی مہر مبارک سے منشور خسروی عطا فرمایا۔
یہہ ایک ایسا خوشگوار واقعہ ہے جو تاریخ حیدرآباد میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔
اس منشور خسروی سے بغرض کامل اعتماد رعایا اس امر کی تصدیق اور توثیق فرمائی
گئی کہ عدالت عالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی اعلیٰ ترین عدالت ہے اس کے اختیارات
شاہی اختیارات کے اجزاء ہیں اور اراکین عدالت عالیہ بہ حیثیت نائبین بادشاہ
فرائض انجام دیتے ہیں اسکے احکام و ڈگریات قطعی ہیں اور بجز ان اختیارات شاہی
کے جو بصیغہ جوڈیشل کمیٹی نافذ ہوں کوئی اور محکمہ اس کے فیصلہ کی تنسیخ کا مجاز نہیں ہوگا

سیول جسٹس کمیٹی اور گشتی عدالت عالیہ کا نفاذ

یہہ ظاہر ہے کہ ایک عالیشان عمارت کی تعمیر محض بہترین قوانین یا کسی مفید اسکیم کا نفاذ
کر دینا ہی انصاف رسانی کا ضامن نہیں ہوسکتا بلکہ عدالتوں کی اصل کارگذاری اور
کامیابی کا راز مقدمات کے جلد از جلد فیصل پانے میں مضمر ہے۔ جیسا کہ یہہ مشہور مقولہ ہے کہ

"انصاف میں تاخیر کرنا انصاف سے انکار کرنیکے مترادف ہے"

اسکیم مذکور کا نفاذ ہونے کے بعد جس میں رعایا کی ہزاروں سہولتیں مضمر تھیں ہمارے محکمہ عدالت نے اس کو روبعمل لانے یعنی حقیقی معنوں میں کامیاب بنانے میں جو سعی بلیغ فرمائی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔

برٹش انڈیا میں یہ عام شکایت تھی کہ مقدمات جلد تصفیہ نہیں پاتے جس سے اہل مقدمات کو کثیر مصارف اور سخت پریشانیاں لاحق ہوتی ہیں لارڈ ریڈنگ جو انگلستان کے ایک مشہور و معروف چیف جسٹس تھے جب آپ بحیثیت وائسرائے ہندوستان تشریف لائے تو جناب ممدوح نے زیادتی دوران مقدمات کے اسباب معلوم کرنے اور مقدمات کے جلد تر فیصلہ کرنے کی تدابیر پر غور کرنے کے لئے کلکتہ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس دی آنریبل سر جارج کلاس رنکیں کے زیر صدارت ایک کمیشن بنام ''سیول جسٹس کمیٹی'' مقرر فرمایا جس کے اراکین بعض ہائیکورٹس کے حکام اور دیگر قابل عہدہ داران عدالتی و کلا تھے۔ اس کمیٹی نے برٹش انڈیا کے مختلف صوبہ جات کا دورہ کیا شہادتیں قلمبند کیں مختلف عدالتوں سے ضروری مواد حاصل کیا اور ایک سال کی محنت شاقہ کے بعد ایک بسوط رپورٹ مرتب کی جس میں ایسی تجاویز پیش کی گئیں جن پر عمل کرنے سے دوران مقدمات میں معتد بہ کمی ہو سکے۔ یہ رپورٹ ۶۴۲ صفحات کی ایک ضخیم کتاب ہے جو تقریباً ۳ لاکھ روپیہ کے صرفہ اور متعدد قابل دماغوں کے غور و فکر کا نتیجہ ہے۔

یہ امر لائق تذکرہ ہے کہ کمیٹی مذکور کی تجاویز نے ہنوز برٹش انڈیا میں پورے طور پر عملی صورت اختیار نہیں کی تھی کہ نواب مرزا یار جنگ بہادر ممبر مجلس وقت نے ممالک محروسہ کے معاشی و اقتصادی حالات پر غور کرنے کے بعد ضروری ترمیم و اضافہ کے ساتھ ان تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کا ارادہ فرما کر رپورٹ مذکور کے غائر و کامل مطالعہ کے بعد ایک تفصیلی مسودہ تیار کیا جس میں (۲۱) مختلف ابواب قائم کر کے ان کے ضمن میں متعدد امور کے متعلق اصلاحات تجویز کیں یہ مسودہ ایک کتابی شکل میں طبع کرا کے تمام ممالک محروسہ سرکار عالی

کے عہدہ داران عدالت و نیز سربرآوردہ وکلاء میں لغرض حصول آراد گشت کرایا گیا ان کے جوابات نے ایک ضخیم مثل کی صورت اختیار کرلی۔ ان سب پر غور اور چھان بین کرنے کے بعد ایک تفصیلی گشتی جو (۵۹) اصلاحات پر مشتمل ہے جاری کی گئی جو گشتی نشان ۱۳ بابتہ ۱۳۳۸ف م ۱۹۲۹ء کے نام سے مشہور ہے جو بہ منزلہ قواعد وضوابط تصور ہوتی ہے۔ ان امور کی تکمیل کو بلا کسی صرفہ کے پایۂ تکمیل کو پہنچادیا اور تمام عدالتوں سے اس گشتی پر نہایت پابندی کے ساتھ عمل کرایا جاتا ہے۔

مبارک دور عثمانی میں ہماری عدالتوں کی انصاف رسانی کی رفتار

دور عثمانی میں اس اسکیم اور ان اصلاحات پر عمل کرنے سے کیا کیا مفید نتائج برآمد ہوئے اور اس کا اثر رفتار کار انصاف رسانی پر کیا پڑا اوس کا صحیح اندازہ اس نقشہ "میزان عمل" سے ہوتا ہے جو میں نے اپنی تصنیف "تاریخ عدالت آصفی دو صد سالہ" کے ساتھ تیار کیا ہے جس کو آپ حضرات نے غالباً کمرۂ نمائش قانون میں ملاحظہ فرمایا ہوگا۔

اس کے دیکھنے سے بہ یک نظر واضح ہوگا کہ حضرت بندگانعالی کی تخت نشینی سے تاریخ سلور جوبلی مبارک تک سالانہ بصیغہ دیوانی بجائے (۳۴۸۴۴) کے (۶۸۶۸۶) مقدمات رجوع ہوئے اور بجائے (۳۳۲۵۳) کے (۶۷۰۴۰) فیصل پائے۔ بجائے (۱۹۱) کے اوسط ایام دوران صرف (۱۱۹) یوم رہا۔

مقدمات فوجداری کا مرجوعہ بجائے (۲۳۳۳۰) کے (۶۰۷۹۵) اور تعداد منفصلہ بمقابلہ (۲۱۷۱۵) کے (۶۱۵۳۶) ہوگیا۔ اوسط ایام دوران (۵۴) سے گھٹ کر صرف (۲۷) رہ گیا۔ آمدنی بجائے (۲۰۸۰۹) کے (۱۹ ۲۵۴۷) ہوگئی اور سند یافتہ عہدہ داراں کی تعداد بجائے (۱۱۵) کے (۸۹) ہوگئی۔

ان شاندار نتائج سے مستنبط ہوتا ہے کہ اس اسکیم سے جو اسلامی عدل گستری کے اعلیٰ اصول پر نافذ فرمائی گئی تھی اس مبارک دور عثمانی میں رفتار انفصال مقدمات میں جو

غیر معمولی تیزی پیدا ہو گئی اس کی نظیر کہیں بھی نہیں مل سکتی - اور یہ سب کچھ ہمارے شاہ دیجاہ کی (جو اسلامی عدل گستری، اسلامی رواداری، اسلامی مساوات اور اسلامی سادگی کے مجسم نمونہ ہیں، خاص توجہ کا نتیجہ ہے - معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے یہہ شعر اس مبارک دور عثمانی کے لئے کہا ہے -

"ہر چند جنس عدل گراں بود در جہاں - ارزاں بہ مار سید بہ بازار آصفی"

کوٹلیا کے ارتھ شاستر میں وزیر اعظم کے فرائض اور ذمہ داریاں

(از۔ ایچ گناڑے راؤ وایپتی۔ ناظم عدالت ضلع گدوال)

تمدن ہندستان کا پورا انحصار ویدوں پر ہے۔ ویدوں کی تلقین کے لحاظ سے انسان پر چار فرائض عائد کئے گئے ہیں۔ (۱) دھرم (۲) ارتھ (۳) کام اور (۴) موکش۔ پہلا دھرم یعنی مذہب ہے۔ مہرشی جیمینی نے دھرم کی تعریف اس طرح کی ہے: "ہر عمل جو بمتابعت احکام وید کیا جائے اور جس سے آخرت میں راحت (جنت) حاصل ہو، دھرم ہے۔" اس میں احکام دینیات و معاملات دونوں داخل ہیں۔ حصہ دینیات احکام شریعت و عبادت و الہیات تصوف وغیرہ پر مشتمل ہے۔ حصہ معاملات میں قانون صریحی اکیوٹی اور قانون رواجی داخل ہیں فرامین شاہی بھی بمنزلہ قانون تصور کئے گئے ہیں۔

دوسرا ارتھ یعنے جایداد۔ اس میں جائداد کی تحصیل اور اس کے تحفظ کے احکام مدون ہیں۔ معاشیات سیاسیات اور قانون بین الممالک اس میں داخل ہیں۔ کوٹلیا نے اس کی تعریف یوں کی ہے۔

"ارتھ یعنے ملک (انسان کے بود وباش کا مقام) ملک کا حاصل کرنا، محصلہ ملک کی حفاظت کرنا اور محفوظ ملک کو ترقی دینا ارتھ شاستر ہے۔"

تیسرا کام۔ یعنے راحت جسمانی۔ اسمیں عورت کے ساتھ زندگی تولید بقائے نسل لذت جسمانی حواس پر قدرت اور اصول تحفظ صحت داخل ہیں۔ علاوہ اس کے (سائنس آف سیکس یا جنسیات) بھی اسی ضمن میں آتا ہے۔

چوتھا موکش۔ یعنے نجات اخروی۔ ترک دنیا، ذات کے وجود کو جسم و جسمانیت سے علیحدہ دیکھنا اور سرورِ مطلق میں محو ہونا اسمیں داخل ہے۔ سری ملبھاگو میں اس کی تعریف اسطرح کی گئی ہے۔ "غیر صحیح اور مہمل تصورات کو ترک کر کے ذات کی اصلیت کی طرف رجوع ہونا موکش ہے۔"

واضح ہو کہ ان چاروں میں تابع اور متبوع کی نسبت اس طرح قائم ہے کہ دھرم سب سے مقدم اور افضل ہے۔ ارتھ اسکا تابع اور کام دھرم اور ارتھ دونوں کا تابع ہے۔ اس کا منشا یہ ہے کہ حصول جائداد کے جو طریقے اختیار کئے جاویں وہ بالالتزام دھرم شاستر یعنے اصول معدلت کے خلاف نہ ہوں۔ اور کام یعنی شہوت دھرم اور ارتھ دونوں کے خلاف نہ ہو۔ یعنے دھرم شاستر کے احکام متعلق ازدواج کے بھی خلاف نہ ہو اور اپنے مالی حالت سے بھی متجاوز نہ ہو۔ اس بارہ میں کوٹلیا کی یہ رائے ہے کہ دھرم ارتھ اور کام یہ تینوں مساوی حثیت رکھتے ہیں۔ اگر ایک کو بھی ترجیح دی جائے تو نہ صرف بقیہ دونوں بیکار ہو جائینگے بلکہ جس کو ترجیح دی گئی ہے اس کا بھی لطف جاتا رہے گا۔ کام شاستر کا آخر مصنف مہرشی واتساین بھی اس سے اتفاق کرتا ہے۔ مخفی مباد کہ کام شاستری موکش کو فرائض زندگی میں شمار نہیں کرتا ہے۔ اور یہ بتاتا ہے کہ زندگی کے مقاصد صرف تین ہی ہیں یعنے دھرم ارتھ اور کام۔ اگر عورت نہیں ہے تو دھرم اور ارتھ دونوں نہ صرف بیکار ہیں بلکہ زحمت دہ ہیں لیکن دھرم شاستر کا تو یہ مسلمہ اصول ہے کہ جب دھرم شاستر اور ارتھ شاستر دونوں کے احکام ایک دوسرے کے مخالف اور متضاد پائے جاویں تو احکام دھرم شاستر ہی کو ترجیح دی جائیگی۔ مگر اس کے خلاف کوٹلیا کہتا ہے کہ دھرم شاستر (جسمیں فرامین شاہی داخل ہیں) اختلاف ہو تو فرامین شاہی کو جو معقول وجوہ پر مبنی ہوتے ہیں ترجیح دیجائیگی۔ اس کے برخلاف دھرم شاستر کی تائید میں مشہور شارح وگنانیشور نے اپنے

متاکشرامیں یہ وضاحت کی ہے کہ ارتھ شاستر خود دھرم میں داخل ہے اسلئے کہ دھرم شاستر میں بادشاہ کے فرائض اور ذمہ داریوں کے احکام بھی مدون ہیں پس بصورت اختلاف احکام دھرم شاستر ہی کو ترجیح دی جائیگی۔ لیکن اس کے خلاف باوثوق طور پر یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ارتھ شاستر میں بھی دھرم شاستر کے احکام از قسم نصفت وسیاست درج ہیں اسلئے ارتھ شاستر ہی کو ترجیح دیجائے۔

واضح ہو کہ کوٹلیا نے اپنے قانون ملک میں چند ایسے قواعد وضع کئے ہیں کہ جو صریحی احکام دھرم شاستر کے خلاف ہیں۔ چنانچہ وہ نہ صرف بیوہ کے ازدواج ثانی کو جائز قرار دیتا ہے بلکہ مفقود الخبر شوہر کی زوجہ کو بھی ازدواج ثانی کی اجازت دیتا ہے۔ زوجین میں مخالفت زیادہ ہو تو طلاق کی اجازت دیتا ہے۔ قمار بازی کو اسلئے رائج رکھتا ہے کہ اس سے رعایا کی بہت سی ایسی باتیں معلوم ہوتی ہیں جو انتظام مملکت کے لئے نہایت ضروری ہیں۔ طریقہ نیوگ کو فرقہ برہمن میں بھی رائج رکھتا ہے۔ دشمن اور باغیوں کے ساتھ ضرورت سے زیادہ سختی سے پیش آتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دھرم شاستر کے مصنفوں نے بلحاظ اصول معدلت عامہ کوٹلیا سے اختلاف کیا۔ اور نیز جین فرقے بھی کوٹلیا کی تردید کی اسلئے کوٹلیا کی حیثیت زیادہ متاثر ہوئی۔ ممکن ہے کہ یہ صحیح بھی ہو مگر میری رائے میں اس کا الزام کوٹلیا پر عاید کرنا مناسب نہیں ہے۔ اسلئے کہ یہ ایک اصولی اختلاف ہے۔ کوٹلیا چوتھی صدی قبل مسیح میں گزرا ہے۔ اور آپستمبھ جو بلاشبہہ چھٹی یا پانچویں صدی قبل مسیح میں گذرا ہے، اپنے دھرم سوتر میں یہی اصول قایم کرتا ہے۔ اور صاف بیان کرتا ہے کہ "دھرم شاستر اور ارتھ شاستر کے احکام اگر باہم متضاد ہوں اور وقت واحد میں واجب التعمیل ہوں تو اگر کوئی شخص فرائض دھرم ترک کرے تو وہ بارہ سال تک جلا وطن کیا جائیگا پس یہ سلسلہ اختلاف قدامت سے جاری ہے۔ اور اپنے اپنے نکات نگاہ سے یہ تصادم ہمیشہ کے لئے رہیگا۔

اصول نصفت و معدلت عامہ کا اقتضا یہ ہے کہ ہر ایک عمل مبنی بر انصاف ہو بخلاف اس کے سیاسیان عملیت پسند اور مدبران پایہ بلند رموز سیاسی میں معدلت عامہ کو دخل نہیں دیتے ہیں۔ کوٹلیا تو کہتا ہے کہ ارتھ ہی نہایت وقیع اور اہم ہے۔ دھرم اور کام اسکے ذیلی اور ضمنی ہیں۔ کام یعنی راحت دھرم سے ہے۔ اور دھرم کی بنا پر ارتھ ہے۔ اسں کا منشار یہ ہے کہ اگر دولت ہے تو مذہب کے فرائض اور خیر و خیرات بھی ہے اور عورت کے ساتھ راحت بھی۔ مفلس کو مرشد بھی نہیں چاہتا اور عورت بھی دور کرتی ہے۔ الغرض یہ ارتھ شاستر کے بنیادی اصول ہیں اور یہ اسکے خصوصیات مخصوصہ ہیں۔

بلا خوف تردید محققان مغرب جنہوں نے محض یک طرفہ اور نا کافی مواد پر اپنے قیاسات قائم کئے ہیں، یہ کہا جائے گا کہ کوٹلیا چندر گپت بادشاہ کا وزیر اعظم تھا اور اس کا نام وشنو گپت تھا اور اسکو چانک بھی کہتے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوٹلیا اسں کا خاندانی نام ہے پرور درپن نامی کتاب میں کوٹلی نام کا ایک گوتر بھی پایا جاتا ہے۔ کوٹلیا نہایت ذہین، اعلیٰ تعلیم یافتہ مذہب کا پورا معتقد، سیاسں تھا۔ یہ بالکل سادہ مزاج مگر عمیق، بالکل بے لوث مگر سچا خیر خواہ سلطان، ہمدرد مگر سیاسی امور میں بیحد سخت تھا۔ ارتھ شاستر بلا شبہہ کوٹلیا ہی کی تصنیف ہے۔ میرے خیال میں سنسکرت کے سارے تصانیف میں سلطنت اور سیاسیات کے موضوع پر اسں پایہ کی دوسری کتاب ہی نہیں ہے۔ یہ کتاب عمیق علمی مباحث اور زمانہ سابق کے حالات ملکی و معاشرتی کے تفصیلی معلومات سے مملو ہے۔ قدیم تمدن ہند کی عالمگیر وسعت کا صحیح اندازہ اسں سے ہوتا ہے۔ قدیم حکما کے سیاسیات کے اصول و ہدایات عملی کا پورا اختصار اسمیں کیا گیا ہے۔ اس سے صاف واضح ہوتا ہے کہ شعبہ سیاسیات ہندستان میں ہزارہا سال کے قبل نہایت مستحکم بنیاد پر قائم تھا۔ اور اسں کی ترقی اعلیٰ پیمانہ پر ہوئی تھی۔ اس کتاب کی زبان نہایت صاف اور بامحاورہ ہے۔ قانونی سیاسی اور معاشیاتی

اصطلاحات اسمیں زیادہ ہیں۔ اس سے اس زمانہ میں قوم کی مساعی اور سرگرمیوں کا پورہ اندازہ ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یاگنہ ولکیہ سمرتی میں اور اسکی شرح متاکشرا میں مسائل قانونی زیادہ وضاحت سے بیان کئے گئے ہیں۔ اس میں نہ صرف پلیڈنگس کی تفصیل بلکہ امر منفصلہ بار ثبوت جزء متروک و مانع تقریر مخالف جیسے پیچیدہ اشکال بھی بتائے گئے ہیں البتہ مسائل علم کلام اور فلسفہ سے زیادہ بحث کی گئی ہے۔ بخلاف اس کے ارتھ شاستر کی زبان خالص قانونی ہے۔ خصوص ہر ایک باب کی آخری نظم نہیں بہت ہی نکیلے جامع سیاسی ضرب الامثال ہیں۔

کوٹلیا کے نقطۂ نگاہ سے ایک سلطنت (۸) عناصر پر مشتمل ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے۔ (۱) بادشاہ۔ جو تمام صفات شاہی سے متصف ہو (۲) قابل وزیر (۳) بہترین زرخیز ملک (۴) مضبوط اور ناقابل تسخیر قلعہ (۵) کافی خزانہ (۶) جرار فوج (۷) وفادار دوست (۸) کم ہمت دشمن۔

بادشاہ میں جن اوصاف کی ضرورت ہوتی ہے ان کا بیان نہایت تفصیل کے ساتھ کیا گیا ہے۔ اس کا اختصار یہ ہے کہ بادشاہ کو چاہئے کہ اپنے رعایا کی راحت ہی کو اپنی عین راحت خیال کرے۔ اور رعایا کی بہبودی میں ہی اپنی بہبودی سمجھے بادشاہ بالذات جس چیز کی خواہش کرے اس سے اس کو راحت حاصل نہیں ہوتی رعایا کو جس چیز کی ضرورت ہو اسی میں بادشاہ اپنی راحت کا تصور کرے۔ بادشاہ کو لازم ہے کہ وہ ہر وقت مستعد اور باخبر رہے اس کی سرگرمی ہی دولت اور اقبال کا اصلی سبب ہے۔ اور اس کی غفلت ہی زوال کا باعث ہے۔

مخفی مباد کہ کوٹلیا کا مسلک حکومت دستوری ہے۔ اور اس لئے وہ بادشاہ میں جن اوصاف کا لزوم بیان کرتا ہے اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس کی نظر میں وزیر اعظم اور دیگر وزرا کس پائے کے ہونے چاہئیں۔

وساکھدت نے اپنے ناٹک مدرا راکشس میں نہایت قابلیت کے ساتھ کوٹلیا کے اس طرزِ حکومت کا ایک بہترین سین تبلایا ہے۔ بادشاہ نے ایک تقریب کا جشن اعلیٰ پیمانہ پر منانے کا حکم دیا تھا۔ مگر اس کو کوٹلیا نے رازمیں روک دیا۔ بادشاہ نے دریافت کیا کہ شاہی فرمان کو اس طرح روکنے میں کیا مصلحت تھی۔ اس کے جواب میں کوٹلیا بیان کرتا ہے کہ ارتھ شاستر میں تین قسم کی حکومت بیان کی گئی ہے۔ ایک وہ جسمیں بادشاہ مطلق العنان ہوتا ہے۔ یہ شخصی حکومت ہے۔ دوسری وہ جسمیں وزیر اعظم ہی ساری حکومت کرتا ہے۔ اس میں بادشاہ کو کوئی دخل نہیں ہوتا ہے۔ یہ حکومت دستوری ہے۔ تیسری وہ جسمیں بادشاہ اور وزیر دونوں ملکر حکومت کرتے ہیں۔ چونکہ اس سلطنت میں حکومت دستوری قایم ہے، اسلئے بادشاہ کو اس طرح وجہ تک دریافت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس سے کوٹلیا کے ذاتی خیالات کا پورا اندازہ ہوسکتا ہے۔ وہ دستوری حکومت کا حامی ہے۔ برین ہم بادشاہ کو اصل مصدر حکومت تصور کرتا ہے۔

کوٹلیا ایک کلیہ قائم کرتا ہے اور کہتا ہے کہ سلطنت کے کاروبار دوسرے کی امداد کے بغیر انجام نہیں پاتے ایک ہی پہیے پر گاڑی چل نہیں سکتی۔ اسلئے بادشاہ کو لازم ہے کہ وزرار کا تقرر کرے اور ان کا مشورہ لے۔ انتخاب اور وزرار کے تقرر کے بارہ میں ایک دلچسپ اور نہایت مفید بحث کی گئی ہے۔

حکیم بہار دواج کہتا ہے کہ بادشاہ کو چاہئیے کہ وزرار کا انتخاب اپنے ہم مکتب اشخاص میں سے کرے۔ اسلئے کہ وہ ان پر ہر طرح اعتماد قایم کرسکتا ہے۔ ان کے عادات وصفات سے بادشاہ بذات خود واقف ہوتا ہے۔ وسالاکش اس کی تردید کرتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ ہم مکتب میں کوئی غیریت کا احساس نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے ممکن ہے کہ وہ کسی وقت بادشاہ کی تذلیل یا تحقیر بھی کریں۔ پس وزرائے ایسے ہوں جو بادشاہ کے ہم خیال ہوں چونکہ ہم خیال وہم جنس کے عادات وصفات ایک ہی ہوتے ہیں،

اس لئے وہ بادشاہ کے ساتھ بیوفائی یا بے حرمتی کی کوئی حسرکت نہ کرسکیں گے۔ اور کسی راز کا بھی افشا نہ ہونے پائے گا۔ اس پر پراشر کا اعتراض یہ ہے کہ جن جن اصحاب کو بادشاہ کی کمزوریوں سے اور رموز سے واقفیت ہوتی ہے اور جو بادشاہ کے رازدار ہوتے ہیں، ان تمام سے بادشاہ کو مسکنت ہوتی ہے۔ اور ہر وقت بادشاہ کو اپنے راز کے افشا کا خوف طاری رہتا ہے۔ اسلئے وزراء کا انتخاب ایسے لوگوں میں سے ہونا چاہیے جنہوں نے مشکل اور پریشانی کے وقت اپنے کو وفادار ثابت کیا ہو۔ اور اپنے جان تک کی پرواہ نہ کی ہو۔ پسون کہتا ہے کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ یہ ایک خیر خواہی اور عقیدتمندی کی صورت ہے اس کو خدمت وزارت سے کوئی تعلق نہیں ہے اس میں دانشمندی کا کوئی عنصر نہیں ہے۔ پس وزیر وہ ہی ہو سکتا ہے کہ جسمیں ذاتی قابلیت ہو اور جس نے اپنے تدابیر اور دوراندیشی سے حقیقی طور پر سلطنت میں مالی فائدہ تیا یا ہو۔ کونپ دنت کہتا ہے کہ ایسے شخص میں دیگر صفات ضروری مفقود ہوتے ہیں۔ وزیر وہ ہو سکتا ہے جو اعلیٰ خاندان سے ہو اور جس کے آبا اجداد بھی خدمت وزارت پر ممتاز رہے ہوں۔ اور شاہی خاندان سے تعلقات رکھتا ہو اور سابقہ کارناموں کو پیش نظر رکھکر کسی وقت معتوب ہونے پر بھی اپنے آقا کے ساتھ وفاداری ترک نہ کرے۔ اس کے خلاف وات ویادھی کی یہ رائے ہے کہ اگر طبقہ امراء سے وزرار کا انتخاب ہو تو احتمال ہوتا ہے کہ وہ بغاوت کریں۔ پس وزرار ایسے ہوں جو اجنبی ہوں اور ماہر سیاسیات ہوں وہی بادشاہ کے پورے آداب کا لحاظ رکھ سکتے ہیں۔ ان تمام کے خلاف باصو دنتی سیاسہ کہتی ہے کہ ایسا شخص جو تعلیم یافتہ ہو مگر عملی تجربہ نہ رکھتا ہو وزارت کا اہل نہیں ہے۔ اس کی رائے میں وزیر وہی ہو سکتا ہے جو خاندانی خلیق، پاک دامن اور شجیع ہو اور بادشاہ کا جاں نثار ہو عموماً خدمات وزارت خاص صفات ذاتی پر مبنی ہوتے ہیں۔ کوٹلیا ان تمام سے اتفاق ظاہر کرتا ہے اور یہ اضافہ کرتا ہے کہ کسی شخص کی قابلیت کا اس کے کام کی اہلیت اور اہمیت

سے اور انجام دہی کار کی خاص صلاحیت اور خصوصیت سے کیا جاتا ہے۔

کوٹلیا کہتا ہے کہ بادشاہ کو چاہیئے کہ وزرار کے اختیارات اور اقتدارات کا تعین کرے اور انجام دہی فرائض کے لئے سررشتہ جات متعلقہ کے خاص اوقات اور مقامات مقرر کرے۔

وزرار کے علاوہ ارکانِ مجلس مشیراں بھی ہوں گے۔ ان میں بھی یہی اوصاف ہونگے جو وزرار کے لئے ضروری ہیں۔

علاوہ ان کے ایک اعلیٰ عہدہ دار مذہبی بھی ہوگا۔ وہ ایسا ہوگا جو اعلیٰ خاندان سے ہو شریف المزاج ہو اور چار وید اور چھ لوازمہ وید میں اسکو کافی عبور حاصل ہو۔ فال کھولنے میں (خواہ وہ قدرتی ہو یا اتفاقی) اچھی مہارت حاصل ہو۔ سیاسیات میں اعلیٰ تعلیم یافتہ ہو منکسر ہو اتھروہ وید کے عملیات سے آفات آسمانی و انسانی کو رفع کرنے کی قدرت رکھتا ہو۔ بادشاہ کو چاہیئے کہ ایسے شخص کو اپنا مرشد بنائے اور اختیارات سررشتہ مذہبی عطا کرے۔ کوٹلیا ایک کلیہ قائم کرتا ہے کہ کوئی کھشتریہ یعنے اہل تیغ اگر برہمن کے زیرِ نگرانی قابل ارکان کا مشورہ حاصل کرے اور احکام شاستر پر اعتقاد سے عمل پیرا ہو تو وہ گو اسلحہ سے مسلح نہ ہو تاہم شاستر کی تلقین ہی بطور ہتھیار کے اس کی مدد کرے گی اور اس پر دوسرا کوئی غالب نہ آسکے گا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ اس زمانہ میں ریاست کی فلاح وبہبودی کے لئے عالمگیر آفات کو رفع کرنے کے لئے اور دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے یہ حقیقی طور پر روحانی طاقت سے کام لیا جاتا تھا اور اس کا ایک مستقل صیغہ انتظام مملکت میں قائم تھا۔ رفتہ رفتہ مادہ پرستی زیادہ ہونے لگی اسلئے انسان اپنی پوشیدہ قوت کو جاننے اور اس کو عملی طور پر ظاہر کرنے اور اس سے کام لینے کی ترکیب بھول گیا۔ اسلئے آج ہم کو یہ ایک معمہ پُر از خرافات معلوم ہوتا ہے یہ زمانہ مادی ترقی کا ہے۔ سائنس میں تحقیق کرنے والوں کے آئے دن

حیرت انگیز ایجادات کو دیکھکر ہم کو تعجب ہوتا ہے مفید تحقیقاتی اور دفاعی کے بجائے تخریبی، تباہ کن اور مہلک اختراعات ہر روز معرض ظہور میں آرہے ہیں اگر مادہ کی یہ طاقت ہے تو غور فرمایا جائے کہ رُوح کی طاقت کو استعمال کرنے کی قدرت اگر ہم میں آجائے تو کیا حالت ہوگی ۔

ایک امیدوار خدمت وزارت کو صدارت عظمیٰ تک پہونچنے کے لئے کیا کرنا چاہیئے اور اگر اتفاق سے اس کا تقرر ہو جائے تو اس کے فرائض کیا ہونگے اور اس پر کیا ذمہ داریاں عائد ہونگیں۔ اسکی نسبت کوٹلیا باوثوق طور پر ایک دستورالعمل قائم کرتا ہے۔ میرے خیال میں کوٹلیا اس پیرایہ میں اپنا ذاتی تجربہ ہی ظاہر کر رہا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ مہاپدم کے فرزندوں نے یعنے نندوں نے نہایت شان وشوکت کے ساتھ حکومت کی۔ ان کی سلطنت بہت بڑی تھی۔ مگر ان کے ظلم وستم سے رعایا ران سے ناراض تھی چندرگپت کا تعلق شاہی خاندان سے تھا لیکن وہ کسی وجہ سے جلا وطن کر دیا گیا تھا۔ باوجود اس کے کوٹلیا نے چندرگپت ہی کی وزارت قبول کی۔ بادشاہ وقت نند کے پاس جانا تک پسند نہیں کیا۔ اس نے اپنی قوت تخیلہ سے چندرگپت میں گو وہ ایک کمسن خارج وطن اور بے سہارا تھا، دانشمندی اور دوراندیشی اور استقلال کے آثار پائے۔

کوٹلیا یہ کہتا ہے کہ اگر کسی کو معاملات وحالات دنیوی میں کافی تجربہ حاصل ہو جائے تو اسکو چاہیئے کہ اولاً کسی باا ثر وسیلہ کے ساتھ دربار شاہی میں داخل ہوجائے اور بادشاہ کی جو تمام صفات شاہی سے متصف ہو اور جسکی سلطنت میں جملہ عناصر موجود ہوں نظر عنایت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ اس شخص کو چاہیئے کہ اپنا نظریہ ایسا قایم کرے کہ جس طرح وہ خود کسی سرپرست کا محتاج ہے اسی طرح بادشاہ بھی ایسا ہو کہ اس میں نیک نصیحت حاصل کرنے کی صلاحیت ہو۔ اگر بادشاہ افلاس اور عسرت میں مبتلا ہو اور لوازم سلطنت سے محروم بھی ہو تب بھی ایسے بادشاہ کی مصاحبت قبول کرے بشرطیکہ

اس میں نیک خصائل موجود ہوں مگر کسی حال میں ایسے بادشاہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش نہ کرے جس میں اخلاق موجود نہ ہوں اور جو سیاسی رموز کے سمجھنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو اور اپنے حواس پر قادر نہ ہو گو اس کی سلطنت بہت بڑی ہو۔ اس ایک خوش اخلاق اور قابل بادشاہ کی مصاحبت قبول کرنے کے بعد اس کو چاہیئے کہ بادشاہ کو اصول سیاست اچھی طرح ذہن نشین کرائے۔ اگر اس کی تردید نہ ہو تو سمجھئے کہ اس کی پوزیشن قائم ہے۔ اس کے بعد اسکو چاہیئے کہ مسائل سیاسی اور انتظامی پر بلا خوف تردید آزادانہ مباحث کرے اور ایسی رائے ظاہر کرے جو اصول دھرم اور ارتھ کے مغائر نہو یعنے قرین معدلت ہو اور اقتصادی نقطۂ نگاہ سے نہایت مفید ہو۔ وہ یہ تلقین کرسکتا ہے کہ ایک مجمع خلاف قانون کو گو وہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو منتشر اور مطیع کرنے میں مطلق تاخیر نہ کی جائے۔ وہ بادشاہ سے ایسا اقرار کر سکے گا کہ اس کی راس ہدایت کی خلاف ورزی نہو۔ اور کوئی حرکت ایسی سرزد نہو جس سے اس کی حیثیت اور اس کا راز فاش ہو جائے۔ وہ یہ بھی اشارہ کرسکتا ہے کہ جب خود بادشاہ بامداد فوج دشمن کا مقابلہ کر رہا ہو تو اس وقت جس موقع پر یہ اشارات خاص سے آگاہ کردے تو فوراً ہتیار روک لئے جاویں۔

جب یہ مصاحب اپنا مفوضہ کام انجام دینا شروع کرے اس وقت اسکو چاہیئے کہ کبھی کوئی حرکت ایسی نہ کرے جس سے اپنے ہم مرتبہ اور ہم نشین کی معمولی ذلت بھی محسوس ہو اور کبھی ایسا بیان نہ کرے جو بے اصول ہو اس کو چاہیئے کہ کبھی آواز سے قہقہہ نہ لگائے گفتگو بھی آواز سے نہ کرے اور کسی کو اپنا رازدار نہ بنائے۔ ذو معنی الفاظ استعمال نہ کرے۔ بادشاہ کا لباس نہ پہنے۔ مغرور یا مسخرہ کی سی حرکت نہ کرے اپنی ترقی کے لئے یا کسی قیمتی شے کے سرفرازی کے لئے عوام میں درخواست نہ کرے۔ ایک آنکھ سے نہ دیکھے۔ ہونٹ نہ چبائے۔ بھوں ٹیڑھی نہ کرے بادشاہ کے کلام میں دخل نہ دے۔ کسی طاقت ور پارٹی کو اپنا مخالف نہ بنائے۔ عورت قرمساق، سفیر ریاست غیرہ

دشمن یا اس کے متعلقین، عہدہ دار برطرف شدہ، فطرتاً بدنیت اشخاص اور ہٹ دھرمی سے دور رہے۔ اگر کوئی امر ایسا ہو جس سے بادشاہ یا سلطنت کا واقعی فائدہ ہوتا ہو تو بلا کسی تعویق کے فوراً اس کو ظاہر کر دے۔ اپنی ذات کے فائدہ کی کوئی بات ہو تو اس کو اپنے دوستوں اور خیر خواہوں کی موجودگی میں ظاہر کرے۔ اگر کسی غیر کے فائدہ کی کوئی بات ہو تو اسکو مناسب وقت اور مقام پر ظاہر کرے۔ اور جو کچھ کہے وہ ایسا ہو کہ جو مفید بھی ہو اور پُر لطف بھی۔ مگر کبھی کوئی ایسی بات نہ کہے جو ناگوار خاطر ہو گو وہ ایک حیثیت سے مفید بھی کیوں نہ ہو۔ اگر بادشاہ خاص طور پر سننے کی خواہش کرے تو راز میں ایسی بات ظاہر کرے جو بُری ہو مگر مفید۔ خموشی بہتر ہے ایسے کلام سے جس سے نفرت پیدا ہو۔ اسلئے کہ ایسے امور کو پوشیدہ رکھنے سے جو بادشاہ کی مرضی کے خلاف ہوں معمولی لوگ بھی اعلیٰ مرتبہ کو پہونچ جاتے ہیں۔ اس کو چاہئے کہ دوسرے پر کوئی تہمت عائد نہ کرے۔ اور خود بھی دوسرے کی بدخواہی نہ کرے۔ دوسرے کے قصور کو معاف کر دے۔ اور زمین کی طرح اپنے میں تحمل کا مادہ بڑھائے۔ اور دوسرے کی رازداری میں دخل نہ دے۔ دانشمندی اسی میں ہے کہ وہ ہمیشہ اپنی ذات کی حفاظت کو مدنظر رکھے۔ بادشاہ کی ملازمت اختیار کرنا آتش کے اندر قدم رکھنے کے مانند ہے۔ آتش جسم کے ایک حصہ کو جلا دے گی یا زیادہ سے زیادہ سارے جسم کو خاک بنا دے گی۔ مگر بادشاہ کا عتاب سارے خاندان کو معہ متعلقین اور ملازمین کے تباہ و تاراج کر دے گا۔

اگر اس مصاحب کا تقرر وزارت پر ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ توفیر آمدنی کے ذرائع کا خیال رکھے بعد وضع اخراجات خالص آمدنی میں اضافہ بتائے۔ معاملات خارجی و باطنی میں اور راز و عام میں اور نیز ایسے امور میں جن کے لئے زیادہ صرفہ کی ضرورت ہو اور نیز ایسے امور میں جو کلیتاً قابل نظر انداز ہوں اپنی رائے واضح

طور پر ظاہر کر دے۔ بادشاہ کے ساتھ شکار میں اور ہر قسم کے کھیل میں اور عیش و عشرت میں ہر وقت حاضر باشی کرے۔ اور موقع و محل پر بادشاہ کی توجہ بری عادات سے باز رکھنے کی طرف مبذول کرائے۔ اور بادشاہ کو دشمنوں کی سازشوں اور منصوبوں سے ہر طرح بچائے۔ وزیر کو چاہیئے کہ ہر وقت بادشاہ کے خارجی حرکات و کیفیات سے اس کے حالات و خیالات کو اچھی طرح جان لے اور اس کے لحاظ سے عمل کرے۔ اور جاں نثاری و اطاعت گذاری سے اپنے مالک کی خوشنودی حاصل کرے۔ اگر بادشاہ اس کی تعلیم و تلقین سے ناراض ہوا ور اس کی کوششوں کا کوئی مفید نتیجہ برآمد نہ ہو اور اس کے اعزاز و وقار میں فرق آنے لگے تو وزیر کو چاہیئے کہ فوراً خدمت سے دست بردار ہو جائے۔ یا بادشاہ کے خصائل اور اپنی کمزریوں پر پورا تبصرہ کرکے اصلاح کی کوشش کرے۔ بادشاہ کے کسی حقیقی خیر خواہ کے پاس پہونچکر اس کے توسط سے مختلف تدابیر عمل میں لائے اور اس طرح بادشاہ کے عیوب کو مٹانے کی کوشش کرے اور اس کے بعد اپنی اصلی خدمت پر رجوع ہو کر کام کرنا شروع کرے خواہ اس وقت تک وہ بادشاہ زندہ ہو یا نہ ہو۔

وزیر کو لازم ہے کہ بادشاہ کے مصائب کو دور کرنے کی ہر طرح فکر کرے۔ اور بادشاہ کے دوست یا مورد عنایات کی امداد اور مشاورت سے بادشاہ کے زمانہ علالت میں قبل از قبل ملاقاتیوں کے ہجوم کو روکنے کا معقول انتظام کرے۔ جو اصحاب مشتاق ملاقات ہوں ان کو ایک یا دو ماہ میں صرف ایک مرتبہ باریاب ہونے کا موقع دے۔ یہ حیلہ کیا جا سکتا ہے کہ سرکار ایسے مراسم کی انجام دہی میں مصروف ہیں جو عالمگیر آفات کے ارتفاع کے لئے یا دشمن کی بیخ کنی کے لئے عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ یا ایسے عمل میں مصروف ہیں جو ازدیاد عمر و اقبال کے لئے یا بقائے نسل کے لئے ازبس ضروری ہیں۔ خاص حالات میں وزیر ایک مصنوعی بادشاہ بنا کر

بتا سکتا ہے۔ نہ صرف اپنی رعایا کے اطمینان کے لئے بلکہ ریاست ہائے غیر کے سفیروں کو بھی (خواہ وہ دوست ہوں یا دشمن) ایسے مصنوعی بادشاہ کے پاس باریاب کرائے۔ ایسا مصنوعی بادشاہ بھی وزیر ہی کو اپنا نائب تکلم بنائیگا۔ چوبدار یا عہدہ دار حرم کی وساطت سے شاہی فرمان حاصل کرنے کا بہانہ کرکے مناسب جوابات خود وزیر ہی ادا کریگا۔ خاطیوں یا باغیوں کے حق میں شاہی عتاب کا اظہار اسی طریقہ سے ہونا چاہیئے۔ خیرخواہ کے حق میں صرف سرفرازی اس طرح بالنیابت ہوگی۔ وزیر کو چاہیئے کہ خزانہ اور مرکزی فوج دونوں ایک ہی جگہ قایم کرکے خواہ اندرون قلعہ ہو یا کسی سرحدی مقام مناسب پر اور ان پر ایسے عہدہ دار مقرر ہوں جو حد درجہ معتبر اور رازدار ہوں۔ امرا یا شہزادگان کو کسی سرکش یا باغی کی گرفتاری کے لئے روانہ کرے۔ یا کسی غنیم کی سرکوبی کے لئے بھیجدے۔ یا بادشاہ کے عزیز یا دوستوں کی ملاقات کے لئے روانہ کرے اگر قرب وجوار کا کوئی امیر یا ریاست غیر کا بادشاہ چڑھائی کی دھمکی دے تو وزیر کا فرض ہوگا کہ اسکو کسی تقریب میں یا شادی میں یا ہاتھی کو پکڑنے کے حیلہ سے یا سوداگروں سے گھوڑوں کو انتخاب کرکے خرید کرنے کے لئے یا کسی تجارت کی غرض سے دعوت دے اور گرفتار کرکے رکھے۔ تاوقتیکہ مناسب شرائط پر مصالحت نہ ہو جائے اور تعلقات دوستانہ قایم نہوں یا بادشاہ کے کسی دشمن یا صحرائی فرقہ کے ساتھ جنگ قبول نہ کرے یا اپنے ملک کا ایک حصہ دے اس کو مخلصی نہ دی جائے۔

وزیر اعظم بادشاہ کو دیگر وزرا کے عادات وصفات کی جانچ کرنے میں بھی مدد دیگا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ان کو ہر ممکنہ طرح سے ترغیب وتحریص دلائی جائیگی۔ اور ان کی اصلیت کا اطمینان کر لیا جائیگا۔ یہاں تک کہ خفیہ جاسوسوں کو ان کے پاس روانہ کرکے باور کرایا جائیگا کہ بادشاہ سخت ظالم ہے اس کو تخت سے اتار کر دوسرے

کسی کو تخت نشین کیا جائے یا بادشاہ کو قتل کیا جائے۔ اسی طرح انواع واقسام کی تحریصین مختلف اشخاص سے یعنی عورتوں سے، فقرا سے، منجمین سے یا دیگر ذرائع سے دلاکر اُس کا امتحان کیا جائے۔ اگر بادشاہ کی اطاعت میں وہ ثابت قدم رہے تو اس کا تقرر کسی خدمت وزارت پر کیا جائے۔ عہدہ داروں کے اوصاف وخصائل کی جانچ وتصدیق اصطلاح میں اوپر باسودہی (उपधाशुद्धि) کہلاتی ہے۔ زمانہ حال کے حلف دلانے کی رسم سے اسکی اہمیت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

وزیر اعظم حالات خاص کے اعتبار سے ایسے خفیہ منجم کی پیشن گوئی کا لحاظ کرکے مصلحت سیاست کو مدنظر رکھکر عمل بھی کر سکے گا۔ جو اصحاب کسی معقول وجہ سے برانگیختہ ہوجائیں اور اپنے فرائض کی طرف توجہ کریں ان کو دولت وخطابات وغیرہ سرفراز کرکے ہموار کرلے گا اور جو بے وجہ رنجیدہ ہوجائیں یا جو بادشاہ کے خلاف بغاوت میں شریک ہوں ان کو رازمیں سزا دیگا۔

سیاسی رموز کا افشا سخت ترین گناہ ہے۔ کوٹلیا اُس کا سخت مخالف ہے۔ اُس کی رائے ہے کہ ایسے جرائم کے مرتکب کو خواہ وہ وزیر ہی کیوں نہ ہو سخت سزا دی جائے۔ یہاں تک کہ اُس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کردیئے جائینگے۔ وزیر بادشاہ کا عصائے حکومت ہے۔ اُس کا فرض ہے کہ کونسل میں امور سیاسی کے ہر ایک پہلو پر کافی غور کرے اور ان کے نتائج کا صحیح اندازہ لگائے۔ ارتھ شاستر میں اُس زمانہ کے حالات کے لحاظ سے انتظام مملکت کے (۲۸) مختلف سررشتہ جات قائم کئے گئے ہیں۔ ان میں دیہی پنچایت صنعت وحرفت، کروڑگیری، اعداد وشمار، اوزان پیمانہ، آبکاری، داخلہ مال درآمد وبرآمد وغیرہ بھی داخل ہیں۔ ان سررشتہ جات کے اعلیٰ عہدہ داروں کے کام پر کافی نگرانی رکھنا وزیر کا فرض ہے۔ نگرانی کا طریقہ ایک دلچسپ تمثیل سے ذہن نشین کرایا گیا ہے۔ وہ یہ ہے۔ مچھلی پانی میں رہتی ہے۔

اسلئے وہ پانی ضرور پیتی ہے۔ مگر اس کے حرکات نظر نہیں آتے۔ بخلاف اس کے پرندے جب فصل ایستادہ پر اور ثمرہ دار درخت پر اوڑتے ہیں۔ تو ان کی پرواز اور دیگر حرکات۔ نظر آتے ہیں۔ پس دستور العمل کار ایسا واضح کیا جائے کہ عہدہ داروں کے حرکات مثل پرندوں کے نظر آئیں۔ مثل ماہی کے مخفی نہ رہیں۔ اس کے علاوہ وزیر کا فرض اولین یہ ہوگا کہ ملک کے اخراجات فیاضی کی ہر وقت تنقیح کیا کرے۔ فوج کی بھرتی کرے۔ دشمن اور لوٹیرے فرقوں کی سرکوبی کرے۔ ریاست کی ہر طرح حفاظت کرے۔ عام مصائب و آفات کو رفع کرنے کی کوشش بلیغ کرے۔

بادشاہ کے وارث جابر کی حفاظت کرے۔ اور ولی عہد کی تخت نشینی کا انتظام کرے۔ کوٹلیا صاف بیان کرتا ہے کہ ریاست کی تمام سرگرمیاں وزیر اعظم ہی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس کا فرض ہے کہ وہ ایسا انتظام کرے کہ رعایا کے تمامی کاروبار اطمینان بخش طریقہ سے اور کامیابی کے ساتھ انجام پائیں۔ نیز وزیر اس کا بھی ذمہ دار ہے کہ ہر طرح رعایا کے جسم و مال کی حفاظت ہو۔ اور اندرونی و بیرونی دشمن کے پنجۂ آہنی سے رعایا ہمیشہ محفوظ رہے اس کو چاہئے کہ نئے قبیلوں کی آبادکاری اور ان کی معاشرتی ترقی کا انتظام کرے اور ملک کے غیر زرعی حصہ کو ترقی دے۔ اگر وہ مناسب خیال کرے تو بلحاظ اہلیت و قابلیت عہدہ داروں کو خطابات عطا کرے۔

المختصر وزیر کی قابلیت کا معیار یہ ہے کہ ایک تیرانداز کے ہاتھ کا تیر صحیح نشانہ پر لگے یا ممکن ہے کہ خالی جائے مگر وزیر کی عقلی تجویز دشمن کے خاندان کے سارے ارکان کو بالالتزام تباہ کردے گی خواہ ان میں سے کوئی رحم مادر ہیں کیوں نہ چھپ جائے۔

وزیر خود یا امرار و اقربا بادشاہی کی امداد سے کسی وارث جائز کو تخت نشین بنا کر عوام میں اس کی تشہیر کرے یا ہر قسم کی رکاوٹ اور مزاحمت کو رفع کر کے عنان حکومت خود اپنے ہاتھ میں لے۔

اگر قریب جوار کا کوئی بادشاہ تکلیف دیتا ہو تو وزیر کو چاہیئے کہ اس کو دعوت دے کر بلائے اور اطمینان دلائے کہ اُسی کو تخت نشین کیا جائے گا۔ اس طرح جب وہ پورے طور پر وزیر کے بس میں آجائے تو وزیر اُس کا خاتمہ کر دے۔ یا جب تک وہ راہ راست پر نہ آجائے اس کو قید ہی میں رکھے۔

وزیر کا فرض ہے کہ بسہولت تمام اولاً ریاست کا بار وارث جائز کے دوش پر عائد کرے۔ اور اس طرح پورا انتظام کرنے کے بعد بادشاہ کے اس عالم فانی سے عالم جاودانی کی طرف سفر کرنے کی خبر شائع کر دے۔ اگر اتفاق سے بادشاہ کا انتقال کسی دشمن کے علاقہ میں ہو جائے تو وزیر یہ ظاہر کرے کہ بادشاہ کو اس سے سخت عداوت تھی۔ اور اس طرح دشمن سے صلح کر کے اولاً اپنی مخلصی حاصل کرلے۔ اور اس بعد قرب وجوار کے کسی شہزادہ کو لا کر قلعہ کے اندر ہی اس کو تخت نشین کرے۔ یا کسی وارث جائز کو حقیقی طور پر بادشاہ بنائے۔ اور خود آزادہ کر فوج لیکر دشمن کا مقابلہ کرے۔ اس طرح کوٹلیہ کی یہ رائے ہے کہ وزیر خود پورے اختیارات شاہی استعمال کرے۔ (राजैश्वर्यममात्य: कारयेत्)

ایک سیاس بھاردواج کی رائے ہے کہ چونکہ وقت کا اقتضا یہ ہے کہ موقع صرف ایک ہی مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ بار بار نہیں آتا۔ اس لئے طالب موقع کو چاہیئے کہ ایسے موقعوں پر خود ہی بادشاہ بن جائے۔ کیونکہ اپنی ذات سب سے پیاری ہوتی ہے۔ مگر کوٹلیا اس کی تردید کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ صریحی

ناانصافی ہے۔ اس کو مقبولیت عامہ کا درجہ حاصل نہیں ہوتا ہے۔ اس عمل سے رعایا مشتعل ہو جاتی ہے۔ اس لئے وزیر کو چاہئے کہ ایسے موقع پر کسی ایک ایسے لڑکے کو تخت پر بٹھائے جس میں شاہی اوصاف پائے جاویں۔ اگر ایسا کوئی دستیاب نہ ہو تو شاہی خاندان کے کسی شخص کو تخت پر بٹھائے۔ گو اس کے اخلاق اچھے نہ ہوں۔ یا بادشاہ کی دختر کو یا ملکہ کو جو حاملہ ہو تخت پر بٹھائے۔ اور دوسرے وزرا سے مخاطب ہو کر کہے کہ "یہ آپ کی امانت ہے۔ آپ اس لڑکے کے باپ کا خیال رکھئے۔ نیز آپ اپنے سابقہ کارناموں کا اور اپنے خاندان کے اعزاز کا لحاظ کیجئے۔ لڑکا کیا ہے صرف ایک نشان ہے۔ دراصل آپ ہی مالک ہیں۔" اس کے ساتھ ہی بعض اصحاب جن کو پہلے ہی سے اشارہ ہوتا ہے فوراً "آمین" کہیں۔ اور یہ بھی کہیں کہ بجز آپ جیسی ہستی کے بھلا کون ایسی بڑی سلطنت کو اور رعایا کو جس میں معزز ومحترم برہمن شجیع کہشتریہ دولت مند ویشں اور قابل قدر شودر ہوں پرورش کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔" جب اس طرح خیالات ظاہر کردے جاویں تو دیگر وزرا کو بھی "آمین" کہنا لازم آتا ہے۔ اور یہ انتظام قائم رہ جاتا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعظم کا کام ہے کہ دیگر وزرا اور افسران فوج کی تنخواہ میں اضافہ کرے۔ اور یہ بھی وعدہ کرے کہ جب یہ لڑکا بالغ ہوگا تو مزید اضافہ کیا جائیگا۔

اس کے بعد وزیر اس لڑکے کی تعلیم کا معقول انتظام کرے۔ دختر کو تخت نشین کرنے کی صورت میں اس کی شادی اسی قوم کے کسی ذی اثر لڑکے کے ساتھ کرائی جائے۔ اور اس کے بطن سے جو لڑکا پیدا ہو وہ تخت نشین کیا جائے گا۔ اگر ملکہ (جو حاملہ ہو) تخت نشین ہوگی تو شاہی

خاندان کا کوئی خوش اخلاق اور خوبصورت شخص بطور نائب شہزادہ کے مقرر کیا جائے گا۔ وزیر اعظم کو چاہیئے کہ اپنی آسایش کی غرض سے کسی پُرلطف شئے کا خود استعمال نہ کرے۔ البتہ بادشاہ کے لئے نئی وضع کی سواریاں، بہترین گھوڑے، قیمتی زیورات، خوش لباس، خوبصورت عورت اور اعلیٰ ترین ایوان شاہی وغیرہ مہیا کر سکتا ہے۔

بعد بلوغ شہزادہ کو اختیار ہے کہ اس وزیر سے ناراض ہو جائے یا اس کی تلقین پر عمل پیرا ہو۔ اگر بادشاہ امرار کے اثر میں آجائے اور ان کا مطیع بن جائے تو وزیر کا فرض ہوگا کہ وہ ایسے اصحاب کے توسط سے جو بادشاہ کے مقرب اور منظور نظر ہوں بادشاہ کو اصول سیاست کی تعلیم دلانے کی کوشش کرے۔ اور قدیم تاریخ تمدن وغیرہ سے بہترین تمثیلات دیکر رموز سلطنت اچھی طرح ذہن نشین کرائے یا خود کسی سادھو یا فقیر کی شکل میں ظاہر ہوکر بادشاہ کے دل پر اثرات قایم کردے۔ اور جن اصحاب نے بادشاہ کے اخلاق بگاڑے ہوں ان کو سخت سزا دے۔ اور اگر وزیر کو خود نفرت پیدا ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ دنیا سے کنارہ کش ہو جائے مذہبی ریاضت میں مشغول ہو یا جنگل میں جاکر تپسیا کرے۔

یہ بالکل مختصر بیان ان فرائض اور ذمہ داریوں کا ہے جو کوٹلیا ایک ریاست کے وزیر پر عائد کرتا ہے۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ کوٹلیا کی ہستی کس بلند پایہ کی تھی۔ وہ حکومت دستوری کا پورا حامی تھا مگر ساتھ ہی بادشاہ کا پورا معتقد تھا۔ بلکہ سچا خیر خواہ اور جان نثار بھی تھا۔ امور سیاسی میں وہ بےحد سختی کے ساتھ پیش آتا تھا مگر ساتھ ہی وہ بالکل بےلوث اور صوفی منش تھا۔

کوٹلیا کی عظمت کا اندازہ کمترین ناچیز کے اس مختصر بیان سے ہونا ممکن نہیں ہے۔ وہ درحقیقت ایک لاثانی سیاسی تھا۔ وہ سلطنتوں کی بنا رقائم کرتا تھا۔ اور بادشاہ کو حقیقی طور پر بادشاہ بناتا تھا۔ کوٹلیا قدیم بھارت ورس کے فن حکمرانی کا کامل استاد مانا جاتا ہے۔ علوم سیاسیات و معاشیات میں اس کے قایم کردہ اصول عالمگیر اور ناقابل تغیر ہیں۔ فن سفارت میں اس کے تجاویز قطعی ہیں۔ کامل ڈھائی ہزار سال کے قبل اس نے ایسے عملی نکات ظاہر کئے ہیں۔ ان میں بیشتر ایسے ہیں جو اس قدر زمانہ گذرنے کے بعد بھی آج اسی اصلی حالت میں واجب التعمیل ہیں۔ کامندک نیتی سار اور تنتر اکھیایکا وغیرہ مستند کتابوں میں کوٹلیا کی جو عظمت ظاہر کی گئی ہے وہ حقیقت سے خالی نہیں ہے۔ مشہور شاعر کالیداس نہ صرف ارتھ شاستر کے اصطلاحات کو بلکہ اصول سیاسیات کو بھی پرلطف پیرایہ میں ظاہر کرتا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ قدیم زمانہ میں ہندستان میں اس علم کی تعلیم وتدریس کا طریقہ اعلیٰ پیمانہ پر قایم تھا۔ دسویں صدی تک بھی کشمیر وغیرہ ممالک میں اس کی تعلیم کا سلسلہ جاری رہنا پایا جاتا ہے۔ مگر شومیٔ قسمت سے آج ہم اس سے بے بہرہ ہیں۔ دو تین شرح کوٹلیا کے ارتھ شاستر پر لکھی جاچکی ہیں مگر وہ نامکمل ہیں۔

حال میں ریاست ٹراونکور کے پنڈت گنپت ساستری نے ایک شرح لکھی ہے لیکن ارتھ شاستر کے مسائل پر جیسا کہ چاہیئے کافی غور نہیں ہوا ہے۔ اس کتاب سے نہ صرف امور سیاسی بلکہ زمانہ قدیم کے عام حالات معاشرتی، طریقہ تعلیم، مختلف مذاہب، طریقہ انفصال

مقدمات اور زبانِ عدالت وغیرہ ضروری امور اپنی اصلی حیثیت میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک پر ہر پہلو سے غور ہو کر ایک جامع شرح کے لکھے جانے کی سخت ضرورت ہے۔ میں عرض کرونگا کہ سب سے پہلے اس کتاب کا اُردو زبان میں ترجمہ کیا جائے تاکہ عوام کو اس کی عظمت کا حقیقی طور پر احساس ہو۔

بلدی قوانین حیدرآباد کا ارتقاء

(از محمد فاروق نائب معتمد سیاسیات حیدرآباد)

بلدی قوانین حیدرآباد کے ارتقاء کا کوئی تذکرہ بلدہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد کی تاسیس اور آبادکاری کی طرف اشارہ کئے بغیر شروع نہیں ہوسکتا۔ مورخین راوی ہیں کہ شہر کا نقشہ ایسا چھایا گیا ہوا تھا کہ قرون وسطی میں اس کی نظیر نہیں مل سکتی۔ شہر کے عین مرکز میں چار مینار کی عمارت کی چاروں جانب سیدھی سڑکیں نکالی گئیں کہ جن سے حدود شہر کے چار حلقے قائم ہوسکے جا بجا متساوی الاضلاع چوراہے قائم ہوے۔ شہر میں آب رسانی کا ایسا عجیب انتظام تھا کہ بلند عمارتوں تک بھی پانی پہنچ سکتا تھا۔ بارش کے پانی اور غلیظ پانی کے نکاس کے لئے جو موریاں تعمیر ہوئیں وہ آج بھی ماہرین تعمیرات کے لئے موجب حیرت ہیں۔ شہر میں مسافروں کے قیام کے لئے کارروان سرا، مریضوں کے علاج کے لئے دارالشفاء کے ساتھ ساتھ دائرہ میر مومن بھی قائم تھا تاکہ شہر کی آبادی کی ضرورت تدفین کی تکمیل ہو۔ شہر کے انتظام کے لئے کوتوال کو ذمہ دار کیا گیا تھا۔ شہر میں داخلے کے موقع پر سامان کی تنقیح بھی اسی سے متعلق تھی تاکہ مفسدین پر روک رہے نیز چنگی وصول کی جاسکے۔

یہہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ہندوستان میں خواہ وہ ہندو مہاجاؤں کا دور ہو کہ مسلمان بادشاہوں کا زمانہ شاہی پایہ تخت یا صوبہ دار کے مستقر جس جگہ بھی قائم رہتے وہاں کی آبادی کے لئے آبنوشی کی خاطر باولیاں، بیماروں کے لئے شفاخانے، دینداروں کے لئے عبادتگاہیں

لڑکوں کے لئے مدارس اور مکتب مسافروں کے لئے سرائیں اور سڑکیں تاجروں کے لئے منڈیاں اور گنج حکومت کی طرف سے قائم ہوتے تھے اور حکومت ہی ان کی نگہداشت کرتی تھی البتہ آبادیوں کے داخلی انتظامات قیام امن رفع خصومات اور دادرسی کی حد تک باشندوں کی اپنی اپنی پنچایتیں قائم تھیں یہہ پنچایتیں ہر مفاد کے لیے الگ الگ ہوتی تھیں اور ہر مفاد خاصا منظم تھا۔ ان حکومتوں کے اس طرز عمل سے ایک طرف ان کے شہروں میں صحت وعافیت کی وجہ خوشحالی رہتی دوسرے امن وامان بھی قایم رہتا کہ جس سے دارالسلطنت کی ساکھ رہتی لیکن شرقی غربی سواحل ہند پر جو برطانوی آبادیاں آباد ہوئیں وہاں بہت عرصے تک ان تاجروں نے جنھوں نے وہاں تجارتی کوٹھیاں قایم کی تھیں ان صالوں مزدوروں اور راڑھیتوں کے محلوں اور بود و باش کے مقامات کی صفائی و آسایش کے طرف توجہ نہیں کی تھی چنانچہ یہہ واقعہ ہے کہ فورٹ سینٹ جارج مدراس کے قریب کی دیسی آبادی کا نام بلاک ٹاون تھا وہاں اس عدم توجہ کی بناء پر ہیضہ اور دوسری بیماریاں لوگوں کو ستاتی تھیں یہی حال بمبئی وکلکتہ کے اطراف بھی تھا۔ بلاحاظ ارباب کمپنی کو کچھ نہ کچھ انتظام ناگزیر ہوا۔ چنانچہ بمبئی اور کلکتہ کی آبادیوں میں یہہ صرف حکام کمپنی تالاب تیار ہوئے کچھ عملہ خاکروبی اور خاشاک برداری کے لئے بھی انھوں نے مقرر کیا۔

لیکن روز بروز کی بڑھتی ہوئی ضروریات کی اس طرح تکمیل کے معنے اخراجات میں بھی اضافے کے تھے۔ چنانچہ جلد ہی دیسی آبادی سے وجاہت اور اثر رکھنے والے عمائدین کو نامزد کیا گیا اور اس کے بعد ہی مقامی مجالس کی طرح ڈال دیگئی۔ تاکہ وہاں رہنے والوں سے ہی یا وہاں اسباب تجارت لانے والوں سے مقامی محاصل وصول کئے جاکر ان کے چند نمایندوں کی شرکت اور مشاورت سے شہری ضروریات کی تکمیل کی جائے۔ یہہ امر قابل ملاحظہ ہے کہ جو مقامی مجالس اس طرح قائم ہوئیں انکو فصل خصومات دادرسی یا قیام امن سے تعلق نہ تھا بہت دنوں کے بعد جب ان بڑے شہروں میں مجالس آرایش شہر

قایم ہوئیں تو ان کے اخراجات کے لئے بھی چند مقامی محاصل کو مختص کیا گیا یہ نہ ہوا کہ حکومت اپنے موازنے سے ان مصارف کی تکمیل کرتی۔ خلاصہ یہہ کہ ہندوستان کے سب سے زیادہ آباد شہر بمبئی کی جملہ شہری ضروریات اہلِ شہر نے ہی مقامی محاصل کی ادائی سے فراہم کی ہیں۔ دوسرے شہروں کا بھی یہی حال رہا ہے اور وہاں کے بلدی قوانین اور مقامی حکومت کے ارتقاء کا ماحصل ہی یہی ہے۔

اِن اصلاحات کے مدِنظر جو نواب سالار جنگ اول کے ساتھ منسوب ہیں بلدہ حیدرآباد بلکہ ساری ریاست کے اِس بلدی نظم و نسق کا جس کے ارتقاء کو قلمبند کرنا اِس نوشتے کا ماحصل ہے آغاز نواب مرحوم نے ہی کیا۔ ۱۲۷۹ف یعنی ۱۸۶۹ء میں (واضح ہو کہ لارڈ رپن نے ۱۸۸۰ء ۱۸۸۴ء میں ہندوستان میں مقامی حکومت کا آغاز کیا تھا) ایک مجلس صفائی و درستی راستہ جات بلدہ کی خاطر قائم ہوئی اِس مجلس میں ساہوکاروں اور عوام کی طرف سے نمایندے شریک تھے نیز پائیگاہوں اور اسٹیٹوں کے نمایندے بھی شریک تھے۔ رود موسیٰ کے شمالی حصے کو حدود صفائی میں داخل کیا گیا اور ایک مہتمم اور عملے کا تقرر ہوا۔ واضح ہو کہ اس سے پہلے قدیم روایات کے لحاظ سے یہاں کے کوتوال سے یہہ امر متعلق تھا اور ان ہی کے تحت عملہ صفائی اور خاکروب یہہ کام کرتے تھے رفتہ رفتہ اِس مجلس کی ترکیب اور اس کے اراکین کی تعداد میں اضافہ اور تغیر ہوتا رہا۔ ۱۲۹۷ف یعنی ۱۸۸۸ء میں رقبہ چادر گھاٹ کے لیے جہاں برطانوی رزیڈنٹ اور دیگر انگریز حکام و تجار کی سکونت تھی ایک علحدہ کمیٹی قائم کی گئی اور اسی میں اس کے صدرنشین کے سوا گیارہ اراکین شریک تھے بلدے کی کمیٹی ۱۳۰۸ف میں (۱۹) اراکین پر مشتمل ہو چکی تھی جس میں (۹) سرکاری پانچ غیر سرکاری اور پانچ عہدہ دار ارکان شریک تھے۔

سرکار سے اِن کمیٹیوں کو اپنے اخراجات کی تکمیل کے لئے محاصل مسایر (چنگی) کی آمدنی سے جسے حکومت سرکارِ عالی اپنی نگرانی میں وصول کرتی تھی مختص رقومات ڈیڑھ لاکھ و ڈھائی لاکھ علی الترتیب ادا ہوتی تھیں۔ ۱۲۹۷ف مطابق ۱۸۸۸ء میں یہہ امر بہ اجلاس کونسل آف اسٹیٹ

پیشگاہ بندگان اعلیحضرت غفران مکان مرحوم سے منظور ہوا کہ مجالس صفائی کو برطانوی ہند کے مماثل حدود بلدیہ کے مکانات پر محاصل امکنہ وصول کرنے کی اجازت دی جائے چنانچہ اس کے لیے ان مجالس کے عہدہ دار بمبئی بغرض کارآموزی روانہ ہوئے لیکن بہر طور ۱۳۰۰ف ہی میں قواعد حاصل صفائی نافذ ہو سکے۔ یہہ قواعد گاڑیوں اور چوپایوں کے محاصل سے متعلق نہیں تھے اور صرف محصول امکنہ کی وصولی کو جائز کر رہے تھے۔ ابتداءً صرف تین فیصدی شرح سے یہہ محصول وصول ہونا طے ہوا۔ گاڑیوں اور چوپایوں کے محاصل کی وصولی کے احکام اس کے بعد نافذ ہوسکے ۱۳۱۳ف میں رقبہ چادرگھاٹ اور رقبہ بلدہ کی مجالس کا انضمام ہو کر ایک میر مجلس ۱۵ سرکاری ۱۲ غیر سرکاری اور ۱۳ ارکان منتخب عہدہ پر مشتمل مجلس قائم ہوئی۔ میر مجلس صدر المہام صیغہ ہوا کرتے اور کسی نائب میر مجلس کا انتخاب ارکان مجلس کر سکتے۔ اراکین کی نشستوں کے خالی ہونے کی صورت میں مجلس کی سفارش پر جدید رکن نامزد ہوتا۔ غیر سرکاری اراکین زیادہ تر مفادات سے متعلق تھے۔ یہہ انضمام اس طور پر ہو سکا کہ رقبہ چادرگھاٹ کے بورڈ کے کمشنر کو رقبہ بلدہ کا بھی نگران کر دیا گیا۔ رقبہ چادرگھاٹ میں ایوان رزیڈنسی کے وقوع کی بناء پر جو مجلس مقرر تھی اس کے عہدہ دار اکثر انگریز ہی ہوتے تھے۔ باوجود انضمام رقبہ رزیڈنسی بازار رزیڈنٹ بہادر کے زیر انتظام ہی رہا اور ۱۳۴۲ف میں انہیں مسترد کیا گیا۔

جہاں تک کہ محاصل امکنہ کا تعلق ہے اسے اہل بلدہ نے طبعاً بہت دنوں تک قبول نہیں کیا اور ادائی بہت وقت سے ہوتی رہی۔ غرباً طوعاً کرہاً اسے ادا کرتے رہے لیکن امرا اس سے بالکل سبکدوش رہے۔ کونسل آف اسٹیٹ میں جب دستور العمل محاصل کا تعین ہو رہا تھا حضرت اقدس و اعلی مرحوم نے یہہ ارشاد فرمایا تھا کہ میں خود املاک شاہی اور گاڑی گھوڑوں کا ٹیکس عنایت فرماؤں گا (مراسلہ دفتر معتمدی عدالت (۲۹۲) مورخہ ۲۰ فروردی ۱۳۰۴ف) لیکن اس کے باوجود تمام علاقے یہ محاصل نہیں دے رہے تھے۔

مسلسل کارروائی اور معروض کے بعد آخر مبارک دور عثمانی میں جو فرمان خسروی شرف صدور

لایا وہ حیدرآباد کے بلدی قوانین کے تذکرے میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔

یہہ فرمان درج ذیل ہے ۔

کنگ کوٹھی

مدار المہام سالار جنگ بہادرؔ

بلدہ میں ٹیکس صفائی سب سے وصول کرنے کی نسبت عرضداشت معروضہ ۹ رجمادی الاول ۱۳۳۱ھ کے متعلق معتمد صاحب صرفخاص مبارک کی عرضی معروضہ ۱۶ رجمادی الاول ۱۳۳۱ھ ملفوف ہے حسبۂ ٹیکس صفائی صرف خاص سے لینے کے عوض اس علاقہ کی وہ رقم کروڑگیری جس کا حوالہ معتمد صاحب نے دیا ہے اس میں سالانہ پندرہ ہزار روپیہ حالی بطور امداد اخراجات صفائی کے لئے آغاز سال حال سے اٹھائے جائیں اور تمھاری رائے کے مطابق بلدہ کے تمام امراء و اعزہ کے علاقہ جات سے بھی ٹیکس صفائی حسب ضابطہ آغاز سال حال سے بلا استثناء وصول کرلی جائے۔ اس حکم کی ایک ایک نقل پائیگاہ و دیگر بڑے علاقوں کے پاس میرے حسب الحکم اطلاعاً و تعمیلاً بھیجدی جائے۔ معتمد صاحب صرفخاص کے پاس بھی ایک نقل اطلاعاً میرے حسب الحکم بھیج دی جائے۔ بشرحہ دستخط مبارک ۔

۲۳ رجمادی الاول ۱۳۳۱ھ

اس فرمان مبارک میں صدرالمہام علاقہ صرفخاص مبارک راجہ فتح نواز ونت آنجہانی کی جس عرضی کا حوالہ ہے وہ بھی قابل ملاحظہ ہے اور درج ذیل ہے ۔

بعز عرض اقدس اعلیٰ بشرف صدور فرمان مبارک مرقومہ ۱۱ رجمادی الاول ۱۳۳۱ھ خانہ زاد بہ ادب عرض پرداز ہے کہ مدارالمہام بہادر جس اصول پر یہہ ٹیکس طلب فرما رہے ہیں فی زمانہ کے غربی اصول سے بالکل واجبی ہے چنانچہ ان کی تحریر سے ظاہر ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

حضرت غفرانمکان نے خود زبان مبارک سے ارشاد فرمایا تھا کہ یہہ محصول میں خود ادا کروں گا تاکہ دوسروں کو ادائی میں تامل نہ ہو۔ معززکمیٹی صرف خاص کی تحریک شاہی

امکنہ وصاحبزادگان کے نجی امکنہ سے متعلق ادائی ٹیکس کے خلاف ہے یہہ رائے ترقی خیالات کے مطابق درست ہے کہ بادشاہ تو خود محصول قائم کرتا ہے بادشاہ پر ٹیکس کا مطالبہ کیسا مگر جبکہ انتظام حالیہ صفائی غربی اصول پر مبنی ہے۔ غربی اصول کی پابندی بھی قرین مصلحت ہے ورنہ امراء بھی ادائی میں تامل کریں گے چنانچہ پائیگاہ نے ابتک ایک حبہ ادا نہیں کیا۔ خانہ زاد کی رائے میں ایسا طریقہ اختیار کرنا چاہیے کہ ہر دو اصول مصرح بالا کی رعایت ملحوظ رہے وہ طریقہ یہہ ہے کہ ایک رقم مستدیہ مداخل کروڑگیری بلدہ سے بطور امداد صفائی بلدہ سالانہ سررشتہ صفائی کو عطا ہو جو ان محصولات کا بدل کافی ہو جائے کروڑگیری بلدہ میں دو طرح کے محصولات شامل ہیں اول محصول کروڑگیری اس مال پر جو بیرون ممالک سے آتا ہے۔ یہہ محصول شاہی ہے دوسرا محصول اس مال پر جو اندرون ممالک سرکار عالی سے بلدہ میں آتا ہے یہہ محصول لوکل ہے جو از روئے اصول زمانہ حال حق صفائی کا سمجھا جاتا ہے اس محصول بلدہ میں سے سالانہ (صہ ۔۔۔) امداد صفائی بلدہ کو دیا جائے تو جس محصول کا مطالبہ ہے اس کا بدل کافی ہو جاتا ہے کہ تیرہ سالہ محصول کی تعداد (مالہ صہ) درج عرضداشت دیوانی ہے اس کا تیرہواں حصہ بارہ ہزار روپیہ سے خفیف ہی سا زاید ہے مگر آئندہ کی بیشی کی رعایت اور تیرہ سال سے محصول ادا نہ ہوا بقایا حذف کرکے سالحال سے (صہ ۔۔۔) سالانہ امداد صفائی کو عطا ہو تو مناسب ہوگا۔

پائیگاہ اور رسالار جنگ اسٹیٹ کو صریح حکم پیشگاہ اقدس سے ہو تو مناسب ہے کہ بلاعذر یہہ محصول ادا کریں زیادہ حد ادب معروضہ ۱۶ - جمادی الاول ۱۳۳۱ھ

عرضداشت مدارالمہام بہادر واپس گزرانی جاتی ہے عریضہ خانہ زاد

شرمد ستخط

مرلیدہر

۱۳۳۱ف سے ۱۳۴۳ف تک مجلس صفائی کی ترکیب وغیرہ میں کوئی تجاوز یا اضافہ نہیں ہوا۔

لیکن اس کے معنے یہہ نہیں ہیں کہ اس دوران میں بلدی ارتقاء کو بھی سکوت تھا۔

طغیانی رود موسی نے حیدرآباد کے بلدی ارتقاء میں خاص حصہ لیا ہے انسداد طغیانی کے لیے رود موسی اور رود عیسی پر بند تعمیر ہوئے جن کی وجہ عثمان ساگر و حمایت ساگر کے خزانِ آب محزونانی کی شکل اختیار کرسکے اور آج بلدہ کا نظام آبرسانی ان پر مبنی ہے۔ دوسری طرف طغیانی سے متاثر شدہ محلوں کے لیے مجلس آرائش بلدہ قائم فرمائی گئی۔ اب یہہ امر راز نہیں رہا کہ مجلس آرائش بلدہ کی ابتدائی تشکیل میں کرنل سر آر تھر پینے رزیڈنٹ حیدرآباد نے غیر سرکاری طور پر بڑی دلچسپی لی اور ان کی مشاورت و تبصرہ کا اس میں بڑا دخل رہتا تھا۔ مجلس آرائش بلدہ کے ساتھ ساتھ سررشتہ ڈرینج بلدہ بھی قائم ہوا اس سے بہت پہلے سررشتہ برقی اور سررشتہ ٹیلیفون قائم ہو چکے تھے یہاں ان امور کی طرف صرف اس لیے اشارہ ضرور ہوا کہ اپنے دور مسعود میں جلالت مآب حضرت بندگانعالی مدظلہم العالی نے ان ترقیات کے مدنظر علاقہ صرفخاص مبارک کی طرف سے ایک اور فیاضانہ اقدام فرمایا یعنی اس آمدنی کے منجملہ جو محاصل کروڑگیری بلدہ و سکندرآباد کی بابت مد داخل حضور پرنور میں شمار ہوتی اور گزرانی جاتی تھی ایک ربع حصہ ہر سال بلدہ کی ترقیات کے لیے مختص کر لینے کی منظوری صادر فرمائی۔ یہہ رقم تقریباً (۵ تا ۶) لاکھ اوسطاً ہوتی ہے اور اب تک غالباً ایک کروڑ سے متجاوز ہو چکی ہے اس کا معروضہ سر ریجینالڈ گلانسی نے بارگاہ خسروی میں گزرانا تھا اور اس کے چند اجزا قابل سماعت ہیں "علاقہ دیوانی کو ان تمام اخراجات کی سبیل کرنی پڑتی ہے جو انتظام صفائی کے لیے درکار ہو صفائی کے معمولی ٹیکسوں سے نہایت ہی خفیف رقم وصول ہوتی ہے اور سرکار سے انتظام صفائی کے لیے سالانہ (۵ لاکھ) روپیہ کی امداد دی جاتی ہے اس کے علاوہ (۲ لاکھ) سالانہ کی رقم اسکیم آراستگی شہر کے لیے مختص کر دی گئی ہے مزید برآں ایک کروڑ سے زاید رقم اسکیم گنڈی پیٹہ پر صرف کی جارہی ہے جس سے یہہ مقصود ہے کہ بلدہ میں آئندہ طغیانیوں کا سدباب ہو اور صفائی کو سربراہی آب نوشی اور بدررون کے جدید طریقہ سے مہیا کیا جائے بالآخر کوتوالی بلدہ کے پورے

اخراجات رقمی (۶ لاکھ) سالانہ و نیز دیگر مختلف اخراجات متعلق سررشتہ جات تعلیمات وطبابت دیوانی بھی برداشت کرتی ہے۔

"پس یہ امر از بس واجبی ہے کہ علاقہ صرف مخاص اخراجات نظم ونسق شہر میں حصہ لے لہذا یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ خالص آمدنی کروڑگیری کے فیصد پچاس روپیہ کو نظم ونسق صفائی کے لیے دیوانی میں رکھے لیے جائیں۔" ۱۳۴۲ف میں قانون بلدیہ حیدرآباد کو پیشگاہ حضرت اقدس و اعلیٰ بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی سے شرف منظوری حاصل ہوا اس قانون کی رو سے مجلس بلدیہ حیدرآباد قائم ہوئی اس کو اتنے ہی وسیع اختیارات عطا ہوے جتنے اختیارات بلدیہ بمبئی کو جو ہندوستان کی سب سے بڑی بلدیہ شمار ہوتی ہے، حاصل ہیں یہ امر بھی بطور خاص اظہار کے قابل ہے کہ ہندوستان کی دوسری ریاستوں مثلاً ٹراونکور کوچین میسور کی ریاستوں کے صدر مقامات میں جو بلدیات اس زمانے میں قائم تھیں ان سے بھی بلحاظ اختیارات و دایرہ عمل بلدیہ حیدرآباد پیش پیش تھی اور بلدی امور کی انجام دہی مثلاً تعدید محاصل منظوری موازنہ حصول قرضہ حصول جائداد تقررات، جدید خدمات کا قیام تنقیح حسابات تکمیل کارہائے تعمیری نیز ترتیب قواعد کی حد تک بلدیہ حیدرآباد کو بہت ہی مکمل قسم کی آزادی عمل حاصل تھی۔

لیکن غالباً اس لیے کہ قانون بلدیہ کا مسودہ بہت پہلے مرتب ہوا تھا اور نقش اول تھا اس میں بعض بنیادی اسقام رہ گئے اور کئی ایک تفصیلات نظرانداز ہوگئی تھیں جن سے خود قانون پر عمل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہو رہا تھا گذشتہ ۱۰ سال کے دوران میں یہ اسقام روزبروز عیاں ہوتے رہے چنانچہ کمیٹی اصلاحات نے جس کے صدرنشین اور نیز دو ارکان اور معتمد بلدیہ کے رکن تھے ۱۳۴۸ف میں متفقہ طور پر یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ جب تک بلدی عاملہ مضبوط نہ ہوگا اور اس کے لئے دوررس پالیسیوں کو بروئے عمل لانے کی پوری سہولتیں حاصل نہ رہے گی ایسے ادارے کامیاب نہ ہوسکیں گے۔ چنانچہ قانون بلدیہ کے ان اسقام کے ارتفاع کے لئے سرکار عالی نے ناظم بلدیہ کو اسپیشل ڈیوٹی پر متعین کرکے اپنے تجربات نیز

برطانوی ہند کی بلدیات کے قوانین کو سامنے رکھتے ہوئے کمیٹی اصلاحات کی سفارشات کے مطابق جدید قانون مرتب کرنے کے احکام اجرا فرمائے۔ چنانچہ جدید قانون کا مسودہ تیار ہو چکا ہے اور اب زیر تنقیح ہے۔

اب یہاں اس کا اظہار ضروری ہے کہ پایۂ تخت سے باہر ملک سرکار عالی میں بلدی تنظیم و نسق کا کیا ارتقاع ہوا۔ نواب سالار جنگ بہادر نے بلدے کے ساتھ اہم قصبات ملک سرکار عالی میں بھی مجالس صفائی قائم فرما دی تھی اور حکام مال ان کی صدارت کرتے تھے۔ ۱۲۹۷ف میں محصول مالگزاری کے ساتھ ساتھ لوکل فنڈ کی وصولی کا تصفیہ حضرت غفران مکان نے باجلاس کونسل آف اسٹیٹ فرمایا۔ ساتھ ساتھ مجالس تعلقہ مجالس ضلع اور صدر مجلس لوکل فنڈ کا قیام عمل میں آیا۔ اس صدر مجلس کو بعد میں برخاست کر دیا گیا۔ اس امر کے منجملہ جو مالگزاری کے ہر روپیہ کے ساتھ ساتھ لیا جاتا تھا اولاً ۳ پائی کو توالی کے لیے ۲ پائی تعلیم کے لیے ۲ پائی سڑکوں کی تعمیر کے لئے اور ۳ پائی رفاہ عام کے لئے مختص ہوئیں اور اب ۲ پائی رفاہ عام کے لیے تین پائی تعلیم کے لئے اور ۲ پائی صحت عامہ اور طبابت کے لئے مختص ہوتی ہیں۔

مجالس تعلقہ اور مجالس اضلاع کے سوا مجالس صفائی کا ۱۳۱۷ف سے اہم قصبات ملک سرکار عالی میں قیام ہونے لگا۔ ۱۳۴۴ف میں مجالس صفائی اور مجالس اضلاع کے موازنے اور ذرائع آمدنی کو الگ کیا گیا اور ان کے دایرۂ عمل کا بھی تعین ہوا۔ چھوٹے قصبات کے لئے مجالس قصبہ قائم ہوتی ہیں کہ جہاں تحصیلات قائم نہیں اس کے ساتھ مجالس صفائی اور مجالس قصبات کو اپنی حدود میں مقامی محاصل مثلاً گھر پٹی روشنی پٹی۔ نل پٹی۔ سواری پٹی۔ بار برداری پٹی وصول کرنے سے متعلق قواعد مرتب اور نافذ ہوئے نیز ان کے اختیارات کی صراحت کی گئی۔ اسی زمانے میں سرکار عالی نے زرعی مارکٹوں کے بہتر انتظامات کے لئے بھی خود اختیار کمیٹیاں تشکیل دیں جن میں فروخندوں کے اور خریداروں کے نمایندوں کے سوا مقامی مجالس اور سرکار عالی کے نمایندے شریک رہکر مارکٹوں میں خرید و فروخت اوزان و پیمانہ جات

نیز بار کٹوں کے انتظامات صفائی و روشنی اور گوداموں کی تعمیر پر توجہ کی جاتی ہے باور کیا جاتا ہے کہ ان زرعی کمیٹیوں کی حد تک بھی حیدرآباد کو ہندوستان بھر میں کافی اولیت حاصل ہے ان سے قطع نظر خود قصبات اضلاع سرکار عالی میں آبرسانی۔ کندیدگی باولیات۔ آرائش شہر کی حد تک سرکار عالی کی امداد و اعانت میں مثالی کام ہوسکا۔ رفتار زمانہ نے ہندوستان میں یہہ رجحانات پیدا کر دیئے کہ حکومت ملک ملکی باشندوں کے ہاتھ منتقل ہو سواراج کی صدائیں چو طرف بلند ہونے لگیں تو حکام انگریز کو بھی ان رجحانات کا ساتھ دینا پڑا اور چنانچہ منٹو مارلے اور مانٹفرڈ اصلاحات کے بعد صوبہ داری خود مختاری کے قدم اٹھائے گئے ۔

مانٹفرڈ اصلاحات سے متعلق عام تبصرہ یہہ رہا ہے کہ اس نے صوبجاتی حکومتوں میں دوعملی کو رواج دیا۔ اور یہہ تاثرات بھی قلمبند ہوتے رہے ہیں کہ اصلی ذمہ داری محفوظ صیغہ جات کے ساتھ وابستہ رہی اور منتقلہ صیغہ جات ہمیشہ دست نگر اور تشنہ رہے کبھی کبھی تصادم بھی ہوا وغیرہ وہ بلدی قوانین جو برطانوی ہند میں اس زمانے میں نافذ ہوئے ہیں ان کا اگر تجزیہ کیا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ خود مقامی حکومت کی حد تک بھی دوعملی بلکہ سہ عملی رائج کی گئی ۔ ۱۹ ویں صدی کے آخری عشرے میں جو بلدی قوانین کلکتہ، مدراس، بمبئی کے حدود میں نافذ تھے ان میں بلدی ادارات ایک میر مجلس اور ایک مجلس پر مشتمل رہتے تھے۔ میر مجلس سرکاری عہدہ دار ہوتا اور سرکار سے مقرر ہوتا تھا مجلس کی صدارت کرتے ہوے وہ نہ صرف مباحث کی رہنمائی کرتا بلکہ جملہ اختیارات عاملانہ بھی اسے ہی حاصل ہوتے تھے۔ کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستان کے ان تین بڑے شہروں کی بلدی ترقی اسی زمانے کا ماحصل اور ثمرہ ہے اور وہاں ان ہی میران مجلس کے وجود سے بلدی نظم ونسق برتری اور استواری حاصل کرسکا۔ برطانوی ارباب سیاست کے پاس سواراج یا اختیارات حکومت ہندوستانی ہاتھوں میں منتقل کرنے کی تحریک کو مقامی مجالس کی حد تک اس طرح قبول عطا ہوا کہ تین جدا جدا اور مساوی الاقتدار کارفرما ادارے تجویز کئے گئے۔ بلدیہ۔ قایمہ۔ ناظم بلدیہ۔ بلدیہ کی صدارت کو عوام کے

کن کے لئے مختص کر دیا گیا تو ناظم کا تقرر حکومت نے اپنے سے متعلق رکھا کہیں کہیں بلدیہ کا صدر اختیارات عاملانہ بھی رکھتا تھا تو کہیں وہ صرف بلدیہ کے مباحث کی قیادت اور صدارت کے فرائض انجام دیتا تھا۔ غیر سرکاری صدر بلدیہ بصورتیکہ وہ با اختیار ہوتا اپنی دوسری سیاسی یا کاروباری مصروفیات کی وجہہ پورا وقت بلدیہ کو دینے سے قاصر رہتا تھا اس کے سوا اسے وہ تجربہ بھی نہ ہوتا جو کئی سال کی کارآموزی اور ذمہ دارانہ کارفرمائی سے کسی سرکاری عہدہ دار میں موجود ہوتا ہے نیز چونکہ وہ غیر سرکاری ارکین کی اکثریت کا اپنے انتخاب کے لیے ممنون رہتا لہذا اس اکثریت کو راضی رکھنے کے لیے اسے کچھ نہ کچھ تجاوز کرنا پڑتا تھا اور اگر سوء اتفاق سے صدر یہ طے کرلیتا کہ چند روزہ اقتدار سے استفادہ مناسب ہے تو پھر اس نے بددیانتی اور استحصال سے بھی بہرہ کار رکھا ہے اور ایسی صورت میں کہ صرف ناظم بلدیہ سے عاملانہ اقتدار متعلق رکھا گیا مجلس بلدیہ اور ناظم بلدیہ میں اقتدار کے استعمال کرنے اور اس کی تحدید کرتے رہنے کا لامتناہی اور ناخوشگوار سلسلہ جاری رہا تصادم کا زور رہا اور بلدیات ایک طرح کا کھلونا یا دنگل ہوکر رہ گئیں۔ ایک آدھ مثال ہی ایسی ملتی ہے کہ جہاں شہری رائے عامہ کے تربیت یافتہ ہونے نے بلدی نظم و نسق کی خوبی اور ہم آہنگی کو باقی رکھا۔

دراصل برطانوی ہند کی سیاست کا یہ امتیازی نشان ہے کہ برطانوی عہدہ داروں کو الگ کرتے اور ہندوستانی ہاتھوں میں حکومتی مشنری کے منتقل کرنے کے لئے سرکاری اور غیر سرکاری فرق و اختلاف کو بڑی شدت دے دیگئی حتیٰ کہ کسی تحقیقاتی مجلس کا صدر اگر سرکاری عہدہ دار ہو تو اور اگر کوئی غیر سرکاری شخص صدر بنایا جائے تو رائے عامہ کا رجحان بھی بدلا ہوا رہتا تھا یہ امر وہاں کے بلدی نظم و نسق کو بھی متاثر کرسکا ورنہ بڑی مناسبت کے ساتھ کسی ہندوستانی صدر بلدیہ یا کارگزار شہری کو افسر عاملۂ بلدیہ سرکار سے ہی ہی تقرر کردیا جاسکتا تھا۔ بلدیہ میں ساتھ ساتھ عوام کے نمایندوں کی اکثریت کی شرکت بھی مناسب

ہوتی یہ ہندوستانی صدر کو اپنے تقرر کے لیے شہری نمایندوں کی رائے دہی کا دست نگر نہ رہتا لیکن شہری نمایندوں کے عدم اعتماد کے اظہار پر یا اور طرح سے فرایض کی انجام دہی میں اپنے قاصر رہنے کی صورت میں وہ علحدہ ہو جاتا نیز رقمی منظوریات یا تقررات کے لیے اسے اپنی مجلس یا اس کی ذیلی مجلس کی رائے اور مشورے پر عمل کرنے کی پابندی اسے مطلق العنان یا خود سر نہ ہونے دیتی یقیناً اسی طرح عمل ہوتا بلدی حکومت کی انجام دہی کو تصادم اور الجھنوں سے دور رکھتا۔

یہہ ایک حسن اتفاق اور خوش آیند ابتدا ہے کہ ہمارے ہاں کی مقامی حکومت کے لئے اسی اصول کو بطور اساس اختیار کر لیا گیا ہے۔ واقعہ یہہ ہے کہ ملک کے مختلف مفادات اور حکومت کے مابین زیادہ سے زیادہ موثر اشتراک کے ذرایع فراہم کرنا بطور ایک اصول موضوعہ کے ہمارے ہاں حضرت جلالت مآب کی بارگاہ سے مسلم ہو چکا ہے اور اس کی پیش رفت میں علاوہ مقننہ میں توسیع۔ ضلع کانفرنسوں کی ترویج کے مجالس اضلاع۔ مجلس بلدی۔ مجالس قصبات اور پنچایتوں کی نئے قالب میں تشکل ہو رہی ہے۔ لیکن اس منشا کی تکمیل کا طریقہ یہہ نہیں ہو سکتا تھا کہ نظم و نسق سے مفادات کو مربوط کرنے کی جگہ نظم و نسق ہی ان کے سپرد کر دیا جائے اور امور مملکت وغیرہ کی انجام دہی کی توقع ایسے نمایندوں سے یا ان کے موقتی اجتماعات سے کی جاتی کہ جن کو نہ تو اس کے لئے پورا وقت حاصل ہے اور نہ وہ اس کے لئے مطلوبہ فنی اور خصوصی تجربہ یا واقفیت رکھتے ہیں۔ بلدیات کی حد تک جہاں بھی ایسا تجربہ برطانوی ہند میں ہوا ہے۔ اس کے نتائج محض ناخوشگوار بلکہ افسوسناک رہے ترقی کی جگہ پس روی عمل میں آئی حتی کہ حکومتوں کو انسدادی تدابیر اختیار کرنی پڑیں کسی شہر کا انتظام جہاں لاکھوں افراد علحدہ علحدہ طبقات اور مفادات میں منقسم سکونت کرتے ہیں مجتمعاً شہریوں کے سپرد کیونکر کیا جا سکتا ہے کہ جب ایک موضع اور ایک گھرانے میں بھی کوئی نہ کوئی فرد اپنی صلاحیت بزرگی اور مرتبے کے لحاظ سے انتظامات کا بطور خاص ذمہ دار رہتا ہے

اگرچہ کہ سب اہل خانہ کی رائے لیجاتی ہے اور ان کے مشوروں پر عمل ہوتا ہے ہمارے ہاں کی
مقامی مجالس اضلاع کی صدارت اعلیٰ عہدہ دار مال کو بطور پالیسی سپرد کی جاتی رہی ہے اور
یہی امر آیندہ بھی قایم رکھا گیا ہے۔ مجالس کی صدارت مجلس کے اختیارات و فرایض کی عملی
طور پر انجام دہی کے سوا مجلس میں امور تصفیہ طلب پیش کرنے اور مجلس کے تصفیے کتاب روداد
میں قلمبند کرنے کی ذمہ داری اسی سے متعلق رکھی گئی ہے بہہ امر بہ آسانی قیاس کیا جاسکتا ہے
کہ کسی مستقر ضلع میں وہاں کے اعلیٰ عہدہ دار مال کو ایسی ذاتی حیثیت اور وجاہت حاصل
رہتی ہے کہ اس کی وجہہ رعایا میں بھی وہ خاص اثر کا حامل رہتا ہے اور اس لیے مجلس بلدیہ
یا مجلس ضلع کی صدارت کرتے ہوئے اسے ارکین کے سامنے امور تصفیہ طلب اور تحریکات
کو پیش کرتے ہوے توضیح و تفہیم نیز ایوان کا رجحان معلوم کرنے میں بڑی سہولت رہتی ہے
ایک ایسی مجلس میں جہاں کا صدر کوئی اور ہو اور معتمد کوئی اور۔ ایک غیر رکن خواہ وہ ناظم الملۃ
کے لقب سے موسوم کیوں نہ ہو اور قانوناً شریک اقتدار کیوں نہ رہے اپنی طرف ایوان
کی توجہات مبذول کرنے اور ہم قبول حاصل کرنے میں لقیناً دقت اور دشواری کا سامنا
کرتا ہے۔ ہماری جدید مقامی مجالس کے حسابات کی تنقیح حکومت نے اپنے سے متعلق رکھی ہے۔
مجالس کی تحلیل انفرادی ارکین کو الگ کر دینے قرار دادوں کو کالعدم کرنے مرافعوں کی سماعت
کرنیکے اختیارات بھی محفوظ رکھے گئے ہیں۔ تقررات کی حد تک جہاں بضمن منظوری مواز نہ نیز
اور اوقات میں ان کو بلدی عملے پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہے وہاں ان کو اعلیٰ افسر عملہ
کے خلاف سفارش کسی ماتحت کے لئے نہ تو کسی قسم کی مزمت کا موقع ہے اور نہ وہ جدید
خدمات کے قیام یا تقررات سے متعلق تصفیے کے جھیلوں میں شریک ہیں آمدنی کا ۱۲ فی صدی
حصہ سرکار میں جمع ہو کر تعمیرات صفائی۔ حفظ صحت اور محاسبی کے صیغہ جات کے ذمہ دار کارکنو
کی مملکتی مقامی سرویس قائم ہے اس سروس میں تقرر تبدل تعیناتی کو سرکار نے اپنے اختیار میں
رکھا ہے البتہ میر مجلس کی رائے پر اس کا تبادلہ اور اس کے خلاف انتظامی کارروائی بھی ہو سکتی ہے

یہہ سب اس کا ضامن ہے کہ بلدی عہدہ دار و ملازمین اپنی توقعات و ترقیات کے لیے ارکین بلدیہ کے دست نگر ہو کر اپنی کارکردگی اپنی دیانت کو متاثر نہ کر دیں نیز بلدی نظم و نسق بہتر با ہم آہنگی کے ساتھ پورا ہو۔ یہہ امر کہ ہمارے بلدی قوانین کا یہہ مرحلہ ارتقاء ایک برطانوی عہدہ دار کا مجوزہ ہے کہ جسے برطانوی ہند کا کافی وسیع تجربہ حاصل تھا ایک اشارہ ہے کہ ہمارے ہاں خدا ماصفا پر عمل ہوا ہے۔ اس مضمون کو مسٹر گرگسن صدارالمہام مال و حکومت مقامی کے چند فقرات پر ختم کیا جاتا ہے۔ موصوف نے اصلاح ملک سرکارعالی کی جدید مجالس مقامی کے آئین بحیثیت اسپشل افسر مرتب کئے تھے۔ اس لیے ان کے یہہ فقرات خاص معنی اور اہمیت کے حامل ہیں :۔

"تاریخ حیدرآباد میں گزشتہ پندرہ سال تعمیر و تخلیق کے رہے ہیں اور حکومت مقامی کے ادارات سے بڑھ کر اس کا مظاہرہ دیگر شعبہ ہائے حیات میں کم ہوتا ہے۔ مجالس ضلع، میونسپل اور ٹاون کمیٹیاں اگرچہ اب بھی سرکاری میر مجلس اور سرکاری رہنمائی و امداد سے کام کرتی ہیں لیکن ان میں غیر سرکاری اکثریت ہونے لگی ہے۔ اصلاحات کے تحت قائم شدہ مجالس کو اکثر کثیر رقم بجٹ میں ملی ہے۔ اس سے چاہیں تو سابق کے برخلاف اب اقتدار اور موقع ہے کہ شہروں، قصبوں اور دیہات میں ترقیات کا کثیر کام انجام دیا جاوے۔

چونکہ خوش قسمتی سے حیدرآباد میں حکومت مقامی کے کام کے سلسلے میں حکومت اور بلدیات میں کوئی افتراق نہیں ہے (جو برطانوی ہند میں ہے اور غالباً وہاں کے بہت سے ادارات حکومت مقامی کی ناکامی کا باعث بنا ہے) اس لیے سرکاری صدرنشین اور سرکاری نامزدہ ارکان اب حیدرآباد کے جدید ادارات مقامی میں اس کی حوصلہ افزائی کر سکیں گے کہ ایسی منصوبہ بندی میں پہل دکھائیں۔ اب یہہ ان کا کام ہے (خاص کر ٹاون پلاننگ دفتر کا جو ملک کے جدید نظام حکومت مقامی کا جزء ہے) کہ غیر سرکاری اکثریت کو دیہات شہروں اور ضلعوں کی منصوبہ بندی کی قدر و قیمت سے واقف کرائیں۔ ایک چیز یقینی ہے۔ ایسی منصوبہ بندی

کامیاب ہو تو اس کی طلب بڑھے گی اور ممالک محروسہ میں جہاں کہیں گندہ حصّوں کی صفائی اور دیگر ترقیات سے لوگوں کی خوشحالی میں اضافہ ہوا ہے تو اس منصوبہ بندی کے فوائد کو تسلیم کرنے میں لوگوں نے کبھی سستی نہیں دکھائی ہے۔"

ہندوستان سے آئے ہوئے کسی متعلم نظم و نسق کو ملک سرکار عالی کے چند امور فوراً اپنی طرف متوجہ کر لیتے ہیں مثلاً یہہ کہ یہاں ذریعہ تعلیم اردو زبان مقرر ہے نیز کاروبار سرکاری بھی اردو زبان میں طے ہوتا ہے۔ یا یہہ کہ یہاں عدلیہ اور عاملہ الگ الگ حکام کے سپرد ہے یا یہہ کہ یہاں سررشتہ ریلوے کو ہی سڑکوں پر بھی حمل و نقل اور مسافروں کو لانے لیجانے کا انتظام سپرد ہے۔ یہہ کہنا مبالغہ نہیں ہے کہ ہمارے ہاں کے مقامی حکومت کا طریق بھی اس قسم کی اہمیت کا حامل ہوتا جارہا ہے اور وہ دن دور نہیں کہ جب اسے بھی بطور مثال ہندوستان میں نمایاں کیا جانے لگے۔

ہندو قانون کی ماہیت

شیخ حمید بی۔اے۔ ال ال ایم (عثمانیہ) معتمد مقامی کل ہند کانفرنس قانون

ہندو قانون کی ماہیت کے متعلق تین تصورات پائے جاتے ہیں :۔

(۱) ہندو قانون مذہبی اور مقدس قانون ہے۔ جو خدا کی جانب سے انسانوں کی رہبری کے لیے نازل کیا گیا ہے۔

۲۔ ہندو قانون اقتدار اعلیٰ کا حکم ہے۔

۳۔ ہندو قانون ایک ارتقاء ہے۔

کیا ہندو قانون مذہبی اور مقدس قانون ہے ؟

ہندو مقننین کا یہ خیال ہے کہ ہندو قانون اپنی ماہیت میں، مذہبی اور مقدس قانون ہے جس کو برہما نے مقدس رشیوں پر نازل کیا۔ اس مکتب خیال کے علمبردار اپنی تائید میں برہمناس اور منو سمرتی سے حسب ذیل اقتباسات پیش کرتے ہیں :۔

برہما نے چار جاتیوں کو پیدا کر کے اپنا کام ختم نہیں کیا بلکہ اس (برہما) نے حکمران جماعت کی ہدایت و رہبری کے لیے ایک مجموعہ قانون مدون کیا

" قانون حکمرانوں کا حکمران ہے۔ قانون حکمران سے زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ قانون سے بڑھ کر کوئی صاحب اقتدار نہیں "۔

برہما نے قوانین کو مدون کیا ابتداءً مجھے (یعنی منوجی کو) یہہ قوانین سکھائے گئے۔ میں (منوجی) نے (MARICA) اور دیگر ۹ رشیوں کو یہہ مقدس قانون سکھایا۔"

کیا ہندو قانون اقتدار اعلیٰ کا حکم ہے؟

آسٹن کے "نظریہ تحکمی" کا اعلان ہندو قانون پر نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ ہندو حکمران کو قانون سازی کا حق حاصل نہیں تھا۔ برہما قانون ساز ہے۔ راجہ کا فریضہ عدل گستری اور قیام امن مجرمین کو سزا دینا اور دشمنوں کے خلاف جنگ کرنا ہے۔ (تفصیلات کے لیے دیکھئے منوسمرتی باب۔ راجہ کے فرائض)۔ اسی وجہ سے حکمران کو "چھتری" اور "راجن" کے ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ ان اصطلاحات سے راجہ کے فرائض کی توضیح ہوتی ہے۔

ہندو قانون میں (King can do no wrong) کا تصور نہیں پایا جاتا۔ معمولی رعایا اور مطلق العنان حکمراں سب ان مقدس قوانین کے تابع فرمان ہوتے ہیں۔ راجہ بھی اپنی غلطیوں کی بنا پر اسی طرح سزا کا مستوجب ہوتا ہے، جس طرح کہ معمولی رعایا۔

ہندو قانون اپنی ماہیت میں کبھی اقتدار اعلیٰ کا حکم نہیں رہا ہے چنانچہ سرہنری مین کے الفاظ ہیں:

"ہندو قانون کبھی اقتدار اعلیٰ کا حکم نہیں سمجھا گیا۔ چنانچہ رنجیت سنگھ جیسے مطلق العنان حکمراں تک جو ذراسی خلاف ورزی پر سر قلم کرنے سے دریغ نہ کرتا تھا کبھی آسٹن کے مفہوم میں احکام جاری یا قوانین نافذ نہیں کئے۔"

البتہ برطانوی دور حکومت میں ہندو قانون کی ماہیت میں فرق پیدا ہوا۔ گرو داس بنرجی کے الفاظ میں "تحکمی نظریہ کا اطلاق ہندو قانون پر برطانوی حکومت کے قیام کے بعد سے ہونے لگا ہے۔ چنانچہ ہندو قانون صرف خاص خاص صورتوں میں شہنشاہ ہند کے خصوصی احکام کی بناء پر ہندوؤں سے متعلق کیا جاتا ہے اور دیگر تمام معاملات میں مقننہ کے مدونہ قوانین نافذ اور رائج ہیں۔ ناردہ سمرتی اور کوٹلیا کی" ارتھ شاستر" میں راجہ کے احکام و فرامین کو قابل پابندی قرار دیا گیا ہے

اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مقننین " نظریہ تحکمی " کے قائل تھے لیکن جیسوال نے یہہ توضیح کی ہے کہ نارد ہ اور کوٹلیا کی پیش کردہ رائے دراصل اُس زمانہ کے حالات کی آئینہ دار ہے جس میں کہ وہ رہتے اور بستے تھے۔ شاہی اختیارات میں گوناگوں اضافہ ہوچکا تھا۔ اور عملاً شاہی فرامین کو فوقیت حاصل ہوگئی تھی چونکہ ان فقہا نے صرف اپنے زمانہ کے حالات کو پیش کیا ہے، لہٰذا نارد ہ اور کوٹلیا کے تصورات کی روشنی میں ہندو قانون کی ماہیت کے متعلق کوئی قطعی رائے قائم نہیں کی جاسکتی۔

واقعہ یہہ ہے کہ ہندو قانون کے دو مکاتب پائے جاتے ہیں :۔

۱ - مکتب دھرم

۲ - مکتب ارتھ

دھرم اسکول کے متبعین قوانین کو مقدس اور ناقابل تبدیل بیان کرتے ہیں۔ اس خصوص میں منو، یاگنولک، گوتم اور بودھائن کا نام لیا جاتا ہے۔

کوٹلیا، بھردواجا، اسوناس (USUNAS) وغیرہ ارتھ اسکول کے علمبردار ہیں یہہ شاہی احکام کو فوقیت دیتے ہیں۔ مترجم کا خیال ہے کہ ان کے پیش نظر معاشری نظم و افادیت تھے۔

ہندو قانون کی تہدید (sanction) کا مطالعہ کریں تو ہندو قانون کی ماہیت کی پوری توضیح ہوتی ہے۔

ہندو قانون کی تہدید

بنتھم، آسٹن اور ہالینڈ کا خیال ہے کہ "قانون کی تہدید، اقتدار اعلیٰ کی قوت جبر اور خوف سزا" ہے۔ ہندو قانون پر اس تصور کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔ مقدس رشیوں نے "اپوروا" (APURVA) کا تصور پیش کیا ہے۔ کولبروک نے اس کی توضیح ان الفاظ میں کی ہے:۔

یہہ ایک ایسی قوت ہے جس کا اثر غیر ظاہر طور پر فعل کی نوعیت کے لحاظ سے اس دنیا یا دوسرے جنم میں جزاء یا سزا کی صورت میں ظاہر ہوگا

کسی فعل کے ختم ہونے کے بعد اس کا اثر باقی رہتا ہے۔ اور اس فعل کی حیثیت کے بموجب (اس جنم میں یا دوسرے جنم میں) جزا یا سزا ملے گی۔"
اسی کو" اپورداکا نظریۂ تہدید" کہا جاتا ہے۔

نظریہ تہدید کے مطالعہ سے اس کا پتہ چلتا ہے کہ ہندو قانون اپنی ماہیت میں اقتدار اعلیٰ کا حکم نہیں ہے بلکہ مذہبی اور مقدس قانون ہے۔ چنانچہ قانون کی تہدید کے سلسلہ میں بھی عذاب اور ثواب کے تصور کو پیش کیا گیا ہے۔ یہہ صورت حال صرف ہندو قانون ہی میں نہیں پائی جاتی بلکہ تمام مذہبی نظام ہائے قوانین میں اس کا پتہ چلتا ہے۔

ہندو قانون ایک ارتقاء ہے

ہندو قانون کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو اس ادعا کی تائید ہوتی ہے کہ ہندو قانون ایک ارتقاء ہے جو زمانہ کے ترقی پذیر حالات کے بموجب بدلتا اور ترقی کرتا رہا ہے۔ اس کی ترقی مقدس رشیوں کی مرہون منت ہے۔

مقدس ویدوں کے متعلق یہہ عقیدہ ہے کہ وہ سب سے قدیم اور اہم ترین مجموعہ ہائے قانون ہیں جو سمرتی ویدوں کے احکام کے خلاف ہو وہ قابل پابندی نہیں۔ لیکن اگر ہم اس امر کا مطالعہ کریں کہ مقدس ویدوں میں کیا قانون پایا جاتا ہے تو نتیجہ کچھ امید افزا نہیں معلوم ہوتا چنانچہ گلاب چند رسرکار ساستری کا خیال ہے کہ (ویدوں میں معنوں کا کوئی قانون نہیں ہے) اس کے برعکس سمرتیاں اہم ترین مجموعہ ہائے قانون ہیں۔ اس خصوص میں جیسوال کی" منو اور یاگنولک" کا مطالعہ مفید ہوگا جس میں مختلف قانونی ادارات کا متقابلہ مطالعہ کیا گیا ہے اور اس امر کو واضح کیا گیا ہے کہ کس طرح مختلف قانونی ادارات رفتہ رفتہ ترقی کرتے رہے ہیں اور ضروریات زمانہ کے بموجب قانون مدون کیا جاتا رہا ہے۔

نظام قانون اس ارتقاء میں" شسٹاچارا اور تعبیر قانون" کو بہت اہمیت حاصل ہے چنانچہ استری دھن کا مطالعہ ہمارے اغراض کے لیے کافی ہے۔ رگ وید کے ایک قصہ میں یہہ درج ہے کہ "ماں کی وفات کے بعد متوفی کے زیورات بیٹی پاتی ہے"۔ کہا جاتا ہے کہ یہی حکم دراصل

نظام استری دھن کا ایک بنیادی قانون ہے۔

سمرتیوں میں سب سے اہم منو سمرتی ہے اس کی اہمیت کے متعلق یہہ کہا جاتا ہے کہ "منو سمرتی ویدوں کے صحیح احکام پر مبنی ہے جو حکم منو سمرتی کے خلاف ہو وہ قابل عمل نہیں"۔ منو سمرتی میں استری دھن جائداد کی ۶ قسمیں گنائی گئی ہیں۔ یاگنولک سمرتی میں بھی منو سمرتی کی بیان کردہ اقسام کو گنا دیا گیا ہے اور ایک اصطلاح (Adyen) یعنی "وغیرہ" زاید بھی رکھ دی ہے اس طرح رفتہ رفتہ استری دھن جائداد کے اقسام میں اضافہ عمل میں آتا رہا۔ یاگنولک سمرتی کے شارح وگیانیشور نے اپنی مسلم الثبوت شرح "متاکشرا" میں اصطلاح استری دھن کی حسب ذیل توضیح کی ہے:۔

استری دھن کی جو شش گانہ نوعیت منوجی نے بیان کی ہے وہ اس بات سے تو روکتی ہے کہ اس کم تعداد لی جائے لیکن اس بات کو خارج نہیں کرتی کہ اس سے زیادہ تعداد لی جائے۔ اس تعبیر و توضیح کا نتیجہ یہہ ہے کہ ہر وہ جائداد جو عورت کے قبض و تصرف میں ہو استری دھن شمار کی جا سکتی ہے اس ایک مثال سے اس کا اندازہ ہوتا ہے کہ ہندو قانون کی ارتقائی ترقی میں مقدس رشیوں کی تعبیر و توضیح کو کس قدر نمایاں اہمیت حاصل رہی ہے۔

ہندو قانون کی ارتقائی ترقی کے سلسلہ میں قدیم رواجات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ سر ہنری سمنر مین کا خیال ہے کہ "رواجات قانون کو معاشرہ کے تبدیل پذیر حالات کے مطابق بناتے ہیں"۔ "ہندو قانون" کی بھی یہی صورت حال ہے۔ ہندو معاشرہ میں رفتار زمانہ کے بموجب جوں جوں تبدیلی ہوتی گئی رواج اور قدیم عمل درآمد قانون اور معاشرہ میں یکسانیت اور مطابقت پیدا کرتے رہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے قدیم احکام بے عمل ہو گئے اور انکی جگہ جدید رواجات مسلم ہو گئے۔

قدیم رواجات کے قابل پابندی ہونے کے متعلق بھی ایک دلچسپ دلیل گرودھا مرجی نے پیش کی ہے:۔

تمام قدیم رواجات یقیناً وید کے ایسے احکام پر مبنی ہیں جو امتداد زمانہ کی بناء پر

گم یا تلف ہوگئے یا انسانی حافظہ کی کمزوری کی بنا پر یاد سے باہر ہوگئے ہیں"۔

غرض ہندو قانون میں رواج کو بہت اہمیت حاصل ہے چنانچہ منوسمرتی میں بھی یہہ نص پایا جاتا ہے کہ قدیم رواج سب سے بہتر قانون ہے۔ مختصراً یہہ کہا جاسکتا ہے کہ رواج کو ہندو قانون کی ارتقائی ترقی سے بہت قریبی تعلق رہا ہے اور یہہ سلسلہ برابر جاری ہے اور نظام قانون میں مسلسل اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اس خصوص میں پنجاب کے رواجات کو کسی طرح بھلایا نہیں جاسکتا جن کی بنا پر ہندو قانون میں بعض دلچسپ ابواب کا اضافہ ہوا ہے۔

قانون کی بھی ایک عمر ہوتی ہے۔ قوانین بھی امتداد زمانہ کے بموجب فرسودہ اور بے عمل ہو جاتے ہیں۔ ہندو قانون میں "شسٹا چارا" کے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً مناسب تبدیلی کی جاتی رہی اور ہندو نظام قانون بہت زیادہ لچکدار بنیادوں پر قائم رہا۔ لیکن موجودہ نظام عدل گستری میں رواجات کے جواز پر بہت سی پابندیاں عائد کی گئی ہیں جو نظام قانون کی ارتقائی ترقی میں سدراہ ثابت ہو رہی ہیں۔

پراسرا سمرتی کے حسب ذیل نص سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ ہندو قانون ایک ارتقا ہے:۔

"منوسمرتی میں ستیا یوگ سے متعلق قانون پایا جاتا ہے۔ گوتم ترتیا یوگ میں مسلم ہے۔ دواپر یوگ کا قانون سنکھا اور لکھتا میں درج ہے۔ پراسرا سمرتی میں کلی یوگ سے متعلق قانون بیان کیا گیا ہے"۔

پراسرا کے مندرجہ بالا متن کی توضیح ایک شارح نے یہہ کی ہے کہ منوسمرتی میں اس قدر مکمل قانون درج نہیں جو کلی یوگ کی ضروریات کے لیے کافی ہوسکے نتیجۃً ہر دور کی ضروریات کے لحاظ سے جدا جدا مجموعہ ہائے قوانین مدون کئے گئے ہیں۔

مختصراً یہہ کہا جاسکتا ہے کہ ہندو قانون ایک ارتقا ہے۔ اس کی تدوین مختلف ادوار میں مختلف رشیوں کی جانب سے ہوتی رہی ہے، جو نظام قانون کی تعبیر و توضیح کے سلسلہ میں ترقی پسند اصولوں اور معاشری افادیت کے تصورات کو ملحوظ رکھتے تھے۔ ہندو قانون

کی ترقی کا یہہ سلسلہ برطانوی حکومت کے قیام تک برابر جاری رہا۔ اب نظام قانون غیر تبدیل پذیر اور استوار ہو گیا ہے۔ قانون کی تعبیر و توضیح کے سلسلہ میں سب سے پہلا معیار جو آجکل عموماً پیش کیا جاتا ہے وہ معاشری افادیت سے کہیں زیادہ مذہبی عقاید پر مبنی نظر آتا ہے۔

رسم ورواج اور قانون

(از مولوی محمود عبدالقدیر۔ سشن جج علاقہ سالارجنگ)

یہ عنوان دو اجزا رواج اور قانون پر مشتمل ہے۔ چونکہ قانون کی تدوین میں رسم و رواج کو مسلمہ طور پر اولیت حاصل ہے؛ اس لیے رسم و رواج کا تاریخی تجزیہ مختصراً مناسب معلوم ہوتا ہے۔

فہم عام میں رسم و رواج کسی معاشرے یا سوسائٹی کے اس طریقہ کار کو کہا جاتا ہے جس سے انفرادیت کا رشتہ حیات اجتماعیت سے منسلک کیا جائے۔ رسم و رواج اپنے اندر علٰحدہ علٰحدہ بالتخصیص ادراکی مضمرات رکھتے ہیں۔ گو عرفیت عام میں بالتعمیم رسم و رواج کو معاشرے یا سوسائٹی کا طرز تمدن سمجھا جاتا ہے۔ رسم و رواج کے تمدنی تفہمات کے لیے اُن ممالک کی اجتماعیت پر تفکر و تفحص کی ضرورت ہے، جو فی زمانہ منظر عام پر موجود ہیں۔ اس لیے دنیائے مدنیت میں ہم کو بآسانی تمدن ہند اور تمدن عرب سے امداد مل سکتی ہے جن میں رسم و رواج کے انقیادات کا مطمح نظر مختلف بھی ہے۔

رسم و رواج کو اصطلاح شاستری میں "ست آچار" یا "سدا آچار" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ "سدا اچار" لفظی معنوں میں "ہمیشہ عمل" یا "عمل ہمیشگی" اور "ست آچار" "نیک عمل" کو کہتے ہیں۔ اس لیے رسم و رواج کو مترادف الفاظ میں "سدا آچار" ہی بجا طور پر کہا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ منو یاگنہ ولک نے تشریح کی ہے۔ "سدا آچار" منفرد معنی ہے۔ رسم و رواج مختلف الاسم ہیں۔

جس کے لئے رسم کے ساتھ رواج کا ربط "اور" کے عطف سے کیا گیا ہے۔ اور فی زمانہ مروجہ کتب ہائے شاستری میں رسم و رواج کا لفظ ہی استعمال کیا گیا ہے جو محتاج تحقیق و تجسس ہے۔

رسم و رواج کا اثر جماعت یا سوسائٹی پر محیط ہوتا ہے۔ اور سوسائٹی یا جماعت انفرادیت کا اجتماع ہے جو ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں۔

رسم وہ طریقہ ہے جو مدنیت میں رائج رہے۔ چنانچہ رسم و رواج کی تاریخ کو ابتدائے مدنیت کے بعد موجودہ طریقہ تمدن سے تمیز کیا جائے تو آج بھی ایسے ان گنت رسم و رواج صفحات تاریخ پر محفوظ ہیں جن کو ارتقائے تمدن کی ہر منزل پر ناقابل عمل قرار دیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی ہم رسم و رواج کی پابندی کے لیے اس کی قدامت اور تسلسل کے ساتھ ساتھ پسندیدگی کی شرط لازم پاتے ہیں۔ اسی طرح رسم و رواج، ہر سوسائٹی یا جماعت کے ذہنی شعور کی اس پیداوار کو کہا جائے گا جس پر عمل رہا ہو۔ رسم و رواج کے لیے عمل کا ہونا لابدی ہے۔ اور عمل انفرادی تخیل یا اقدام سے جاری نہیں ہو سکتا۔ تاوقتیکہ اس سوسائٹی یا جماعت میں قبولیت عامہ حاصل نہ کرے جس کے ماحول میں اس کا دخل مقصود ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامیات میں بھی بدرجہ آخر بہ ضمن تبویب فقہ اجماع امت سے ایسے رسم و رواج کو متعلق کیا جا سکتا ہے جو کتاب اللہ اور سنۃ الرسول کے منافی نہ ہوں۔ چنانچہ ابن نجیم نے شرع شریف کا احصاء (۹۹) بنیادی اصولوں میں کیا ہے۔ جن میں سے ایک رواج بھی ماخذ قانون قرار دیا گیا ہے یعنی استعمال الناس حجۃ یجب العمل بہا۔ رسم و رواج کی یہہ تحدید شاستر میں بھی پائی جاتی ہے۔ جہاں دگنانیشور اور کلوک بھٹ رسم و رواج کے لیے یہہ شرط لازماً عائد کرتے ہیں کہ وید اور سمرتی کے خلاف نہ ہو۔ مگر مقول رسم و رواج کے لئے مشہور ویدانتی نارو جی نے رواج کو مذہبی قوانین پر تفوق دیا ہے۔ جس کی تائید برہسپتی نے بھی کی ہے۔ لیکن علمائے میمان جنھیں میمانسک بھی کہتے ہیں وہ رسم رواج کو مذہب کے ہمہ گیر مسائل کے مقابلہ میں کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

رسم و رواج کا نشوو ابتدا آج دنیا میں اس وقت سے پایا جاتا ہے جبکہ انفرادیت نے آدمی

کے لیے انسانیت کا احساس پیدا کیا اور یہی احساسِ انسانیت مدنیت کی بنیاد ہے اور ارتباط باہمی وانس جنسی ورشتہ تعلقات اسی شجرۂ مدنیت کے شاخیں ہیں جس کی ابتدا اس حرکت سے ہوئی جس کو خانہ بدوشی وصحرا نوردی کہا جاتا ہے جس نے رفتہ رفتہ ودرجہ بدرجہ ملکیت کے تصورات کے ساتھ ربع مسکون کے داغ بیل کا خط کھینچا۔ جس میں افراد کا وجود سوسائٹی پر منتج ہوا جس کے باہمی میل جول رفتار گفتار میں نظم وضبط کے لئے رسم پیدا ہوا اور عمل سے رواج پایا۔ اور یہی رسم و رواج کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قانون کو عملاً سماج کے رسم و رواج کا ساتھ دینا پڑتا ہے جس کا تصور اس لیے اضافی ہے کہ نفس قانون سوسائٹی کا منتہی نصب العین قرار دیا گیا ہے۔ جو صرف سماج کی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ قانون کو ادراک مشاہدات سے تعبیر کیا گیا ہے۔ جس کی توضیح کے لئے واقعات اور سوسائٹی کے جغرافی اثر کا خمیر لازمی ہے۔

مشہور مقننین نے نفس قانون کی مختلف تعریفات کی ہیں۔ کوئی اس کو خالص عقل کی پیداوار بتاتا ہے۔ کسی کے نزدیک قانون، قانون قدرت ہی کا نام ہے۔ کہیں قانون کو اقتدار اعلیٰ کی مرضی یا اس کے مظہر ہونے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور بعض تو قانون کو حالات کی مجرد پیداوار سمجھ کر حصول مقصد کا ایک ذریعہ بیان کرتے ہیں۔ مگر بعض مرتبہ اس سے مزیل مقصد کے نتائج بھی مشاہدہ ہوتے ہیں۔ فی زمانہ یہہ سوال کہ "قانون کیا ہے"۔ بڑی پیچیدہ صورتِ حال کا منظر پیش کرتا ہے۔ اس کے لیے دو ذہنیتیں کار فرما ہیں۔ ایک مادی۔ دوسری تصوراتی بظاہر بین اہل منقول کے نزدیک یہہ دونوں باہم مختلف ہیں لیکن قانون داں معقولیین اس کو ایک ہی تصویر کے دو رخ سمجھتے ہیں جو عمل اور ردعمل پر مشتمل ہے۔

تصوری ذہنیت پر اضافیت کا روغن وغازہ پایا جاتا ہے۔ جو قانون قدرت سے الگ ہے۔ جس میں امتیاز اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ طریقہ ہائے مطالعۂ قانون سے واقفیت نہ ہو۔ مطالعۂ قانون کے جو مختلف طریقے متعین ہوئے ہیں اُن میں تاریخی اور تقابلی طریقو

کو بڑی اہمیت ہے۔ جس میں قانون کے حقیقی مفہوم کو سمجھنے کے لیے تحلیلی طریقہ بھی لازمی ہے۔ قانون حاضرہ میں تبادلہ طریقہ قانون کا جدید ترین رجحان ہے جس سے مختلف نظام ہائے قوانین تک رسائی ہو سکتی ہے۔

یہہ امر بھی مسلمہ ہے کہ قانون ہر شعبہ زندگی پر حاوی نہیں ہے۔ اس کے لیے معاشرہ کے چند اہم شعبے چن لیے گئے۔ بعض افعال و اعمال کو منتخب کیا گیا جو براہ راست سوسائٹی پر اثر انداز ہو سکتے تھے۔ اگر ایک قانون پرست شخص اپنی روزمرہ حرکات کو بلا استثنا روزنامچہ کی شکل میں درج کرتا جائے اور پھر اُن پر غور کرے کہ اس کی ایک دن کی مصروفیات کے منجملہ کن کن افعال پر قانون سازی ہوئی ہے تو یہہ واضح ہو گا کہ اکثر اندراجات روزنامچہ سے قانون ساکت ہے۔ ظاہر ہے کہ ہر فعل اور ترک فعل پر اسی وقت مکمل قانون سازی ممکن تھی جب تنوع فطرت انسانی کا خاصہ نہ ہوتا یا سارے انسان مشین کے پُرزوں کے طرح زندگی گذارنے پر مجبور ہوتے۔ شادی، بیاہ، تبنیت اور وراثت، جیسے اہم امور میں آج بھی قانون سے زیادہ رسم و رواج کو اہمیت دی جاتی ہے اور قانون میں استثنائی دفعات کا اضافہ کم و بیش ہر ملک کے قوانین میں موجود ہے۔

کمسنی کے بیاہ اور مے نوشی کے مُضر صحت نتائج سے کونسا ذی شعور ضمیر بے چین نہیں ہے اس کی الم انگیزیاں الم نشرح ہونے کے باوجود قانون کا اثر و نفوذ بنتیجۂ شعور عامہ کی کم مائگی نے زائل کر دیا۔ اور یہہ اس امر کی بین دلیل ہے کہ معاشرہ اس تغیر کے ادراک محاسن سے محروم اور رسم دیرینہ کے رواج پر مُصر ہے جس میں اس وقت تک رد و بدل ممکن نہیں جب تک کہ سوسائٹی میں ارتقائے ذہنی کا انقلاب نہ ہو۔ قانون کی بنیاد رسم و رواج کی اساس پر ہے جس کی بناء قانون رومائے قانون دوازدہ الواح پر مستحکم ہوئی ہے جو اس سوسائٹی کے مروجہ مراسم کا مجموعہ تھا۔

عرب مُجادلہ اور عرب معاربہ کے جنگجو و متوحش دور میں بھی رسم و رواج ہی کا پرچم

لہلہاتا نظر آتا ہے جس میں سہیم حیات کا رشتہ شغار کی رسم سے جوڑ لیا جاتا اور زمانۂ قتال وجدال میں بھی محاربین رسماً بعض خاص ایام میں پر امن قاعدین ہو جاتے تھے ۔

موجودہ نظام ہائے قوانین نافذہ کو متقابلہ طریقے سے دیکھا جائے تو اس وقت رُبع سکون میں انہیں نظام ہائے قانون کی دُہائی ہے جن میں اس ملک کے معاشرہ کی ضروریات کی تکمیل کی گئی ہے اور جو اس سوسائٹی کا منتہی نصب العین ہے ۔ یہہ ظاہر ہے کہ اس نصب العین کا دارومدار معاشرہ کے ذہنی ارتقاء پر ہوگا جو سوسائٹی کے رسم و رواج کے ساتھ مربوط ہے ۔ اسی بناء پر قانون کو ازلی و ابدی نہیں سمجھا جاتا ۔ جو قانون ماضی کے لئے ہو وہ حال کیلئے اور حال کا قانون مستقبل کے لئے کار آمد نہیں سمجھا جاتا ۔ اس طرح جب قانون سندِ دوام سے بربنائے ذہنی ارتقائے عوام محروم ہے تو یقیناً قانون رسم و رواج کے تابع اور مدنیت کا معرب قرار پاتا ہے ۔

نظام قانون میں فقہا کا مقام اور انکے فرائض و ذمہ داریاں

(از ڈاکٹر میر سیادت علیخاں)

یلوپلش ( ) نے کہا تھا کہ ہر شریف آدمی کو حق ہے کہ وہ الفاظ کے ہجے اپنی مرضی کے موافق اور اپنے طریقہ پر کرے اور اسی سے استفادہ کرتے ہوے راسکو پونڈ نے کہا ہے کہ ہر قانون داں کو اپنے اصطلاحات وضع کرنے کا حق ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ امریکی قانونی کتابوں میں نئے نئے اصطلاحات کی وہ بھرمار ہے کہ خدا کی پناہ۔ میں اس بدعت میں صرف اس حد تک شریک ہوں گا کہ فقہا کے معنوں میں نہ صرف واضعانِ قانون، جج، جورسٹ۔ بلکہ قانون پیشہ وکلا کو بھی شریک کروں گا۔ عصر حاضر کے فقہا کی ذمہ داریوں کا سرسری خاکہ کھینچتے ہوئے میں لارڈ اچکینٹن نے (جن کی عشق و رومان کی زندگی ایک فضول طرح حسین بیوی کی وجہ سے بارونق ہوگئی تھی) اس قول کو پیش نظر رکھوں گا کہ فقہا کے مطالعہ کی اصل چیز انسانوں کے زندہ خیالات ہوتے ہیں نہ کہ مردہ قوانین یا مُردہ کتب۔ اور اسی لئے جہاں میں قانون معاہدہ اور جائداد کی چند اہم دشواریوں کو اس ممتاز جماعت کے غور و فکر کے لیے پیش کروں گا، وہاں میں ماضی میں فقہا کے مقام اور کام کو بہت ہی اختصار سے بیان کرتے ہوئے ان کے غور و فکر کی ایک آدھ مثال بھی دوں گا اور یہہ مختصر مضمون ختم ان خیالات پر کروں گا جو آجکل کم و بیش ہر فکر کرنے والے انسان کو ستا رہے ہیں اور سماج کی بھلائی و اصلاح پر منتج ہوتے ہیں تو عدالگستری

کے نظام کو آسان اور انسانی ضروریات کے مطابق کرنے بھی۔

معاہدہ - قانونی تاریخ کے مطالعہ سے ظاہر ہے کہ ابتدا میں قانون کو اقرارات یا خلاف ورزی اقرارات سے کوئی تعلق نہ تھا۔ چنانچہ پانچویں صدی قبل مسیح میں ہیوڈامس ( ) نے کہا تھا کہ قابل نالش امور صرف تین ہوتے ہیں یعنی ضرر، توہین اور قتل انسان۔ ان تینوں امور میں زور حفظ امن پر تھا۔ لیکن بہت جلد جائداد سے متعلق نزاعات اور مذہبی کے اثرات کی وجہ سے اقرارات قابل پابندی سمجھے جانے لگے چنانچہ ؤسیتی نے کہا تھا کہ تو قرض لے کے نہ دے تو اگلے جنم میں غلام، نوکر، عورت یا چوپایہ کی شکل میں جنم لے گا۔ جائداد سے متعلق نزاعات اور مذہبی اثرات کی وجہ سے جب اقرارات کو قابل پابندی سمجھا جانے لگا۔ تو ابتدا اقرارات یا معاہدات دو قسم کے ہوتے تھے۔ ۱) وہ جن میں کوئی نہ کوئی ضابطہ ہوتا تھا اور ۲) وہ جن میں کوئی ضابطہ نہیں ہوتا تھا۔ صرف اوّل الذکر ہی ایسے معاہدات سمجھے جاتے تھے۔ جن کی پابندی کرانا ضروری تھا۔ موخر الذکر کو اقرار محض (nudum pactum) سمجھا جاتا اور ان کی پابندی نہیں کرائی جاتی تھی۔ کیونکہ ابتدائی تمدن میں ضابطہ کا بہت اثر تھا اور ضابطہ ہی سبب قانونی (causa civilis) سمجھا جاتا تھا۔ محض ارادہ کی بنا پر مجرد اقرارات کی تعمیل کی قانون کو فرصت تھی اور نہ وہ اس کو ضروری سمجھتا تھا۔ رفتہ رفتہ فقہا پر یہ حقیقت روشن ہوگئی کہ قانون کا یہ اصول ہے کہ اقرارات کی پابندی کرانی چاہیے۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے سے کوئی معاہدہ کرے تو اس کو یہ اطمینان ہونا چاہیے کہ معاہدہ کی پابندی کی جائے گی۔ رومن فقہا تمام ان اقرارات کی پابندی کرانے لگے جن کے لیے کوئی سبب قانونی ہوتا تھا اور مقررہ ضابطہ کی پابندی ہی کو وہ سبب قانونی سمجھتے تھے۔ لیکن اقرارات کے تنوع اور تجارتی ضروریات کی روز افزونی نے رومن فقہا کو بہت جلد نامی معاہدات (nominal con.) کے دایرہ سے باہر اور بے نامی معاہدات ہی کو تسلیم کرنے پر مجبور نہیں کیا۔ بلکہ ہر مجرد اقرار کو جو ارادی ہو قابل عمل سمجھنے پر بھی اسی کو اقرارات کا موضوعی نظریہ (Will Theory of Contract) کہا جانے لگا۔ رومن

فقہا جار کار میں بھی اضافہ اور توسیع کرنے پر مجبور ہوئے نہ صرف مالی ہرجانے عام طور پر دلانے لگے بلکہ تعمیل مخصوص بھی دینے (actia arbitraria) اور اس کی توسیع شدہ شکلوں کے ذریعہ سے لیکن اقرارات کے موضوعی نظریہ کے تحت ہر مجرد اقرار کو قابل تعمیل سمجھنے میں فقہا بہت جلد دشواریاں محسوس کرنے لگے اور وہ یہ سوچنے لگے کہ آخر وہ کونسے اصول ہیں جن کی بناء پر اقرارات کو قابل پابندی تصور کرنا چاہیے۔ سترہویں صدی میں قانون قدرت کو ایک ایسا اصول سمجھا گیا۔ انسان کو ایک اخلاقی ہستی ہونے سے اپنے اقرار کا پابند سمجھا گیا۔ لیکن یہ توجیہ بھی عملاً قابل تشفی نہیں پائی گئی ۱۸ ویں صدی میں اقرارات کے نظریہ عوض (Equivalent Theory) کو فروغ ہوا یعنی قرار دیا گیا کہ کچھ عوض دیا جائے تو اقرار قابل پابندی ہوگا ورنہ نہیں۔ حجت کی گئی کہ بغیر معاوضہ کے اقرار کرنا زود باز ہے اور قانون زود بازوں کی مدد نہیں کرتا۔ نیز بغیر معاوضہ کے اقرار کرنا دل سے اقرار کرنا نہیں ہوتا ہے۔ لہذا اس کی پابندی نہیں کرانی چاہیے۔ بالمعاوضہ کے اقرار کی پابندی اس لیے کرانی چاہیے کہ ورنہ متقرلہ کو مالی نقصان ہوتا ہے۔ اس نظریہ عوض کا انگریزی امریکی قانون پر بہت اثر ہوا۔ اور بعض اساتذہ اسی کو نظریہ بدل کی ابتدا سمجھتے ہیں۔

اس طرح پر انیسویں صدی تک اقرارات کی تعمیل کے متعلق یہ دو نظریے تھے یعنے موضوعی نظریہ اور عوضی نظریہ۔ ان کے تحت اقرارات کی تعمیل ارادی ہونے یا عوض دیئے جانے کی وجہ سے کرائی جاتی تھی۔ انیسویں صدی میں کانٹ نے بہت سے فلسفیانہ مباحث کے بعد یہ دکھلایا کہ اقرارات کی پابندی محض اقرار ہونے کی وجہ سے کرانا ممکن نہیں ہے۔ بلکہ پابندی اس لیے کرانی چاہیے کہ انسان کو جو مفاد بہ حیثیت شخص ہونے کے حاصل ہوتے ہیں ان میں اقرار کرنے کی قابلیت بھی داخل ہوتی ہے۔ گویا اقرار انسان کے مفاد یا جائداد ہوتے ہیں اس طرح پر انیسویں صدی میں معاہدہ جائداد پر قایم کیا گیا۔ ہیگل کی توجیہ بھی کچھ کانٹ جیسی ہی تھی کہ اس نے بھی معاہدہ کو جائداد سمجھا۔ اور اقرار کو مفاد یا جائداد کا تصرف قرار دیا۔ غور کرنے سے ظاہر ہوگا کہ کانٹ ہیگل یا دیگر مابعدالطبیعاتی اساتذہ کی توجیہات میں اس سوال کا جواب نہیں ملتا کہ آخر وہ کونسے اصول ہیں

جن کے مطابق ہونے پر اقرارات قابل تعمیل قرار دے جا سکتے ہیں۔ یا بالفاظ دیگر کن اقرارات کو قابل پابندی قرار دینا چاہیئے اور کن کو نہیں اور کن اصولوں کے مطابق انیسویں صدی کے تاریخی اساتذہ نے قانونی تاریخ کے مطالعہ سے یہ حقیقت ظاہر کی کہ انسان کی ترقی حیثیت سے معاہدہ کی طرف ہوئی ہے اور اقرارات کی آزادی انسان کا فطری اور تاریخی حق ہے۔ یہ اس کو حاصل ہونا اور زیادہ سے زیادہ اقرارات کی پابندی کرانی چاہیے۔ افادیت پسند اساتذہ کو بھی تاریخی اساتذہ سے اتفاق تھا۔ ان کے نزدیک بھی فرد کی آزادانہ مرضی کے زیادہ سے زیادہ اظہار ہی میں زیادہ سے زیادہ خوشی اور خوشحالی مضمر ہوتی ہے اسی لیے وہ بھی آزادی معاہدہ پر زور دیتے تھے اور کہتے تھے کہ انسان کو حتی الامکان آزادی ہونی چاہیے کہ وہ جس طرح چاہے عمل کرے اور اسی لیے وہ اقرارات کے زیادہ سے زیادہ تعمیل کرائے جانے کے حامی تھے۔ سر جارج جسل ماسٹر آف رولس کے الفاظ میں قانون اور مصلحت عامہ کا اعظم اصول ہے کہ عاقل و بالغ و سمجھدار شخص کو آزادی معاہدہ ہونی چاہیے اور اس کے اقرارات کی تعمیل کرانی چاہیے۔ ہربرٹ اسپنسر کے ایجابی اساتذہ کا بھی یہی موقف تھا وہ بھی آزادی معاہدہ پر زور دیتے تھے۔ اور قرار دیا کہ یہ مقتضائے انصاف ہے کہ ہر شخص کو سودوں انتقالات و اقرارات کے قدرتی اختیارات کی آزادی ہونی چاہیے۔ سوائے اس صورت کے جب کہ وہ دوسرے اشخاص کے ایسے ہی قدرتی حقوق میں مداخلت ہو۔ جیسا کہ کہا جا چکا ہے ان سب اساتذہ کی توجیہات کے بعد بھی ان اصولوں کا تعین نہ ہو سکا جن کی مطابقت پر اقرارات قابل تعمیل یا جن کی عدم مطابقت پر اقرارات ناقابل تعمیل قرار دے جا سکتے ہیں۔ اور آج تک بھی انگریزی اور امریکی قانون میں مشکل ترین قوانین کے یہ امور تعین طلب اور عصر حاضر کے فقہا کے غور کے محتاج ہیں۔ میں ذیل میں مختصراً یہ دکھانے کی کوشش کروں گا کہ متذکرہ صدر دو نظریے یعنی موضوعی نظریہ اور عوضی نظریہ وغیرہ وغیرہ اور نظریے یعنی کاروباری نظریہ اور رہبری نظریہ سے بھی موجودہ انسانی ضروریات اور موجودہ قانون کی توضیح نہیں ہوتی ہے۔ اور ابتک علم اصول قانون کوئی ایسا نظریہ نہیں بنا سکا ہے جس سے موجودہ قانون کی توضیح ہو اور

اقرارات کی تعمیل کا کوئی جامع اور مانع نظریہ ہاتھ آجائے۔

موضوعی نظریہ (will theory of cont) جیسا کہ کہا جا چکا ہے۔ رومی فقہا کا نظریہ ہے اور اس کا بہت کچھ رواج ہے۔ قانون روما اپنے عروج کے زمانہ میں اس نتیجہ تک پہنچا تھا کہ ہر بالعمد اقرار کی تعمیل کرانی چاہیے۔ اس موقف کے مضرات میں یہ امر داخل ہے کہ جن متعین امور کے متعلق تراضی طرفین حاصل ہوئی ہو تو ان کی تعمیل کرانی چاہیے لیکن بہت سے ممالک میں قانون تو یہ ہے کہ معاہدات کی تعمیل بلالحاظ تراضی طرفین کی جاتی ہے۔ مثلاً ان صورتوں کا خیال کیجئے جن میں ایک ایجاب کیا جاتا ہے۔ جن کو ایک معقول آدمی ایک معنی میں معقول طور پر سمجھتا اور اسی معنی میں قبول کرتا ہے لیکن ایجاب کنندہ کا مطلب جدا ہوتا ہے یا آپ ایجاب کو قبول کرکے ایک تار دفتر تار برقی کے حوالے کر دیتے ہیں وہاں غلطی سے دوسرے ہی مطلب کا یا آپ کے مطلب کو بگاڑ کے دوسرا ہی تار دیا جاتا ہے۔ ان دونوں صورتوں میں در اصل کوئی تراضی طرفین نہیں ہوتی ہے لیکن قانوناً معاہدہ ہو جاتا ہے۔ امریکہ میں ایسی صورتوں میں معاہدہ ہو جانے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ گو امریکہ میں انیسویں صدی میں ذمہ داری کے نظریہ کو بھی موضوعی کر دینے اور (No liablity with out fault) کے اصول کو قائم کرنے کی کوشش میں معاہدہ کے موضوعی نظریہ کو کچھ رسوخ حاصل ہوا تھا لیکن اگر امریکی قانون پر نظر غائر ڈالی جائے تو صاف ظاہر ہو جائے گا کہ یہ کوشش بالکل ناکام ثابت ہوئی۔ امریکی قانون میں آجکل استناد رومی قانون تحویل (bailment) سے نہیں کیا جا رہا ہے اور قانون تحویل میں بھی بجائے رومی معیار احتیاط اور مدارج غفلت کے جو شخصی اور موضوعی ہوتے تھے۔ قانون عمومی (کامن لا) کے حدود و معیار غفلت پر جو خارجی اور معروضی ہوتے ہیں عمل ہونے لگا ہے۔ کم از کم امریکہ میں اقرارات کا معروضی نظریہ روایتی نظریہ ہو گیا ہے اور وہاں کے تحلیلی اساتذہ نے اس کی شرح و بسط میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ کوئی مابعد الطبعیاتی نظریہ قانون کے اس میلان کو روکنے میں کامیاب نہیں ہوا ہے اور دوسرے ممالک میں بھی اقرارات کے

معروضی نظریہ (objective theory) کو عام طور پر تسلیم کیا جانے لگا ہے۔

۲۔ عوضی نظریہ (Equivalent) یا اس کی ترقی یافتہ شکل کاروباری نظریہ ہی قانون عمومی اور اس کے ممالک میں زیادہ شایع ہو گیا ہے۔ اس کی رو سے ہر اقرار جو کاروباری نوعیت کا ہو قابل نفاذ ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کے تحت مہری معاہدات (Contract under seal) نہیں آتے کیونکہ ان میں کوئی عوض ہونا ضروری نہیں ہوتا ہے۔ اور بلا کسی بدل عوض کے بھی یہ واجب التعمیل ہوتے ہیں۔ اور ان کی تعمیل کرائی جاتی ہے لیکن اس نظریہ کے اثر سے خود باضابطہ معاہدات مہری ہتیار ڈالتے جا رہے ہیں اور یہ بھی تصور کیا جا رہا ہے کہ مہر یعنی "ضابطہ" خود کسی بدل یا عوض پر دلالت کرتا ہے۔ امریکہ میں بہت سے مقامات پر باضابطہ معاہدات مہری کو قانون سازی کے ذریعہ سے موقوف اور بے اثر کر دیا گیا ہے اور بہت سے مقامات پر ان کا صرف یہ اثر سمجھا جا رہا ہے کہ یہ کسی معاملے کی بادی النظری شہادت ہوتے ہیں۔ جن کی تردید شہادت سے کی جا سکتی ہے کہ در اصل کوئی بدل نہیں دیا گیا۔ عدالتہائے نصفت میں کم از کم ان کے اصول کے ظواہر کے لحاظ سے معاہدات مہری کی تعمیل کے لیے قانون عمومی کا مقررہ بدل ضروری ہوتا ہے۔ قانون تاجراں (Law Merchant) کے معاہدات مہری یہ ثابت کرتے ہیں کہ بدل نہیں دیا گیا۔ ناقابل نفاذ ہو جاتے ہیں۔ سوائے ایک صورت کے یعنی جب کہ ان کے دستاویزات قابض بامعاوضہ اور بلا اطلاع کے ہاتھ میں ہوں لیکن اس صورت میں ہی "بدل گزشتہ" دیکھا جاتا ہے۔

لیکن کاروباری نظریہ کی اس ہمہ گیری کے باوجود معاہدات سادہ کی بہت سی ایسی شکلیں ہیں جو اس کے تحت نہیں آتی ہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ امریکی اور انگریزی عدالتیں بہت سے ایسے اقرارات کو بھی نافذ کر رہی ہے جن کی نوعیت معاملہ یا سودے (بارگین) کی نہیں ہوتی ہے مثلاً چندہ دینے کے اقرارات۔ بلا بدل اقرارات جن پر بعد میں عمل کیا گیا ہو۔ اقرارات جن کا بدل اخلاقی ہو۔ قرض کے خارج المیعاد یا دیوالگی کی وجہ سے ناقابل

حصول ہو جانے کے بعد نئے اقرارات۔ بلا[5] بدل کے امانت قائم کرنے کا اقرار۔ کسی[6] دین کے ضامن ہونے۔ یا بیوی[7] یا بچہ پر جائداد لکھ دینے کی صورت میں تعمیل مخصص۔ ضامن[8] جب اپنی مرضی سے جوابدہی نہ کرے تو اقرار کی تعمیل کرانا۔ اور[9] دست برداری کی دوسری شکلیں۔ امریکہ[9] کی بعض ریاستوں میں محض اقرار کی بناء پر ذمہ داری سے سبکدوش کردینا۔ واہب[10] کے ورثا کے خلاف ہبوں کی تعمیل کرانا۔ مقدموں[11] میں فریقین اور ان کے وکلا کے اقرارات یہ سب ایک کافی بڑی اور اہم فہرست ہے جن میں کوئی عوض نہیں ہوتا ہے تاہم اقرارات کو نافذ کیا جاتا ہے۔ اس فہرست میں تیسرے[12] اشخاص کی نالشوں یعنی الف اور ب کے درمیان اقرار سے ج کو فائدہ پہنچنے کی صورت میں ج کی نالشوں اور ایسی[13] نالشوں کے نفاذ کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے جن میں معاہدہ کا بدل فریقین معاہدہ کے سوا شخص ثالث کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے۔ مثلاً لٹرس آف کریڈٹ کی شکل جس کے قابل نفاذ قرار دینے کے امریکہ میں بہت سے اساتذہ حامی ہیں۔

سطور بالا سے ظاہر ہو گیا کہ کاروباری نظریہ جو عوض نظریہ کی ترقی یافتہ شکل ہے معاہدات سادہ کی کل شکلوں پر حاوی نہیں ہے۔ اس سے موجودہ قانون کی پوری وضاحت نہیں ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں عوضی ونیز ہرجی نظریوں سے موجودہ قانون کی اور بھی کم وضاحت ہوتی ہے۔ عوضی نظریہ کے راستہ میں پہلی مشکل یہ ہے کہ قانوناً بدل کا ناکافی ہونا کچھ اہمیت نہیں رکھتا جس کی وجہ سے بدل یا عوض پر اصرار کرنا صرف خالی الفاظ معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ عدالت لصفت نے ایک مقدمہ میں بیس ہزار ڈالر کی مالیتی جائداد کی دو سو ڈالر میں بیع کو نافذ کیا ہے۔ نیز اوپر کاروباری نظریہ میں جن معاملات کی فہرست دی گئی ہے کہ ان میں کوئی سودا (بارگین) نہیں ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود عدالتیں ان معاہدات کو نافذ کرتی ہیں وہی فہرست عوضی نظریہ کے اساتذہ کیلئے بھی باعث مشکلات ہے۔ نیز مزید چند مثالیں بھی دی جاسکتی ہیں۔ مثلاً جب ضامن کی

جواب دہی ہو کہ اس نے داین کو وقت دیا تھا کہ وہ کسی دوسرے ضامن کو مقرر کر لے۔ لیکن داین نے کسی دوسرے کو ضامن نہ بنایا ہو۔ اور عدالت ضامن پر ذمہ داری عاید کرنا چاہیے اور ضامن کو عذر نہ ہو تو یہاں بھی نہ کوئی بدل ہوتا ہے اور نہ امر مانع تقرر مخالف اسی طرح کفالت نامہ جس کی تکمیل میں کوئی نقص رہ گیا ہو۔ یا زوجہ کے نام تملیک جائداد یا بچوں کے لیے عطیوں میں نہ کوئی بدل ہوتا ہے اور نہ ان کی جزئی تعمیل ان کے نافذ کیے جانے ضروری ہوتی ہے۔ اس طرح مہری خیارات (option under seal) عدالتہائے نصفت میں محض مہر کی بناء پر قابل تعمیل سمجھے جاتے ہیں۔ امانت جو بلا بدل قائم کی گئی ہو محض اعلان ہی سے عدالت نصفت کیلئے وجہ دست اندازی ہوتی ہے۔

در اصل انگریزی امریکی قانون میں بھی قانونی موقف وہی ہوتا جاتا ہے جو قانون روما میں اس کے عروج کے زمانہ میں تھا۔ اول الذکر قانون میں معاہدات تین قسم کے ہیں:۔

۱۔ باضابطہ معاہدات جن میں معاہدات مہری۔ عدالتی مچلکے اور قانون تاجران کے معاہدات داخل ہیں۔ ۲) اصلی معاہدات (Real contract) قرض و تحویل۔ ۳) سادہ معاہدات جس میں کوئی ضابطہ نہیں ہوتا ہے۔ لیکن بدل دیکھا جاتا ہے۔ تیسری قسم ہی روزافزوں ہے قابل نفاذ سادہ اقرارات اتنے گوناگوں ہو گئے ہیں کہ ان کو کسی نظام میں معین اصولوں کے تحت مرتب نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح جس طرح قانون روما تمام قابل نالش اقرارات (actionable conts.) کو مرتب نہ کیا جاسکا۔ معاملات کے تحفظ اور معاشری مفاد کے پیش نظر عدالتوں کی یہ کوشش کہ اشخاص کو ان کے اقرارات کا پابند کیا جائے مختلف نظریوں اور قیاسات و تشبیہات کے ذریعہ سے جاری ہے اور ان سب نظریوں یا قیاسات میں اتفاق ہے تو اس امر پر ہے کہ کاروبار کے سلسلہ میں انسان کے قول کو اس کی دستاویز سمجھنا چاہیے اور اگر معاشی نظام کو کارکردگی کے ساتھ قایم رکھنا ہے تو اس کے بنی نوع کے لیے یہ ممکن ہونا چاہیے کہ اس کے قول پر بھی وہ اتنا ہی بھروسہ کر سکیں جتنا کہ اس کے دستاویز پر کیا جاتا ہے یہ صاف

طور پر عیاں ہے کہ اکثر عدالتیں شعوری یا غیر شعوری طور پر ڈنلاپ بنام سلفرج کے مقدمہ میں لارڈ ڈینیڈن کے اس قول عدالتی کے ساتھ ہمدردی رکھتی ہیں کہ اس نظریہ کے ساتھ کوئی الفت نہیں ہو سکتی جس کی رو سے مقر کے لیے یہ ممکن ہو کہ وہ اپنے ایسے اقرار سے روگردانی کر سکے. جو بالارادہ کیا گیا ہو اور جو بنفسہ منصفانہ ہو اور جس میں مقر لہ کو قوم کے دوسرے اشخاص کی معمولی سمجھ کے مطابق ایک جائز مفاد ہو۔ یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ گو نظریہ بدل پر چار سو سال سے نظریہ بازی ہو رہی ہے لیکن بدل کی کوئی جامع مانع تعریف نہیں کی جا سکی ہے یا وہ معاہدات میں اس کے ایک معنی ہوتے ہیں اور سب اساتذہ اس معنی پر متفق بھی نہیں ہیں۔ دستاویزات قابل بیع و شری میں دوسرے۔ انتقالہائے جائداد میں تیسرے۔ اور مقدمات نصفت میں ایک چوتھے۔ اور ٹھیک طور پر کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کونسے چوتھے۔

نظریہ بدل انگریزی امریکی قانون میں دو وجوہ سے معاہدات سادہ میں اب بھی ضروری سمجھا جاتا ہے۔ ایک تو قانون دانوں کا یہ احساس کہ قانون عمومی فطرت کے مطابق ہے اس کے اصول قوانین قدرت ہیں۔ ۱۸ ویں صدی تک بلاکسٹن پڑھائی جاتی تھی اور یہ خیالات اس کی وجہ سے قانون دانوں کے خیالات تھے۔ پھر انیسویں صدی میں تاریخ اساتذہ کے خیالات کی وجہ سے کہ نشو و نما اسی بنیاد پر ہوا ہے یہ خیالات اور راسخ ہو گئے۔ قانون داں تغیر کو بھی پسند نہیں کرتے اور تغیر میں وہ خطرہ سمجھتے ہیں لیکن تغیر بہت ہوا ہے اور نتیجہ یہ ہے کہ معاہدات سادہ کی تعمیل کا کوئی منظم اصول نہیں ہے۔

دوسری وجہ زیادہ قانونی ہے۔ عدالتیں محسوس کرتی ہیں کہ معاملہ کے وقت بہت کچھ آسانی سے کہہ دیا جاتا ہے اور معاہدہ سے پہلے جو کیا جاتا ہے اس میں سے بہت کچھ قیمت بڑھانے کی غرض سے بائع کے اپنے مال کی بے اندازہ تعریف پر مبنی ہوتا ہے اس سے دراصل اس کا مطلب نہیں ہوتا ہے کہ مشتری سب کچھ صحیح سمجھ لے اور نہ مشتری اس کو صحیح سمجھتا ہے ان صورتوں میں اقرارات محض "نمائشی" ہوتے ہیں ارادہ کسی قابل پابندی اقرار کا نہیں

ہوتا ہے۔ عدالتیں ایسی گفتگو پر غفلت کے مماثل ذمہ داری عاید کرنا۔ قرین انصاف نہیں سمجھتی ہیں۔ یہ ٹھیک سہی۔ لیکن ہماری دانست میں اس نمائشی گفتگو کا ضرورت سے زیادہ لحاظ کیا گیا ہے اور (Derry v. Peek) میں وضع کردہ اصول انسانی باتونی پن کے ضرورت سے زیادہ لحاظ پر مبنی ہے۔ کیونکہ اس مقدمہ میں کمپنی کے پراسپکٹس کے غلط اندراجات کے باوجود جس سے بہت سے اشخاص کو نقصان پہنچا کوئی ذمہ داری عاید نہیں کی گئی ہماری دانست میں چونکہ انسان باتونی پن سے بہت کچھ کہہ جاتے ہیں۔ یہہ تصور کرنا کہ کاروباری اشخاص بھی کاروبار کے متعین مواقع پر محض نمائشی گفتگو کرتے ہیں صحیح نہیں ہوگا۔ موضوعی نظریۂ اقرارات کو قبول کئے بغیر اس سے ایک سبق لیا جا سکتا ہے۔ اور ان اقرارات کو قابل نفاذ قرار دیا جا سکتا ہے جن کو معمولی سمجھ کے مقر لامعقول طور پر تصور کریں کہ وہ قانونی ذمہ داری پیدا کرنے کے ارادے سے کئے گئے تھے۔ ہماری رائے میں معاہدات کا تحفظ زیادہ آسانی سے اور زیادہ موثر طریقہ پر بہ نسبت بدل پر زور دینے کے ثبوت کی ضروریات پر زور دینے سے ہو سکتا ہے۔ مثلاً جس طرح کہ قانون انسداد فریب میں زور دیا گیا ہے۔

ان حالات میں اکثر اساتذہ کی رائے میں علم اصول قانون کا بیسویں صدی میں سب سے بڑا موقع انگریزی امریکی قانون معاہدہ میں ہے کہ وہ اصول وضع کرے جن کے مطابق اقرارات کی تعمیل ہونی چاہیے۔ محض قانون کا اعادہ یا بیان اگرچہ وہ پروفیسر (Williston) کی بلند پایہ تصنیف کے معیار کا ہو کافی نہیں۔ کیونکہ جو چیز موجود ہی نہ ہو اس کا اعادہ یا بیان کس طرح کیا جا سکتا ہے اور یہہ واقعہ ہے کہ اب تک قانون بدل کیا ہے۔ اور یہ کن صحیح اصولوں پر مبنی ہے یقین و تعیین کے ساتھ نہیں کہا جا سکا۔ اگر بدل کا یعنی ان اصولوں کا جن کے مطابق اقرارات کی پابندی کرائی جانی چاہیے کوئی جامع و مانع نظریہ علم اصول قانون پیش کر دے تو عدالتیں اپنے قانونی تجربے اور قانونی عقل میں اس کو ڈھال لیں گی اور اقرارات کی تعمیل کے متعلق ایک نظام قایم ہو جائے گا اس خصوص میں ممکنات کا اندازہ قدیم قانون ٹارٹس کا

انیسویں صدی کے آخر کے قانون ٹارٹس سے مقابلہ کرنے پر ظاہر ہوگا۔ قدیم قانون ٹارٹس میں چند معین افعال ناجائز۔ نالش مداخلت بیجا اور اس کی توسیع شدہ شکل (Trespass on case) کی تھی۔ انیسویں صدی کے آخر میں یہ نظریہ قایم ہوا کہ ذمہ داری ضرر پر مبنی اور اس کے لحاظ سے ہوگی اس سے نہ صرف قانونی نظریہ کی وضاحت بلکہ عدل گستری میں سہولت ہوی۔ بیسویں صدی میں بھی علم اصول قانون ایسی خدمت فقہا کی توجہ سے انجام دے سکتا ہے یعنی اگر وہ نیک نیتی کے حدود نیز اور اقرارات قابل تعمیل کے کوئی اصول یا معیار قابل قبول شکل میں وضع کرسکیں جس پر جج واضعان قانون فقیہ اور وکلا عمل کرسکیں۔ اور جس سے قانون کا نصب العین متعین و ظاہر ہوجائے اور قانونا قابل تعمیل معاہدات کا دایرہ وسیع اور متعین ہوجائے۔

جائداد۔ وقت کی تنگی کے باعث مجھے جائداد سے متعلق اپنے بیان کو بہت ہی مختصر کرنا ہوگا۔ جیسا کہ آپ حضرات جانتے ہیں۔ آج کل عام طور پر اعتراض ہو رہا ہے کہ صرف ہوا۔ روشنی اور آب رواں ہی کیوں (Res communes) ہوں اور اراضی اشیاء خوردنی۔ آلات صنعت اور سرمایہ بھی کیوں نہ اجتماعی ملک کے قابل اشیا سمجھے اور قرار دیے جائیں اسی لیے جائداد کے خانگی حق کی کیا توجیہ کی جائے اور اس کے حدود کو کس طرح تعین کیا جائے مشکل قانونی مسائل ہوگئے ہیں جن کے بیان سے متعلق کم از کم چھ نظریے یعنی قانون قدرت پر مبنی نظریے۔ مابعد الطبیعیاتی نظریے تاریخی نظریے۔ ایجابی نظریے نفسیاتی نظریے۔ اور عمرانی نظریے رائج ہوے ہیں۔ اول الذکر دو نظریوں کی جائداد سے متعلق خانگی حق کی توجیہ لاریمر کے اس جملے میں بیان کردی جاسکتی ہے کہ "زندہ ہونے اور زندہ رہنے کے حق میں زندگی کے لیے یعنی ضروریات کا حق بھی داخل ہے (The right to be and to continue to be implies a right to the conditions of existence

یا ہیگل کے اس جملہ میں کہ (Property is a realisation of the idea of liberty یعنی جائداد تصور آزادی کی ظاہر یا تکمیل شدہ شکل ہے۔ ہربرٹ اسپنسر کا ایجابی نظریہ ان دونوں نظریوں سے مختلف نہیں ہے البتہ تاریخی نظریہ کے اساتذہ نے قانونی تاریخ کے وسیع مطالعہ کے بعد اس

حقیقت کو ثابت کیا ہے کہ واقعاتی قبضہ یا (SEISIN) سے قانونی ملکیت کا تصور پیدا ہوا یہ ملکیت ابتداءً اجتماعی ۔ یا قبائلی ہوتی تھی ۔ کیونکہ ابتدائی معاشرہ میں قبیلے ہی قانونی اکائیاں ہوتی تھیں ۔ آہستہ آہستہ دو تصورات اجتماعی مفادات کی شکست و ریخت اور افراد کے خانگی حقوق جائداد کے تسلیم کئے جانے کے باعث ہوئے یعنی ایک تو تقسیم خاندان کا تصور ۔ اور دوسرے ذاتی یا مکسوبہ جائداد کا تصور خاندانوں کی تقسیم ان کے بہت بڑے ہو جانے کی وجہ سے ضروری ہوئی اور خاندان کی تقسیم کے ساتھ جائداد کی تقسیم بھی کی جاتی تھی ۔ اب بھی دھرم شاستر میں تقسیم سے مراد خاندان کی تقسیم ہوتی ہے ۔ اور ضمنی طور پر جائداد کی تقسیم مراد لی جاتی ہے ۔ قانون روما میں بھی تقسیم کی پرانی نالش کو تقسیم خاندان کی نالش کہا جاتا تھا ۔ خاندانوں میں تقسیم کے بعد افراد میں تقسیم ہونے لگی مثلاً قانون روما میں پدر خاندان کے انتقال پر ہر لڑکا جو اس کے اختیار پدری میں ہوتا تھا تقسیم کی نالش کر سکتا اور خود پدر خاندان ہو جاتا تھا ۔ چاہے وہ خاندان کا تنہا فرد ہی ہو ۔ ابھی شادی کیا ہو اور نہ اس کے اولاد ہوئی ہو ۔ اس طرح پر خانگی ملکیت بجائے خاندانی ملکیت کے معمول ہو گئی ۔ اس نتیجہ میں ذاتی مکسوبہ جائداد کا تصور بھی ظہر ہوا ۔ دھرم شاستر اور قانون روما کے مطالعہ سے ظاہر ہے کہ بہادری یعنی جنگی خدمات یا علم و فن کی بناء پر پیدا کردہ جائداد ذاتی مکسوبہ جائداد تصور کی جانے لگی اور جائداد کی عدم مساوات کے متعلق فرض کیا گیا کہ وہ "زیادہ طاقت ۔ زیادہ ذہانت اور زیادہ محنت" کی وجہ سے ہے ۔

اس طرح پر اب ہر ترقی یافتہ نظام قانون میں جائداد کا خانگی حق عام طور پر تسلیم کیا جاتا ہے تاریخی اساتذہ کے نزدیک یہ واقعہ ملکیت کے قبضہ سے ترقی پانے کے واقعہ سے مل کر اس تصور کو ظاہر کرتا ہے جو عدل گستری کے انسانی تجربے سے ظاہر ہوا اور جو مابعد الطبیعیاتی اساتذہ کے موقف کی توثیق کرتا ہے یعنی یہ خانگی جائداد آزادی کا ایک لوازمہ ہے ۔ اور بغیر خانگی جائداد کے تصور کے قانون کا تصور ہی نہیں ہو سکتا اس استدلال کے مابعد الطبیعیاتی جزء کو ہم ترک بھی کر دیں اور اس کے متعلق قانونی تاریخ کی تمثالی اور سیاسی تعبیر ہی کریں تو انیسویں صدی کے تاریخی اساتذہ کا نظریہ بہت کچھ وقعت کا

حائل نظر آتا ہے۔ لیکن قانون کے چند جدید رجحانات کا جب ہم خیال کرتے ہیں تو ہمیں توقف کرنا پڑتا ہے مثلاً مالک کے حقوق ملکیت کو گھٹانے کا رجحان جو اصل انتقال بذریعہ تحریر ظہری (
اور اس اصول کی ترقی سے کہ قبضہ بظاہر ملکیت ہے۔ (Possession vant titre)
یا بعض دوسرے طریقوں کے رائج ہو جانے سے ظاہر ہو رہا ہے جن میں معاملات کی حفاظت اور معاشری مفادات کی اہمیت اور ان کے تحفظ کی ضرورت کی وجہ مالک کے حقوق ملکیت کو گھٹایا جا رہا ہے اور جس کی ایک مثال یہ دی جا سکتی ہے کہ چار سو پونڈ کی ایک ہمیر گاڑی کو مالک نے ایک فیکٹر کے پاس اس ہدایت کے ساتھ رکھوائی کہ وہ چار سو پونڈ سے کم میں نہ فروخت کی جائے۔ فیکٹر دیوالیہ ہو رہا تھا۔ چالیس پونڈ میں فروخت کر دیا عدالت نے قرار دیا کہ ملکیت منتقل ہو گئی کیونکہ فیکٹر بظاہر مالک تھا اس طرح پر قانون روما کے وہ اصول جن میں مخالفانہ قبضہ سے ملکیت کے حصول کو بہت محدود کیا گیا تھا اور مالک کو یہ حق حاصل تھا کہ عام طور پر بلا قید میعاد کسی وقت بھی اپنی ملکیت کو واپس حاصل کر سکتے اب نہایت واضح قوانین میعاد سماعت کے تابع کر دیے گئے ہیں۔ جن میں مالک کے حقوق ملکیت زائل ہو جاتے ہیں۔ قانون میعاد سماعت کا یہ فیصلہ کن اطلاق ان ممالک تک محدود نہیں ہے جن کے قوانین قانون روما سے ماخوذ ہیں۔ بلکہ انگریزی قوانین میں بھی جہاں اٹھارہویں صدی تک قانون میعاد سماعت کو معاندانہ نظر سے دیکھا جاتا تھا۔ اب اس کو اچھی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے۔ اسی طرف اختیار تصرف (Jus abutendi)
پر قیود کو مثلاً قدرتی مناظر و ذرائع کے تحفظ کے لیے مالکان اراضی پر قیود لگانے کو تاریخی اساتذہ ایک رجعت قہقری تصور کرتے ہیں لیکن یہ واقع ہو رہی ہے۔ اور آج کل کے بحیثیت منظم سماج میں جماعتوں کی تعداد اور ان کے اثر میں ترقی سے رجحان یہی ظاہر ہے کہ ان کے قانونی وحدت نہ ہونے کے باوجود ان کی جائدادیں تسلیم کی جائیں اس سے ظاہر ہے کہ تاریخی اساتذہ ہی نے جس تجربہ پر بھروسہ کیا تھا کہ انسانی تجربہ شاہد ہے کہ خانگی جائداد کی طرف ترقی ہوئی ہے وہ بہت ناکافی اساس پر مبنی تھا۔ چنانچہ عمرانی نظریے کے ممتاز استاد ڈگوئی نے مختصراً بتایا ہے کہ قانون

جائداد اشتراکی کر دیا جا رہا ہے۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ملکیت جائداد اجتماعی ہوتی جا رہی ہے
اس کے معنی صرف یہ ہیں کہ ہم جائداد کو ایک خانگی حق یا مفاد تصور کرنا کم کر دے رہے ہیں اور اس کو
ایک معاشری وظیفہ سمجھنے لگے ہیں۔ اگر اس میں شبہہ ہو تو امریکہ کی لگان سے متعلق جدید قانون سازی ملاحظہ
کی جائے جس کا اثر یہ ہے کہ لگان پر اٹھانا ایک ایسا کاروبار سمجھا جا رہا ہے جس میں پبلک کا مفاد
ہوتا ہے اور اسی وجہ سے صرف معقول کرانے ہی مثلاً بجلی یا آبرسانی کے کاروبار کے وصول کیے جا سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں انیسویں صدی میں انگریزی و امریکی قوم کے خیالات اور تصورات کے مطالعہ سے
ظاہر ہے کہ مجملہ اور امور کے کمزوروں کے لیے احساس ذمہ داری اور معاشری مساوات کی طرف
ترقی ہوئی ہے اور اس سے ۱۹ ویں صدی کے قانون سازی کے تصورات کی توثیق ہوتی ہے۔
جیسا کہ کہا جا چکا ہے کہ اس صدی میں آزادی کا تصور کارفرما رہا اور اس صدی کی قانون سازی
اسی تصور کے تحت ہوئی۔ اس سے بہت کچھ اصلاحیں ہوئیں لیکن قدیم معاشری برائیاں کماحقہٗ دور
نہیں ہوئیں اہم بات یہ ہے کہ ان کا شعور روزافزوں ہے۔ اور ان سے مقابلہ کے عزم صمیم میں اضافہ
ہوتا جا رہا ہے۔ لوگ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا مفلسی جہل بے وقوفی اور جرائم سے بچا نہیں جا سکتا
وہ پسینہ بہانے والے مزدوروں کے تنگ و تاریک حجروں زنان بازاری کٹہرہ کے قیدیوں
جاہل کاشتکاروں کو ایک نئی اور بے چین کرنے والی شخصی ذمہ داری کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ چند
لوگ ہی نہیں بہت سے یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا یہ درست ہے کہ چند اشخاص عیش میں گزاریں اور
بہت سے لوگ حد درجہ تنگ دستی میں وہ یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ کیا زندگی کی اچھی چیزوں کی
تقسیم بجائے بخت و اتفاق کے انصاف کے اصولوں پر نہ کی جانی چاہیے۔ نیز وہ یہ بھی جاننا چاہتے
کہ کیا بہتر قابلیت بے اندازہ دولت کے لیے کوئی ایک اچھی حقیقت ہے۔ اور کیا کام کے لحاظ
سے معاوضہ سے بہتر کوئی اور تصور انسانی خدمات کے معاوضہ کا نہیں ہے۔ یہ سوالات صرف
مفکرین ہی کے نہیں ہیں۔ بلکہ ہر طبقے کے مرد اور عورتیں یہ سوالات کر رہی ہیں۔ یہ ایک الہامی
بے چینی ہے۔ جو ہر خطرہ سے خالی نہیں اور جو اصلاحات کہ کی جا چکی ہیں۔ ان کی اہمیت کو

گھٹاتی ہیں تاہم اس سے بیسویں صدی کو انیسویں صدی سے جو تصورات ترو کہ میں ملتان کے پائدار اثر کا بھی اظہار ہوتا ہے۔

اور خلاصہ جائداد سے متعلق ہماری بحث کا یہ ہے کہ آجکل مثل مملکت کے اقتدار کے جائداد کا خانگی حق معرض بحث میں ہے جائداد کی مابعد الطبعیاتی اساس قابل اطمینان سمجھی جا رہی نہ تاریخی اساس۔ اور اسی میں فقہا کے لئے دعوتِ عمل ہے کہ وہ جائداد کے متعلق خانگی حقوق کے جواز کا نیز کا مملکت کے اقتدار کے استعمال کے حدود کا اس طرح تعین کریں کہ معاشری برائیاں دور ہوں۔ اور معاشری انصاف ہو سکے۔ فرد کی انفراویت کل کی خوشی و خوشحالی کے ساتھ ساتھ قائم رہے ڈارون کے نظریہ ارتقاء سے جہاں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کشمکش حیات بقائے اصلح کا موجب ہوتا ہے وہیں اس نظریہ سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ ساری زندگی ایک ہے۔ بنی آدم ایک دوسرے کے اعضاء ہیں۔ کل سماج ایک عضویت ہے۔ غرض جائداد کے خانگی حق۔ اس کے عدم مساوات کی وجہ سے معاشری نا انصافی کا جو احساس ہے اس کا ہمت جرأت اور وسعت نظر سے مقابلہ کرنا ضروری ہے اور اس میں فقہا کے لیے میں پھر کہوں گا کہ دعوتِ عمل ہے۔

فقہا کے لیے اسلیے کہ گو آج کل یہ صداقت مسلمہ ہے کہ قانون پہلے قوم میں پیدا ہوتا ہے اور جج یا فقیہ کو ہمیشہ ایسے اعمال سے سابقہ ہوتا ہے جو اولاً واقعی معاشری تعلقات سے قوم میں پیدا ہوتے ہیں۔ تاہم فقہا کے تخلیقی اثر کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ صحیح ہے کہ تاریخی اسکول کے استاد ساویں یی نے کہا ہے کہ فقہا کی قانون سازی عوام کے نمائندہ کی حیثیت سے ہوئی اور عوام کے بنائے ہوئے قانون کے دائرہ کے اندر ہی رہتی ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ جب کوئی مثلاً حکم نامہ احضار شخص جاری کرتا ہے اور یہ کہہ کے جاری کرتا ہے کہ انگریزی قانون کا یہ بہت ہی بنیادی اور قدیم اصول ہے کہ حبس بیجا سے ہر شخص آزاد رکھا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ایسے اصول کو بیان کر رہا ہے جو تمام برطانویوں کے ایقان میں موجود ہے اور اس خصوص میں وہ عوام کا نمائندہ ہے لیکن جب وہ قانون ارضی کے کسی اصطلاحی اور سخت پیچیدہ امر کا مثلاً

[illegible]) کا فیصلہ کرتا ہے تو یہ کہنا کہ یہ بھی قوم کے ایقان میں داخل ہے اور اس میں بھی وہ قوم کی نمائندگی کرتا ہے صحیح نہیں ہے حقیقت یہ ہے کہ یہ امر قوم کی سمجھ سے کوسوں دور ہوتا ہے۔ اس طرح پر قانون کے اہم مسائل میں یہ کہنا کہ جو جس کے ذہن میں ہوتا ہے وہ عوام کے ذہن میں بھی ہوتا ہے۔ یا زبانِ فقیہہ زبانِ خلق ہے، صحیح نہیں ہے۔ قانونی تاریخ کے تبدی پر بھی یہ امر روشن ہے کہ تعبیر کنندوں یا فقیہوں کا اثر قانون پر کتنا گہرا ہے۔

رومن فقہا کو لیجیے کہ انھوں نے قانون روما کی شکل میں جریدۂ عالم پر ایک لافانی یادگار چھوڑی ہے جو نہ جدید ہے نہ قدیم بلکہ ہر زماں اور ہر مکاں میں اس کے اصول اتنے بے مثال ہیں کہ ان سے ثابت ہے کہ ذہن کے لافانی ہونے کے سامنے مادہ کا لافانی ہونا کوئی شے نہیں ہے فراموش نہ کیجیے کہ یہ رومن فقیہہ نہ حکمراں تھے نہ اوتار نہ قانون ساز اور نہ ان کی یاد باقی رکھنے کے لیے کوئی اہم واقعات عوام کے دلوں میں جاگزیں ہو گئے تھے۔ تاہم یہ واقعہ ہے کہ ان سخت محنت کرنے والے عہدہ داروں اور فقیہوں کا اثر یورپ کے قانونی اداروں سے ان دو ہزار سالوں میں کبھی کلیتہً زائل نہیں ہوا ہے۔ جب تیسری صدی عیسوی میں آخری فقیہہ الپین نے اپنا کام ختم کیا تو روما میں زوال آغاز اور جاگزیں ہو چکا تھا اور چوتھی اور پانچویں صدی میں سلطنت روما میں سخت ابتری پھیلی ہوئی تھی۔ اس زمانے میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان فقیہوں کی یہ سب محنت رائگاں گئی لیکن جسٹینین کے ہاتھوں یہ پھر زندہ ہوئے۔ اور دنیا کا عظیم ترین (یہ نہ ہی تو عظیم ترین مجموعوں میں سے ایک) مجموعہ قانون ایسے فقیہوں کے تصانیف سے بنایا گیا جو دو تین چار پانچ صدی پہلے مر چکے تھے لیکن یہ احیا بھی بظاہر دیرپا ثابت نہیں ہوا۔ پھر پانچ صدیوں تک یورپ پر تاریکی چھا گئی۔ عہد قدیم کے ان فقیہوں کی شمع محض ایک چراغ ہو گئی جس میں نہ روشنی رہی نہ گرمی۔ اس کے بعد پروانس لمبارڈی، راوینا اور بولونہ میں دوسرا احیا ہوا ایسا کہ یورپ کا کوئی ملک حتیٰ کہ انگلستان بھی جہاں اس کا اثر نسبتاً کم رہا ہے اس کے اثر سے بے نیاز نہیں رہا۔ انگریزی ازمنۂ وسطی کا قانون بولونہ کا رہینِ منت ہے۔ نہ صرف براکٹن ہی نے یہاں تحصیل علم

کیا تھا۔ بلکہ انگریزی جسٹی نین یعنے ایڈورڈ اول یہاں سے ایک عمبر قانونی ([illegible]
[illegible] Son of Accident) کو لایا تھا اور اس کو عہدہ جلیلہ پر سرفراز کیا تھا۔ براکٹن نے صرف ازمنہ وسطیٰ
کے قانون پر ایک اہم کتاب لکھی ہے بلکہ نظائر کے نظام کی بنیاد بھی اسی نے ڈالی ہے لٹل ٹن نے
بھی انگریزی قانون ارضی کی افراتفری میں ایک نظام قائم کیا ہے۔ لٹل ٹن کے متعلق کک کہا
ہے اور صحیح کہا ہے کہ "اس نے اپنی بہترین تصانیف اور کام سے جو وہ دوسروں سے سیکھا تھا
عصرہائے مابعد کے تمام پروفیسروں کو قانون سکھایا ہے"۔ خود کک بھی قانون کی شاہراہ پر
ایک رہنما تختی ہے۔ جو بے ڈول ہی سہی لیکن ایسی ہے کہ اس کی رہنمائی سے مفر نہیں۔ انگریزی
قانون میں اس کی انتھک محنت اور دقت نظر کا بہت اثر رہا ہے اور کامن لا اور منصب عدالت
کا نصب العین جو انگریزی نظام عدل گستری کی اساس ہے اسی کا قائم کردہ ہے۔ اٹھارویں صدی
میں بلاکسٹن گو اپنے عظیم مشیروں کے مانند عظیم شخصیت کا حامل نہیں تھا لیکن شروحات لکھ کے
اس نے قانونی تعلیم کی خدمت ایسے زمانہ میں کی جبکہ قانونی تعلیم گویا تھی ہی نہیں۔ اس کے
شروحات کی ہر دلعزیزی قانونی تاریخ میں بے مثال ہے اور آج تک بھی انگریزی قانون میں ان سے
اچھی کتاب شاید نہیں لکھی گئی ہے۔

فقیہوں کے اثر اور طاقت کی یہ چند جدید مثالیں ان کو صریحی قانون سازی بھی مانا نہیں سکتی ہے
ان کو کس حد تک "عوام کا نمائندہ" کہا جا سکتا ہے۔ یوں تو ہر غیر معمولی شخص اور ہر بے وقوف "بھی"
اپنے زمانے کی پیداوار ہوتا ہے اور اسپین کے لیے قانون روما میں سے غلامی کو خارج کرنا اتنا ہی ناممکن
جتنا کہ لٹلٹن کے لیے قانونی ارضی میں رجسٹری کو لازمی کرنا۔ اسی لیے اگر رومیوں کو قانون کا خاص
ملکہ یا خداداد قابلیت ([illegible]) نہیں ہوتی تو عہد قدیم کے رومن فقیہ قانون روما کو
اس کی موجودہ شکل نہیں دے سکتے۔ تاہم یہ تسلیم کرنا انفرادی فقہا کے اثر اور تخلیقی کارناموں کو نظر انداز
کرنے کے مترادف نہیں ہے۔ یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ قانون روما صرف حالات یا صرف رومیوں ہی کا
بنایا ہوا ہے ان کا بنایا ہوا نہیں ہے۔

موجودہ قانون کی متعدد دشواریوں میں سے میں اس مختصر وقت میں اوپر صرف معاہدہ اور جائداد سے متعلق بعض دشواریوں کی طرف توجہ دلا سکا اور ماضی کے بعض فقہا کے کارناموں کا بھی ذکر مختصراً کر دیا ہے۔ اور اپنا یہ مختصر مضمون اس توقع پر ختم کرتا ہوں کہ عصر حاضر کے فقہا کے کارنامے ماضی کے فقہا کے کارناموں سے بہتر ہوں گے اور نظام قانون ان کی کوششوں سے متوافق متوازن اور انسانی ضروریات کے مطابق ہو جائے گا جس سے عدل گستری آسان منصفانہ اور بہترین کارکردگی کی حامل ہو گی۔

میر سیادت علی خاں

حصہ دوم

روئداد

کل ہند کانفرنس قانون

اجلاس اوّل

۱۳۵۳ف

۱۹۴۴ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روئداد اجلاس اوّل

کُل ہند کانفرنس قانون حیدرآباد دکن

تمہید | قانون داں اور قانون پیشہ اصحاب، ملک کی ہر سماجی سرگرمی میں پیش پیش ہیں لیکن خود ان کی اپنی کسی تنظیم کا نہ ہونا عرصے سے محسوس ہو رہا تھا۔ ۱۳۳۷ف (۱۹۲۸ء) کے اواخر ہی میں بزم قانون جامعۂ عثمانیہ نے ایک کانفرنسِ قانون کا مکمل لائحۂ عمل مرتب کیا تھا لیکن بعض وجوہ سے وہ منعقد نہ ہو سکی۔

حیدرآباد میں بھی اور برطانوی ہند میں بھی کانفرنس وکلاء کئی بار منعقد ہو چکی ہے لیکن ایک ایسا ادارہ جو وکلاء قانون، سازوں، حکام عدالت، اساتذہ وطلبۂ قانون اور قانون سے دلچسپی رکھنے والے دیگر افراد کو جمع کر سکے، موجود نہ تھا۔

آخر بزم قانون کی تحریک پر جامعۂ عثمانیہ نے ایک کل ہند کانفرنس قانون کا اولین اجتماع حیدرآباد میں طلب کرنا منظور فرمایا۔ یہ اسی کی روئداد ہے جسے کاغذ کی نایابی کے باعث مختصر سے مختصر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

سرپرستی | حضرت جلالت مآب سلطان العلوم تاجدار دکن نے براحم خسروانہ اس کانفرنس کی سرپرستی فرمائی اور کانفرنس کو اپنے ولولہ انگیز پیام شاہانہ سے سرفراز فرمایا۔

افتتاح | ہز اکسلنسی فضیلت مآب نواب صدر اعظم و امیر جامعۂ عثمانیہ نے کانفرنس کا افتتاح فرماتے ہوئے پیام شاہانہ پہنچانے کی سعادت حاصل فرمائی۔

استقبال | معزز صدر المہام بہادر عدالت و امور مذہبی نے خطبۂ استقبالیہ ارشاد فرمایا۔

نمائش قانون | معزز صدر المہام بہادر تعلیمات نے نمائش قانون کا افتتاح فرمایا جس کا خطبۂ استقبالیہ آنریبل راجہ میر مجلس بہادر عدالت عالیہ نے ارشاد فرمایا۔ جو حصہ انگریزی میں شائع ہوا ہے

دعوت وضیافت | کانفرنس کی دعوتیں صدر استقبالیہ معزز صدر المہام عدالت اور نائب صدر استقبالیہ جناب معین امیر جامعہ عثمانیہ کے نام سے جاری ہوئیں۔

کانفرنس کے ارکان کو ہز اکسلنسی صدر اعظم بہادر نے ایک عصرانے پر قصر صدارت میں مدعو فرمایا۔ مولوی عبدالواحد اویسی صاحب صدر انجمن وکلا حیدرآباد نے بھی ایک ضیافت فرمائی۔

انتظامات | تمام معزز مہمان جو بیرون سے آئے تھے سرکاری مہمان رہے۔ کانفرنس کے انتظامات مختلف کمیٹیوں کے سپرد کئے گئے جن کے ارکان کی تفصیل یہ ہے:۔

مجلس تنفیذی | ڈاکٹر ناظر یار جنگ

پروفیسر حسین علی مرزا

ڈاکٹر محمد حمید اللہ (خازن)

شیخ حیدر (معتمد مقامی)

مجلس انتظامات عمومی | علاوہ مجلس تنفیذی کے جس کا تقرر جامعہ کی طرف سے عمل میں آیا تھا:۔

۱۔ راجہ بہادر پنڈت بشیشر ناتھ واگھرے۔

۲۔ نواب علی یاور جنگ بہادر

۳۔ نواب میر اکبر علی خاں

۴۔ دیوان بہادر آر وامدو اینگار

۵۔ مولوی محمد عبدالرؤف

۶۔ مولوی رشید صدیق حسین

۷۔ مولوی محمد ابوالخیر

۸۔ مولوی خواجہ محمد احمد

۹۔ مولوی محمد غوث

۱۰۔ پنڈت سوریا نارائن راؤ۔

۱۱۔ مولوی لطیف احمد فاروقی

۱۲۔ مولوی غلام احمد خاں

۱۳۔ ڈاکٹر میر سیادت علی خاں

مجلس تدوین و اشاعت | مولوی محمد عبدالروف (صدر)

مولوی ابو العارف

مولوی رشید صدیق حسین

مجلس فراہمی چندہ | مولوی محمد عبدالروف (داعی)

نواب میر اکبر علی خاں

مولوی ابوالخیر

مولوی میر غلام حسن علی

مولوی بشیر الدین

مجلس مالی | مجلس تنفیذی ہی یہ کام انجام دیتی رہی۔

مجلس استقبال مہمانان | مولوی لطیف احمد فاروقی (صدر)

مولوی غلام احمد خاں

مولوی مستنصر علی

رضا کار صاحبان (طلبۂ قانون)

مجلس نمائش | مولوی خواجہ محمد احمد (داعی)

مولوی محمد غوث

مولوی قطب الدین

پنڈت سوریا نارائن

پنڈت راگھویندر راؤ بھساری

مولوی سید علی

مجلس رضاکاران | مولوی محمد عبدالستار (صدر رضاکار)

مولوی سعادت اللہ احسن حسینی (نائب صدر رضاکار)

معاون و ہمدرد | جو محترم اصحاب خود کو نمایاں کئے بغیر کانفرنس کے لئے بے انتہا امداد فرماتے رہے ان میں سب سے پہلے معتمد تعلیمات و عدالت و امور عامہ و امور دستوری (نواب علی یاور جنگ بہادر) ہیں جن کی بروقت بلکہ ہر وقت کی امداد کے بغیر کانفرنس کا انعقاد ہی ناممکن ہوتا۔
دوسرے نواب میر اکبر علی خاں صاحب بیرسٹر ہیں جن کی رہنمائی و کارفرمائی سے قدم قدم پر کانفرنس متمتع ہوتی رہی۔ نیز مولوی عبداللہ باشا صاحب کی فیاضانہ امداد کے بھی ہم ممنون احسان ہیں۔ ہم انجمن طیلسانیین جامعہ عثمانیہ کے بھی نہایت ممنون ہیں کہ اس کا دفتر، ہماری کانفرنس کا دفتر بنا رہا اور دیگر ہر طرح کی سہولتیں حاصل رہیں۔

نشریات | کانفرنس کے اہتمام سے ایک مختصر لیکن جامع و باتصویر انگریزی رسالہ "قانون اور انصاف حیدرآباد میں" شائع کرکے جملہ مہمانوں میں تقسیم کیا گیا۔ یہ ہمارے سابق میر مجلس عدالت عالیہ آنریبل نواب مرزا یار جنگ بہادر کے ایک قابلانہ نوٹ پر مبنی تھا اور حیدرآباد کے قانون اور عدل گستری کی تاریخ پر مفید معلومات کا حامل تھا اور اب بھی بزم قانون جامعہ عثمانیہ سے بقیمت مل سکتا ہے۔
روزنامہ رہبر دکن حیدرآباد نے دوران کانفرنس میں ایک خصوصی نمبر شائع کیا جس میں حسب ذیل مضامین تھے اور بہت دلچسپی سے پڑھے گئے تھے (یہ بھی بزم قانون جامعہ عثمانیہ سے بہ قیمت مل سکتا ہے)

۱۔ عدالت اور قانون حیدرآباد از محمد مظہر صاحب معتمد حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس
۲۔ حیدرآباد اور قانون۔ از خصوصی مقالہ نگار۔
۳۔ دکن کے خدمات قانونی۔ از ش۔ ر
۴۔ ہندو قانون کی تدوین میں دکن کا حصہ۔ از شیخ حید صاحب معتمد مقامی کل ہند کانفرنس قانون۔

کانفرنس کے موقع پر خود بزم قانون جامعہ عثمانیہ نے اپنی اکیس سالہ سرگذشت "تذکرۂ شعبۂ قانون" کے نام سے مرتب کی (اور اسی سے بقیمت مل سکتی ہے) اس میں حیدرآباد کی تاریخ عدل گستری و تعلیم قانون پر جامع تبصرہ ہے اور جامعۂ عثمانیہ کے شعبۂ قانون کے متعلق وہ حسب ذیل معلومات کی حامل ہے :-

۱- حالات اساتذۂ شعبہ

۲- حالات میرانِ شعبہ

۳- جملہ اعزازی طیلسانیئن قانون (جامعۂ عثمانیہ)

۴- جملہ ال ال ام عثمانیہ کے حالات

۵- جملہ ال ال بی عثمانیہ کے حالات

۶- بزم قانون کی بیس سالہ سرگذشت

کانفرنس کے لئے پانچ اعلامیے تمام ہندوستان میں اردو اور انگریزی میں شائع کر دئے گئے تھے۔ اب پہلے اجلاس کی روئداد شائع کی جارہی ہے (جو دفتر کانفرنس قانون جامعۂ عثمانیہ سے مل سکتی ہے)

آمد خرچ | ابھی حسابات کی باقاعدہ تنقیح نہیں ہوئی ہے اور نہ آخری مدوار تقسیم۔ بہرحال آمد و خرچ کا خلاصہ یہ ہے :-

آمدنی	روپے	خرچ	روپے
۱- عطیۂ نواب امیر جامعہ	۱۰۰۰	مصارف طباعت روئداد ہذا	؟
۲- عطیۂ صدر المہام تعلیمات	۱۰۰۰	دورہ فراہمی چندہ	۱۲۶
۳- عطیۂ صدر المہام عدالت و مذہبی	۱۰۰۰	حمل و نقل	۲۹۹
۴- عطایا و فیس رکنیت	۵،۰۳۲	طباعت	۱۲۴۱
۵- مبادلہ از بزم قانون [illegible]	۱۲۵	تنخواہ ملازمین	۲۷۰

مولوی سید علی

مجلس رضاکاران مولوی محمد عبدالستار (صدر رضاکار)

مولوی سعادت اللہ حسینی (نائب صدر رضاکار)

معاون و ہمدرد جو محترم اصحاب خود کو نمایاں کئے بغیر کانفرنس کے لئے بے انتہا امداد فرماتے رہے ان میں سب سے پہلے معتمد تعلیمات و عدالت و امور عامہ و امور دستوری (نواب علی یاور جنگ بہادر) ہیں جن کی بروقت بلکہ ہر وقت کی امداد کے بغیر کانفرنس کا انعقاد ہی ناممکن ہوتا۔

دوسرے نواب میر اکبر علی خاں صاحب بیرسٹر ہیں جن کی رہنمائی و کار فرمائی سے قدم قدم پر کانفرنس متمتع ہوتی رہی۔ نیز مولوی عبداللہ پاشا صاحب کی فیاضانہ امداد کے بھی ہم ممنون احسان ہیں۔ ہم انجمن طیلسانیین جامعہ عثمانیہ کے بھی نہایت ممنون ہیں کہ اس کا دفتر، ہماری کانفرنس کا دفتر بنا رہا اور دیگر ہر طرح کی سہولتیں حاصل رہیں۔

نشریات کانفرنس کے اہتمام سے ایک مختصر لیکن جامع و باتصویر انگریزی رسالہ "قانون اور انصاف حیدرآباد میں" شائع کر کے جملہ مہمانوں میں تقسیم کیا گیا۔ یہ ہمارے سابق میر مجلس عدالت عالیہ آنریبل نواب مرزا یار جنگ بہادر کے ایک قابلانہ نوٹ پر مبنی تھا اور حیدرآباد کے قانون اور عدل گستری کی تاریخ پر مفید معلومات کا حامل تھا اور اب بھی بزم قانون جامعہ عثمانیہ سے بقیمت مل سکتا ہے۔

روزنامہ رہبر دکن حیدرآباد نے دوران کانفرنس میں ایک خصوصی نمبر شایع کیا جس میں حسب ذیل مضامین تھے اور بہت دلچسپی سے پڑھے گئے تھے (یہ بھی بزم قانون جامعہ عثمانیہ سے بہ قیمت مل سکتا ہے)

۱۔ عدالت اور قانونِ حیدرآباد از محمد مظہر صاحب معتمد حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس

۲۔ حیدرآباد اور قانون۔ از خصوصی مقالہ نگار۔

۳۔ دکن کے خدمات قانونی۔ از ش۔ ر

۴۔ ہندو قانون کی تدوین میں دکن کا حصہ۔ از شیخ حید صاحب معتمد مقامی کل ہند کانفرنس قانون۔

کانفرنس کے موقع پر خود بزم قانون جامعہ عثمانیہ نے اپنی اکیس سالہ سرگذشت "تذکرۂ شعبۂ قانون" کے نام سے مرتب کی (اور اسی سے بقیمت مل سکتی ہے) اس میں حیدرآباد کی تاریخ عدل گستری و تعلیم قانون پر جامع تبصرہ ہے اور جامعۂ عثمانیہ کے شعبۂ قانون کے متعلق وہ حسب ذیل معلومات کی حامل ہے :۔

۱۔ حالات اساتذۂ شعبہ

۲۔ حالات میرانِ شعبہ

۳۔ جملہ اعزازی طیلسانیین قانون (جامعۂ عثمانیہ)

۴۔ جملہ ال ال ام عثمانیہ کے حالات

۵۔ جملہ ال ال بی عثمانیہ کے حالات

۶۔ بزم قانون کی بیس سالہ سرگذشت

کانفرنس کے لئے پانچ اعلامیے تمام ہندوستان میں اردو اور انگریزی میں شائع کئے گئے تھے۔ اب پہلے اجلاس کی روئداد شائع کی جارہی ہے (جو دفتر کانفرنس قانون جامعۂ عثمانیہ سے مل سکتی ہے)

آمد خرچ | ابھی حسابات کی باقاعدہ تنقیح نہیں ہوئی ہے اور نہ آخری مدوار تقسیم۔ بہرحال آمد و خرچ کا خلاصہ یہ ہے :۔

آمدنی	روپے	خرچ	روپے
۱۔ عطیۂ نواب امیر جامعہ	۱،۰۰۰	مصارف طباعت روئداد ہذا	؟
۲۔ عطیۂ صدر المہام تعلیمات	۱،۰۰۰	دورہ فراہمی چندہ	۱۲۶
۳۔ عطیہ صدر المہام عدالت و مذہبی	۱،۰۰۰	حمل و نقل	۲۹۹
۴۔ عطایا و فیس رکنیت	۵،۰۳۲	طباعت	۱۲۴۱
۵۔ مبادلہ از بزم قانون برائے آغاز انتظامات	۱۲۵	تنخواہ ملازمین	۲۷۰

	روپے
۶۔ خریدی نشریات کانفرنس از محکمہ اطلاعات	۵۰۰
۷۔ متفرق	۲۰۹
جملہ	۸۸۶۶

	روپے
بھتہ رضا کاران	۳۱۶
نمائش قانون	۷۰۰
جلسہ گاہ کانفرنس	۶۳۹
خرچ قیام مہمانان	۳۳۳
صادر	۵۱۶
متفرق	۱۰۱۹
حوالہ جامعہ برائے ظہرانہ	۱۰۰۰
واپس بزم قانون	۱۲۵
وصول طلب	۱۱۱
جملہ	۶۶۹۵
نقد یا بنک میں	۲۱۷۱
میزان	۸۸۶۶

کانفرنس کا مستقل دفتر شعبۂ قانون جامعۂ عثمانیہ میں قائم کیا گیا ہے جس کے متوالی اخراجات اس رقم سے (نیز آیندہ کانفرنسوں کی بچت سے) ہوتے رہیں گے۔

ارکان و معطیان کانفرنس کے معطیوں اور ارکان کی طبقہ وار فہرست حسب ذیل ہے:۔

(ملاحظہ ہو حصۂ انگریزی بر موقع)

دستور کانفرنس کی اولین تجویز کے ساتھ مقامی قانون دوست معززین کے ایک نمائندہ اجتماع کو دعوت دی گئی تھی۔ اس نے اپنے آپ کو مجلس موسسین کانفرنس میں مبدل کرلیا اور ایک اساسی دستور منظور کیا کہ اس میں خود کانفرنس کی جانب سے آئندہ ترمیم ہونے تک اس پر عمل کیا جاتا رہے۔ وہ دستور اساسی یہ ہے:۔

اساسی قواعد ضوابط

کل ہند کانفرنس قانون

(منظورہ مجلس موسسین کانفرنس)

نام | دفعہ ۱ ۔ اس ادارہ کا نام کل ہند کانفرنس قانون (آل انڈیا لا کانفرنس) ہوگا۔

مقصد | دفعہ ۲ ۔ اس کا مقصد ہوگا کہ (۱ لف) قانونیات سے دلچسپی رکھنے والوں کو تماس کے ذریعے سے باہمی افادے اور استفادے کا موقع فراہم کیا جائے۔

(ب) قانونیات کی ترقی کے ممکنہ وسائل اختیار کئے جائیں۔

دفتر | دفعہ ۳ ۔ اس کانفرنس کا مستقل دفتر بزم قانون جامعہ عثمانیہ (لا یونین عثمانیہ یونیورسٹی) کے ہاں قایم ہوگا جو ایک مجلس عاملہ (ورکنگ کمیٹی) کی نگرانی میں کاروبار انجام دیگا۔

